سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیرت طیبہ پر مختصر
آسان فہم اور
محبت بھری کاوش

علامہ غلام حسین عاصم ماتریدی

فیض رضا پبلی کیشنز
جامعہ قادریہ رضویہ مصطفی آباد
سرگودھا روڈ ۔ فیصل آباد

سیرت طیبہ پر مختصر، آسان فہم اور محبت بھری کاوش

سیرت خاتم النبیین

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

تالیف

علامہ غلام حسین عاصم ماتریدی

فیض رضا پبلی کیشنز

جامعہ قادریہ رضویہ مصطفیٰ آباد سرگودھا روڈ فیصل آباد

Marfat.com

11246

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ..... سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

تالیف ..... علامہ غلام حسین عاصم ماتریدی مَدَّ ظِلُّہٗ

کمپوزنگ ..... عزیزہ راشدہ اختر سَلَّمَہَا اللّٰہُ تَعَالٰی

پروف ریڈنگ ..... مولانا محمد ریاض احمد سعیدی

باہتمام ..... صاحبزادہ غلام مصطفیٰ سَلَّمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

معاونین ..... محمد عمران، غلام رسول سَلَّمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی

سال طباعت 2006

صفحات 240

قیمت .....

ملنے کے پتے

مکتبۃ المصطفیٰ ..... 8 کاسل سٹریٹ (BB9 5HN) برائر فیلڈ، لنکاشائر۔ انگلینڈ

شہباز احمد ..... والٹر سٹریٹ نیوز ایجنٹ برائر فیلڈ، لنکاشائر۔ انگلینڈ

طارق قریشی بک سینٹر ..... ایکسپریس روڈ، بریڈفورڈ۔ انگلینڈ

مکتبہ اسلامیہ ..... مصطفیٰ منزل، ۸۵ بی بلاک کشمیر کالونی، جہلم۔ پاکستان

فیض رضا پبلی کیشنز ..... جامعہ قادریہ رضویہ مصطفیٰ آباد سرگودھا روڈ فیصل آباد

Ph 0092-41-8860777-8848670

www.jamiaqadria.net

e-mail:info@jamiaqadria.net

Marfat.com

صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی ذخیرہ لاہور پاکستان

اِبْتِدَائِیَّہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے سید المرسلین، خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، سرور کائنات آفتاب نبوت، محسن انسانیت، سید دو عالم حبیب رب کائنات، نبی مکرم، رسول معظم، محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ، سیرت مقدسہ اور زندگی پاک کی قسم یاد فرمائی ہے۔ چنانچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ لَعَمْرُکَ اِنَّھُمْ لَفِیْ سَکْرَتِھِمْ یَعْمَھُوْنَ ﴾ الحجر ۱۵:۷۲

ترجمہ: (اے محبوب) آپ کی جان کی قسم بیشک وہ (کفار مکہ بھی قوم لوط کی طرح) اپنے نشے میں مدہوش ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا فرماتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی جتنی مخلوق پیدا کی ہے ان میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ بزرگ کوئی نہیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کی حیات کے سوا کسی کی حیات کی قسم نہیں یاد فرمائی۔ [تفسیر ابن کثیر ٤:١٩٦٣]

اس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتکریم کو ظاہر کیا گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی 63 سالہ دنیاوی زندگی اور حیات کے تین دور ہیں۔ چنانچہ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم 40 برس کی عمر شریف میں مبعوث ہوئے۔ 13 سال تک مکہ شریف میں قیام پذیر رہے، اس دوران آپ پر نزول وحی ہوتا رہا۔ پھر مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی اور دار ہجرت مدینہ شریف

Marfat.com

میں 10 سال تک تبلیغ فرماتے رہے اور 63 سال کی عمر شریف میں آپ ﷺ نے اس دنیا سے وصال فرمایا۔

نبی کریم ﷺ کی یہ وہ پاکیزہ زندگی اور حیات طیبہ ہے جس کی اللہ ﷻ نے قسم فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق سے کسی کی حیات کی قسم نہیں فرمائی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ تمام مخلوقات سے افضل ترین ہیں اور یہی حیاتِ مصطفیٰ ﷺ اور سیرتِ رسول کریم ﷺ مسلمانوں کے لئے مشعل راہ ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی اس حیات پاک کے 3 دور ہیں۔

(1) ولادت باسعادت سے لے کر اعلان نبوت تک،

(2) اعلان نبوت سے لے کر ہجرت تک،

(3) اور مدنی زندگی کے دس سال۔

اس کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ خلاصہ کے طور پر بالترتیب تینوں ادوار کا ذکر کیا جائے، تاکہ حیات رسول ﷺ سمجھنے میں آسانی ہو۔

آپ ﷺ کے ذکر خیر کے متعدد عنوانات اور موضوعات ہیں، مثلاً خلقت، ولادت، بعثت، سیرت، شمائل، دلائل نبوت، معجزات، خصائص وفضائل، تعلیمات رسول ﷺ اور وصال وغیرہ۔ علماء کرام نے ان موضوعات پر مستقل کتابیں لکھی ہیں اور بعض علماء نے ان تمام چیزوں کو ایک کتاب میں بھی جمع کرنے کی سعی مشکور فرمائی ہے (اللہ ﷻ ان کی قبروں پر رحمتوں کا نزول فرمائے) اہل علم حضرات ان سے استفادہ کر کے ایمان تازہ کرتے رہتے ہیں۔

میں تو ہرگز اس قابل نہیں ہوں کہ نبی مکرم ﷺ کی شان میں کچھ تحریر کروں۔ میری

Marfat.com

عقل، میرا علم اور میری استعداد نہایت کمزور ہے۔ صرف محبت رسول ﷺ کی ایک چنگاری دل میں دہکتی رہتی ہے جو مجھے اس کوچۂ محبت میں کھینچ لائی ہے۔ میری تحریر عام مسلمانوں کے لئے ہے کیونکہ اس کا انداز نہایت سادہ اور عام فہم ہے اور میری دلی تمنا تھی کہ میں گلدستہ عقیدت بنا کر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کروں اس امید پر کہ میری نجات کا ذریعہ بن جائے۔

گو قابل سرکار نہیں تحفہ ہمارا
شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بارگاہ میں نہایت خلوص سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس نامکمل سعی کو قبول فرما کر میری دنیا اور آخرت بہتر فرمائے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ عزیزم غلام مصطفیٰ سَلَّمَهُ اللّٰه کو درازیٔ عمر، سکون قلب اور دینی و دنیاوی سب کاموں میں کامیابی عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ میری عزیزہ بیٹی کو بھی ہر شر سے محفوظ فرمائے اور ہر طرح سے کامیابی اور کامرانی نصیب فرمائے کہ یہ دونوں میرے اس نیک کام میں ہر وقت مدد کرتے رہتے ہیں۔

میں حضرت علامہ مولانا محمد ریاض احمد سعیدی زِیْدَ مَجْدُهٗ (مدرس جامع مسجد سلطانیہ، برائر فیلڈ۔ انگلینڈ) کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود قیمتی نکال کر نہ صرف میری حوصلہ افزائی کی بلکہ عربی اردو عبارات کو بڑے احسن طریقہ سے درست کر کے نہایت خوبصورت بنا دیا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ حضرت مولانا صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے، علم و عمل، ایمان اور عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور دیگر معاونین حضرات کو بھی سلامتی عطا فرمائے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کی اس مخلصانہ کاوش کو قبول فرمائے اور فیض رضا پبلی کیشنز کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا

Marfat.com

فرمائے جنہوں نے سیرت طیبہ کی اس کاوش کو شائع فرما کر محبت رسول ﷺ کا ثبوت دیا۔

بالخصوص عزیزم محمد شاہد اور عزیزم محمد یاسر سَلَّمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰی کے لئے بھی تہہ دل سے شکریہ اور دعا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کی اشاعت کے لئے بندوبست کیا اور جن کی مساعی جمیلہ سے یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم و عمل میں برکتیں عطا فرمائے، انہیں استقامت اور دین و دنیا کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے اور نبی کریم ﷺ کی سنتوں پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ امید ہے کہ آپ مؤلف، مُصَحِّح اور ناشرین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

دعا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے میری دوسری کتب کی طرح اس کتاب کو بھی شرف قبولیت عطا فرمائے اور سب کے لئے فائدہ مند بنائے۔

آمِیْن یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم.

بندہ مسکین و عاجز غلام حسین ماتریدی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

باب اوّل:

فضائل رسول ﷺ

نبوت کب عطا ہوئی؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ!

مَتٰی وَجَبَتْ لَکَ النُّبُوَّةُ؟ قَالَ: وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

الجامع الترمذی، ابواب المناقب حدیث، ۳۸۵۲

آپ کو نبوت کب ملی؟ فرمایا: اس وقت جبکہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی روح وجسم کے درمیان تھے یعنی ان میں روح نہیں پھونکی گئی تھی۔

علامہ شہاب الدین خفاجی رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی شرح میں فرماتے ہیں:

وَلَیْسَ الْمَعْنٰی اَنَّهٗ کَانَ نَبِیًّا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ کَمَا قِیْلَ، لِاَنَّهٗ لَایُخْتَصُّ بِهٖ، بَلْ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ رُوْحَهٗ قَبْلَ سَائِرِ الْاَرْوَاحِ، وَخَلَعَ عَلَیْهَا خِلْعَةَ التَّشْرِیْفِ بِالنُّبُوَّةِ اِعْلَامًا لِلْمَلَاءِ الْاَعْلٰی بِهٖ، وَاِذَا کَانَتِ النُّبُوَّةُ صِفَةً لِّرُوْحِهٖ عُلِمَ اَنَّهٗ ﷺ بَعْدَ مَوْتِهٖ نَبِیٌّ رَسُوْلٌ، وَلَا یَضُرُّ اِنْقِطَاعُ الْاَحْکَامِ وَالْوَحْیِ.

نسیم الریاض فی شرح الشفاء، القسم الاول، الباب الثالث، الفصل الاول ۳:۹

اور اس حدیث کا یہ معنی نہیں کہ آپ صرف اللہ تعالیٰ کے علم میں نبی تھے جیسا کہ کہا گیا ہے۔ اگر ایسا ہی ہو تو پھر آپ کی کوئی تخصیص نہیں ہوگی (کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں تو

Marfat.com

سارے نبی تھے) بلکہ (اس کا معنی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تمام ارواح سے پہلے آپ کی روح کو پیدا کیا اور اس کو نبوت کی خلعت سے مشرف فرمایا۔ ملاء اعلیٰ کو بتلانے کے لئے اور جبکہ نبوت آپ کی روح کی صفت ہے۔ معلوم ہوا کہ آپ وفات کے بعد بھی نبی اور رسول ہیں اور وحی اور احکام کا منقطع ہونا اس میں مضر نہیں۔ (کیونکہ آپ کا دین مکمل ہو چکا ہے)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

مراد اظہار نبوت اوست صلی اللہ علیہ وسلم پیش از وجود عنصری در ملائکہ وارواح۔ (اشعۃ اللمعات ٤:)

کیا روح محمدی کو نبوت عطا کی گئی؟

ملا علی قاری رحمہ اللہ الباری، اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

وَ مِنْہُ قَوْلُہٗ: " اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ" وَ فِیْ رِوَایَۃٍ: "رُوْحِیْ" وَ مَعْنَاھُمَا وَاحِدٌ، فَاِنَّ الْاَرْوَاحَ نُوْرَانِیَّۃٌ ،اَیْ اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ مِنَ الْاَرْوَاحِ رُوْحِی

مرقاۃ المفاتیح کتاب الایمان ، باب الایمان بالقدر ۱: ۲۷۰ ، حدیث ۹۴

آپ کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میری روح کو پیدا فرمایا۔ تو دونوں کا معنی ایک ہی ہے کیونکہ روحیں نورانی ہوتی ہیں۔ یعنی نور سے مراد روح پاک ہے اور سب روحوں سے اول روح محمدی کو پیدا کیا گیا اور اسی کو نبوت عطا کی گئی۔

علامہ یوسف نبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ شیخ ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب فتوحات مکیہ کے بارہویں باب کے حوالہ سے تحریر فرماتے ہیں:

کہ سب سے اول روح محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق ہوئی ہے پھر اسی روح محمدی کو نبوت عطا

Marfat.com

کی گئی تھی تو اس وقت حضرت آدم علیہ السلام پیدا بھی نہیں ہوئے تھے۔ (جواھر البحار)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وبعضے عرفاء گفتہ اند کہ روح شریفہ وی صلی اللہ علیہ وسلم نبی بود در عالم ارواح کہ تربیت ارواح می کرد چنانچہ دریں عالم بہ جسد شریف مربی اجساد بودو بہ تحقیق ثابت شدہ خلق ارواح قبل اجساد۔ (اشعة اللمعات ٤:٤٧٥)

اور بعض عرفاء نے فرمایا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح شریفہ عالم ارواح میں نبی تھی اور دوسری روحوں کی تربیت کرتی تھی جیسے دنیا میں آپ کا جسم پاک تمام اجسام کے لئے مربی و مصلح ہے اور بلاشبہ یہ ثابت ہے کہ روحیں تمام جسموں سے پہلے پیدا ہوئی ہیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

علامہ غلام رسول سعیدی صاحب علماء کے نظریات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

تاہم اگر یہ کہا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح سب سے پہلے پیدا کی گئی اور جب آپ کی ولادت ہوئی تو آپ کا جسم پیدا کیا گیا تو یہ ظاہر قرآن اور حدیث کے اور عام اصول فطرت کے مطابق ہے۔ (شرح مسلم ٥:٢٠٥)

حضرت میسرہ فجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا:

مَتٰی کُنْتَ نَبِیًّا ؟ قَالَ: وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

آپ کو کب نبوت عطا کی گئی؟ فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام روح و جسم کے درمیان تھے

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

اِسْنَادُہٗ جَیِّدٌ اَیْضًا کہ اس کی سند بھی عمدہ ہے۔

ان روایات اور اقوال سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو عالم ارواح میں مرتبہ نبوت عطا کیا گیا تھا اس کا اعلان فرشتوں میں بھی کر دیا گیا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی

Marfat.com

اس کا اظہار فرمایا۔ یہ نہیں کہ چالیس سال کے بعد نبی بنائے گئے۔ بلکہ چالیس سال کے بعد اعلان نبوت ورسالت کیا گیا ہے۔ کیونکہ عطاء نبوت اور چیز ہے اور اعلان نبوت ورسالت اور۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

ایک شبہ اور اس کا ازالہ

اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿.....مَا كُنْتَ تَدْرِىْ مَاالْكِتٰبُ وَ لَاالْاِيْمَانُ.....﴾ الشوری ۴۲:۵۲

نہ آپ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ کہ ایمان (کی تفصیل) کیا ہے۔

نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ.....﴾

القصص ۲۸:۸۶

اور آپ امید نہ رکھتے تھے کہ آپ کی طرف کتاب اتاری جائے گی مگر آپ کے رب کی رحمت سے۔

سورہ شوری کی آیت کا مطلب یہ ہے کہ آپ شریعت اور ایمان کے تفصیلی مسائل واحکام کو نہیں جانتے تھے۔ بالکل عدم عرفان اور علم ایمان کی نفی ہرگز نہیں کی گئی اور نہ اجمالی علم کی نفی ہے بلکہ قیاس واندازہ سے جاننے کی نفی کی گئی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیاس واندازہ سے نہیں جانتے تھے بلکہ اللہ کے بتانے سے جانتے تھے۔

دوسری آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی مہربانی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نزول کتاب کی امید تھی اور اس امید کی نفی کی گئی ہے جو اللہ کی رحمت کے بغیر ہو۔ شق صدر کا ہونا، فرشتوں کا سامنے نظر آنا، بحیرہ راہب کا خبریں دینا اور پتھروں کا سلام کرنا کیا یہ اس بات کی دلیل نہیں

Marfat.com

ہے کہ آپ ﷺ کو علم تھا کہ میں نبی ہوں۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام پیدا ہوتے ہی اپنی نبوت کا اعلان فرماتے ہیں جو ان کو عطا کی گئی تھی۔ حضرت یحی علیہ السلام کو بچپن ہی میں نبوت عطا کی گئی تو نبی ﷺ کو بھی عطائے نبوت کا علم دیا گیا تھا۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا میں اس وقت بھی نبی تھا کہ ابھی حضرت آدم علیہ السلام پیدا نہیں ہوئے تھے۔

بشارتیں:

امام محمد بن اسحاق رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فرماتے ہیں:

کہ علماء یہود، رہبان نصاری اور کاہنانِ عرب، رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے قبل آپ کے متعلق ذکر کیا کرتے تھے کیونکہ ان کی کتابوں میں نبی ﷺ کی صفات اور علامات مذکور تھیں۔ اسی طرح انبیاء کرام بھی اپنے اپنے وقتوں میں نبی ﷺ کی تشریف آوری کی خوشخبری دیا کرتے تھے اور سب نبیوں سے عہد میثاق بھی لیا گیا تھا۔

چنانچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ط قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ط قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۞﴾

[آل عمران ۳ : ۸۱]

اور (اے محبوب یاد کیجئے) جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا کہ جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر آئے تمہارے پاس (عظمت والا) رسول تصدیق کرنے والا اس چیز کی جو تمہارے ساتھ ہو تو ضرور ضرور تم اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا۔ فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری عہد قبول کیا؟ سب نے کہا ہم نے اقرار کیا۔ فرمایا

Marfat.com

پس گواہ رہنا اور میں خود تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر خانہ کعبہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے لئے یوں دعا مانگی:

﴿ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴾ البقرہ ۲:۱۲۹

اے ہمارے رب اور ان میں ایک (عظمت والا) رسول بھیج انہی میں سے کہ ان پر تیری آیتیں پڑھے اور انہیں قرآن اور حکمت سکھائے اور انہیں پاک کرے بیشک تو ہی بڑا غالب ہے بہت حکمت والا۔

وَ قَدْ اَجَابَ اللّٰهُ دُعَائَهٗ بِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم. (الجلالین، البقرہ ۲: آیت ۱۲۹)

اور اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں قبول فرمایا۔

اسی طرح سب انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اپنی اپنی امتوں کو بشارتیں دیتے رہے اور دعائیں کرتے رہے۔

بشارت عیسیٰ علیہ السلام:

حتی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو بشارت دی۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿..... وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ يَّاْتِىْ مِنْ م بَعْدِى اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ..... ﴾ (الصف ۶۱:۶)

اور ایک (عظمت والے) رسول کی خوشخبری سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد ہے۔

Marfat.com

امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰہِ فِیْ اُمِّ الْکِتَابِ لَخَاتَمُ النَّبِیِّنَ، وَ اِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِیْنَتِہٖ وَسَاُنَبِّئُکُمْ بِتَاْوِیْلِ ذٰلِکَ دَعْوَۃِ اَبِیْ اِبْرَاھِیْمَ وَ بَشَارَۃِ عِیْسٰی قَوْمَہٗ وَ رُؤْیَا اُمِّیَ الَّتِیْ رَاَتْ اَنَّہٗ خَرَجَ مِنْھَا نُوْرٌ اَضَاءَ تْ لَہٗ قُصُوْرُ الشَّامِ وَ کَذٰلِکَ تَرٰی اُمَّھَاتُ النَّبِیِّنَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ .(مسند احمد ، ٤:١٥٩،حدیث١٧١٦٨)

بے شک میں ام الکتاب میں اللہ کا بندہ اور خاتم النبیین ہوں اور آدم علیہ السلام ابھی تک آب وگل میں تھے۔ میں آپ کو اس کے آغاز کی تفصیل بتاتا ہوں میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا، عیسٰی علیہ السلام کی اپنی قوم کو دی جانے والی بشارت اور اپنی والدہ (سیدہ) آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا وہ خواب (نظارہ) ہوں انہوں نے دیکھا کہ ان سے ایک نور نکلا جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔ اور اسی طرح پیغمبروں کی مائیں خوابیں دیکھا کرتی ہیں۔

یہود کا انتظار کرنا اور وسیلہ پکڑنا:

اور یہود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی خبریں دیتے تھے اور ان کے وسیلہ سے فتح ونصرت کی دعائیں مانگا کرتے تھے۔

چنانچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

﴿.....وَکَانُوْا مِنْ قَبْلُ یَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَی الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ج فَلَمَّا جَآءَ ھُمْ مَّا عَرَفُوْا کَفَرُوْا بِہٖ ز فَلَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکَافِرِیْنَ ۞﴾ (البقرہ٢:٨٩)

اور (یہود) اس سے پہلے (قرآن اور نبی آخرالزماں کے وسیلہ سے) کافروں پر فتح مانگتے تھے پھر جب وہ پہچانے ہوئے ان کے پاس تشریف لے آئے (تو) انہوں نے ان

Marfat.com

کے ساتھ کفر کیا پس اللہ کی لعنت ہے کافروں پر۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ خیبر کے یہود، غطفان سے برسر پیکار ہوتے تھے۔ جب یہود شکست و ہزیمت سے دوچار ہوتے تو یہ دعا کرتے:

اَللّٰھُمَّ نَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ وَعَدْتَنَا اَنْ تُخْرِجَهٗ لَنَا فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ اِلَّا نَصَرْتَنَا عَلَیْھِمْ . (سیرت ابن کثیر ۱:۲۹۲)

اے اللہ بحق نبی امی تجھ سے دعا کرتے ہیں جس کو آخری زمانہ میں مبعوث کرنے کا تو نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ ہمیں دشمنوں پر غلبہ اور فتح نصیب ہو۔

چنانچہ جب وہ یہ دعا پڑھ کر غطفان سے جنگ کرتے تو ان کو شکست سے دوچار کر دیتے۔ جب رسول اللہ مبعوث ہوئے تو انہوں نے انکار کر دیا۔ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ ..... ﴾ اور ان منکروں پر لعنت فرمائی۔

آسمانی خبروں کی حفاظت:

جب آپ کی بعثت کا زمانہ قریب آیا تو جنات و شیاطین کو آسمانی خبروں کے سننے سے روک دیا گیا۔ جن مقامات میں بیٹھ کر وہ سنا کرتے تھے ان پر ستاروں کے شعلے پھینکے گئے تو جنات و شیاطین سمجھ گئے کہ یہ انتظامات کسی واقعہ کا پیش خیمہ ہے۔ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے سورہ احقاف اور سورہ جن کی آیتیں نازل فرما کر بتا دیا کہ انہیں روکنے کی کیا حکمت ہے۔

احسان عظیم:

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں مگر سب نعمتوں سے بڑی نعمت جس کو نعمت عظمیٰ کہا جاتا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے بطور احسان فرمایا ہے:

Marfat.com

﴿.....وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًاج وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا.....﴾ال عمران ۳:۱۰۳

اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو۔ جب تم (آپس میں) دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کر دی تو تم اس کے فضل سے آپس میں بھائی بھائی ہو گئے۔ اور تم نار جہنم کے گڑھے کے کنارے تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچا دیا۔ یعنی رسول اللہ ﷺ کی وجہ سے تم کو دوزخ میں جانے سے بچا لیا۔

﴿لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞﴾

[ال عمران ۳: ۱٦٤]

بیشک اللہ نے بڑا احسان کیا ایمان والوں پر جب اس نے ان میں عظمت والا رسول بھیجا ان ہی میں سے، جو تلاوت کرتا ہے ان پر اس کی آیتیں اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور بیشک وہ اس سے پہلے ضرور کھلی گمراہی میں تھے۔

نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ق وَ اِنَّ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞﴾ [الجمعة ۲:٦۲]

وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہی میں سے (عظمت والے) رسول کو بھیجا وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتے ہیں اور انہیں پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں اور بیشک وہ لوگ (ایمان لانے سے) پہلے ضرور کھلی گمراہی میں تھے۔

Marfat.com

دعوت عامہ:

نبی کریم ﷺ رؤف ورحیم کسی خاص قوم یا ملک کے لئے رسول بنا کر نہیں بھیجے گئے بلکہ تمام عالمین کے لئے رسول بنائے گئے ہیں۔

چنانچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ..... ﴾ [لاعراف ۷:۱۵۸]

آپ فرمادیجئے! اے لوگو بیشک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۞ ﴾ فرقان ۲۵ : ۱

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے فیصلہ کرنے والی کتاب اپنے (مقدس) بندے پر اُتاری تا کہ وہ تمام جہانوں کے لئے ڈرانے والا ہو۔

اس آیت میں اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ آپ کی رسالت، انس وجن اور دیگر سب مخلوق کے لئے ہے۔

نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۞ ﴾ [الانبیاء ۲۱:۱۰۷]

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو (اے محبوب) مگر رحمت سارے جہانوں کے لئے۔

جس طرح اللہ سبحانہ وتعالیٰ رب العالمین ہے اسی طرح بعطاء الٰہی نبی ﷺ رحمۃ للعالمین ہیں۔

Marfat.com

باب دوم:

نسب شریف کی طہارت:

﴿لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۞﴾ [التوبہ ۹:۱۲۸]

بے شک تمہارے پاس ایک عظمت والے رسول تشریف لائے ان پر سخت گراں ہے تمہارا مشقت میں پڑنا بہت چاہنے والے ہیں تمہاری بھلائی کو، ایمان والوں پر نہایت مہربان بے حد رحم فرمانے والے ہیں۔

اس آیت میں رسول اللہ ﷺ کے نسب شریف کی بزرگی اور تشریف آوری کا ذکر کیا گیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت میں اَنْفُسِكُمْ کو فا کے زبر سے اَنْفَسِكُمْ پڑھا ہے اور فرمایا کہ میں تم سے حسب ونسب اور سسرال کے لحاظ سے بہتر اور زیادہ نفیس ہوں کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر میرے باپ داداؤں تک جو سلسلہ نسب ہے ان میں کوئی بدکار نہیں ہوا۔ ہم سب نکاح سے پیدا ہوئے ہیں۔

(الانوار المحمدیہ ۱۲)

چونکہ نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بتادیا تھا کہ آپ ﷺ کے آبائے کرام وامہات عظام میں کوئی بدکار نہیں ہوا۔ سب بدکاری کے عیبوں سے پاک ومحفوظ تھے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر کھڑے ہوکر فرمایا:

Marfat.com

میں کون ہوں؟

لوگوں نے عرض کیا: آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں آپ پر سلام ہو۔

فرمایا: میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں ﷺ

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ ،ثُمَّ جَعَلَھُمْ فِرْقَتَیْنِ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ فِرْقَةً، ثُمَّ جَعَلَھُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ قَبِیْلَةً ،ثُمَّ جَعَلَھُمْ بُیُوْتًا فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ بَیْتًا وَخَیْرِھِمْ نَفْسًا. (الجامع الترمذی ابواب المناقب ، ۳۸۵۰)

اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو مجھے ان میں سے اچھوں میں سے بنایا پھر ان اچھوں کی دو جماعتیں کیں تو مجھے اچھے فرقہ میں سے بنایا۔ پھر ان اچھوں کے قبیلے بنائے مجھے بہتر قبیلہ میں بنایا پھر ان اچھوں کے گھر (خاندان) بنائے تو مجھے اچھے گھر والوں (خاندان) میں بنایا تو میں ان سب میں اچھی ذات والا ہوں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بُعِثْتُ مِنْ خَیْرِ قُرُوْنِ بَنِیْ آدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰی کُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِیْ کُنْتُ مِنْهُ. (الصحیح البخاری کتاب المناقب ، ۳۵۵۷)

کہ میں اولاد آدم میں بہترین گروہ میں بھیجا گیا ہوں۔ یکے بعد دیگرے گروہ حتی کہ میں اس گروہ سے ظاہر ہوا جس میں پہلے سے تھا۔

اَلْقَرْنُ اَھْلُ کُلِّ زَمَانٍ..... (مزیل الخفاء عن الفاظ الشفاء ۸۹)

قرون قرن کی جمع ہے اس کے معنی اہل زمانہ کے ہیں.....۔

یعنی آپ اچھے خاندان والوں سے ہیں۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول ﷺ کو فرماتے سنا:

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی کِنَانَۃَ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِیْلَ وَاصْطَفٰی قُرَیْشًا مِنْ کِنَانَۃَ وَاصْطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِیْ هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ .

المسلم ،کتاب الفضائل ، باب فضل نسب النبی،٢٢٧٦

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اولاد اسمعیل میں سے بنی کنانہ کو چنا، کنانہ میں سے قریش کو منتخب فرمایا،قریش میں سے بنی ہاشم کو چنا اور مجھ کو بنی ہاشم میں سے چنا کہ میں ان سب سے برگزیدہ ہوں

قریش کی فضیلت:

قرآن کریم میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۞ ﴾ [القریش ١٠٦:١]

اس آیت میں قریش کا ذکر ان کے سفر کے حوالے سے کیا گیا ہے۔ یہ بھی خاندان قریش کی فضیلت کی دلیل ہے کیونکہ قریش کے علاوہ کسی خاندان کا نام قرآن میں نہیں آیا ہے نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید کو قریش کی زبان میں اتارا ہے۔

قریش کون ہیں؟

قریش کس کا نام اور لقب ہے؟۔اس میں اختلاف ہے۔بعض کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد کی دسویں پشت میں جناب فہر بن مالک ہوئے ہیں۔اکثر مؤرخین کے نزدیک ان (فہر) کا نام یا لقب قریش ہے۔اسی لئے ان کی اولاد کو قریش کہتے ہیں

وَ قُرَیْشٌ عَلٰی قَوْلِ اَکْثَرِ اَهْلِ النَّسَبِ هُمُ الَّذِیْنَ یَنْتَسِبُوْنَ اِلٰی فِهْرِ بْنِ مَالِکِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ کِنَانَۃَ. (الفصول :٦)

صاحب حدائق الانوار(ص٨٩) پر رقمطراز ہیں:

وَبُطُوْنُ قُرَیْشٍ هُمْ وُلْدُ نَضْرِبْنِ کِنَانَۃَ وَهُمْ قَوْمُهُ الَّذِیْنَ شَرَّفَهُمُ اللّٰهُ بِهٖ

Marfat.com

فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی

﴿ وَ اِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَ لِقَوْمِكَ ج..... ﴾ [الزخرف ٤٣:٤٤]

کہ بطون قریش نضر بن کنانہ ہیں اور یہ وہ رسول اللہ کا خاندان ہے جس کو اپنے اس قول میں شرف بخشا کہ ''اور یقیناً وہ (قرآن) ضرور (عظیم) شرف ہے آپ کے لئے اور آپ کی امت کے لئے''۔

بعض کہتے ہیں کہ فہر نام ہے اور قریش لقب ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ قریش نام ہے اور فہر لقب ہے اور ان کی اولاد کو قریشی کہتے ہیں اور جو شخص فہر کی اولاد سے نہ ہو ان کو کنانی کہتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ نضر بن کنانہ کی اولاد کا نام قریش ہے۔ (سیرت مصطفی)

بہر حال جو فہر کی اولاد سے ہے وہ نضر کی اولاد سے بھی ہے اس لئے کوئی خاص اختلاف نہیں ہے۔

قریش کی وجہ تسمیہ:

قریش قرش کی تصغیر ہے۔ اور قرش اس مچھلی کو کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانتوں سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے اور فہر کی اولاد کو قریش قوت و طاقت اور شجاعت کی وجہ سے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ کا قبیلہ جملہ قبائل سے طاقتور اور بہادر تھا۔ (ذکر حسین)

نسب نامہ شریف:

(سیدنا) اَبُو الْقَاسِمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَیِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَیْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْیَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَان. (الصحیح البخاری کتاب مناقب الانصار ،باب ٢٨ بعث النبی)

Marfat.com

سیدنا ابو القاسم محمد ﷺ بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

حضرت محمد ﷺ بن سیدہ آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرۃ بن کلاب بن مرہ

حضرت آمنہ کا نسب شریف رسول اللہ ﷺ کے جد امجد (یعنی کلاب بن مرہ) میں جا کر مل جاتا ہے۔ اور سیرت کی اکثر کتابوں میں نبی کریم ﷺ کا سلسلہ نسب شریف جناب عدنان تک ہی بیان کیا گیا ہے جیسا کہ امام بخاری نے نقل کیا ہے۔ مگر سیرت ابن ہشام میں ابو بکر محمد بن اسحاق متوفی ۱۸۱ھ کے حوالہ سے حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے لے کر حضرت آدم علیہ السلام تک تمام آباء کرام کے اسماء لکھے ہیں۔ عدنان سے حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہ السلام تک، پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے حضرت نوح علیہ السلام تک اور حضرت نوح علیہ السلام سے حضرت آدم علیہ السلام تک اختلاف ہے۔ اور اس میں کمی زیادتی بھی ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿.....وَ قُرُوْنًام بَیْنَ ذٰلِکَ کَثِیْرًا﴾ [الفرقان ۲۵:۳۸]

اور ان کے درمیان بہت سی قومیں۔

مگر وہ سلسلہ نسب جس کو امام بخاری نے بیان کیا ہے اس پر سب کا اتفاق ہے۔

نسبت رسول کی عظمت:

دنیا میں کوئی ایسا شخص اور کوئی ایسا بادشاہ نہیں ہوا اور نہ ہوگا جس کا شجرۂ نسب اس طرح تواریخ کے اوراق میں محفوظ ہو جس طرح کہ ہمارے رسول اللہ ﷺ کا شجرہ نسب تواریخ کے اوراق میں محفوظ رہا ہے اور اب بھی ہے بلکہ مسلمانوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ دراصل

Marfat.com

بات یہ ہے کہ جس کو ذات رسول ﷺ سے نسبت ہوگئی اس کا نام روشن ہو گیا اور نبی مکرم ﷺ کی نسبت سے ہی اس کو شرف اور بزرگی حاصل ہوگئی۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے:

انسانیت کو فخر ہوا تیری ذات سے
بے نور تھا خرد کا ستارہ تیرے بغیر

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پیدائش:

حضرت سید عالم ﷺ کے والد ماجد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کسری نوشیرواں کے زمانہ میں پیدا ہوئے تھے جبکہ اس کی حکومت کو چوبیس برس پورے ہو چکے تھے۔ آپ کی کنیت ابواحمد ہے۔ حضرت عبداللہ، ابوطالب کے حقیقی بھائی تھے۔ (تفہیم البخاری، ۵:)

جناب عبدالمطلب کی نذر:

جناب عبدالمطلب نے نذر مانی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دس بیٹے عطا فرمائے تو میں راہ خدا میں ایک بیٹے کی قربانی دوں گا۔ چنانچہ جب تمنا پوری ہوئی تو ایفاء عہد کے لئے قرعہ اندازی کی گئی۔ ہر بار قرعہ اندازی پر حضرت عبداللہ کا نام آتا تھا۔ مگر اس کے ساتھ آپ کی جان کو بچانے کے لئے رشتے دار ہر طرف سے کوشش کرتے تھے۔ آخر ان کے بدلہ میں سو اونٹ کی قربانی دی گئی اور آپ بچ گے۔ آپ حسن و جمال میں باکمال تھے۔ نور محمدی کی وجہ سے بہت سی عورتوں نے یہ خواہش کی کہ ہمیں ان کی زوجیت کا شرف حاصل ہو مگر وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہتا ہے۔

﴿..... اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ط..... ﴾ [الانعام ۶:۱۲۴]

اللہ اپنی رسالت رکھنے کی جگہ کو خوب جانتا ہے۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بھائی اور بہنیں:

بعض نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے 8 بھائی بتائے ہیں۔ بعض نے 10 اور بعض نے 11 کے نام لکھے ہیں۔ ان کے اسماء یہ ہیں:

(1) حارث (2) قثم (3) زبیر بن عبدالمطلب (4) ابو طالب، (اور ان کے چار بیٹے تھے طالب، عقیل، جعفر اور علی) (5) عبدالکعبہ (6) ابولہب (7) حجل (8) غیداق (9) حمزہ (10) حضرت عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا۔

ان میں سے حضرت حمزہ اور عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا نے اسلام قبول کیا تھا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بہنوں کے نام یہ ہیں۔

(1) صفیہ (2) عاتکہ (3) اروی (4) ام حکیم بیضاء (5) برہ (6) امیمہ۔

ان میں سے صرف حضرت صفیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ایمان لائیں۔ (سرور المحزون)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی شادی:

جناب عبدالمطلب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن عالب بن فہر کے پاس لے گئے۔ یہ وہب ان دنوں بنی زہرہ کے سردار اور نسب و شرف میں بزرگ مانے جاتے تھے۔ انہوں نے اپنی بیٹی حضرت آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا کی شادی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کر دی۔ قریش کی سب عورتوں میں حضرت آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا نسب و فضیلت میں افضل تھیں۔

شکم اطہر میں جلوہ گری کی برکتیں:

حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا شادی کے بعد پہلے ہی ہفتہ میں نور محمدی کی امانت دار بن گئی تھیں۔ سیرت ابن ہشام میں ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے شکم

Marfat.com

پاک میں جلوہ افروز ہوئے تو خود بیان فرماتی ہیں کہ میرے پاس خواب میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ اے آمنہ تم رسول ﷺ کے ساتھ حاملہ ہوئی ہو جو سردار عالم ہیں۔ جب وہ زمین پر قدم رنجہ فرمائیں تو یہ الفاظ کہنا اور ان کا نام محمد رکھنا:

اُعِیْذُہٗ بِالْوَاحِدِ مِنْ شَرِّ کُلِّ حَاسِدِ

یعنی میں اس مولود مسعود کو ذات واحد کی پناہ میں دیتی ہوں تا کہ ہر حاسد کے شر سے محفوظ رہے۔

حضرت آمنہ خاتون نے ایام حمل شریف میں دیکھا کہ ان کے اندر سے ایک نور نکلا جس کی روشنی میں ان کو شام اور بصری کے محل دکھائی دیئے۔ یہ نور تو خواب کی حالت میں دیکھا تھا مگر ولادت کے وقت بیداری کی حالت میں بھی نور دیکھا تھا جیسا کہ آئندہ آئے گا۔

ایک روایت میں ہے کہ قریش ان ایام میں نہایت تنگی اور سخت قحط سالی میں مبتلا تھے کہ یک لخت زمین سبز ہونے لگی اور درخت پھل دار ہو گئے۔ اس سال کا نام قریش نے سَنَۃُ الْفَتْحِ وَالْاِبْتِھَاجِ رکھا یعنی کامیابی اور مسرت و شادمانی کا سال۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی وفات:

اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۞ ﴾ [الضحی ۹۳:۶]

کیا اس نے آپ کو یتیم نہ پایا پھر آپ کو ٹھکانا دیا۔

جب سیدنا رسول اللہ ﷺ شکم مادر میں جلوہ گر ہوئے تو ابھی دو ماہ کے تھے کہ حضرت عبداللہ کو ان کے والد بزرگوار جناب عبدالمطلب نے مدینہ منورہ کھجوریں لانے کے لئے بھیجا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ قریش کے قافلہ میں شام کی طرف تجارت کے لئے تشریف لے گئے

Marfat.com

تھے اور واپسی پر مدینہ منورہ میں ایک ماہ بیمار رہنے کے بعد وفات پا گئے جبکہ آپ کی عمر 25 برس تھی۔ بعض مؤرخین تیس برس کا ذکر کرتے ہیں۔

حضرت آمنہ نے جب سنا تو انتہائی افسوس کرتے ہوئے یہ چند اشعار پڑے:

عَفَا جَانِبُ الْبَطْحَاءِ مِنْ آلِ هَاشِم جَاوَرَ اللَّحْدَ خَارِجًا فِی الْغَمَاغَمِ

دَعَتْهُ الْمَنَايَا دَعْوَةً فَاَجَابَهَا وَمَا تَرَكَتْ فِیْ النَّاسِ مِثْلَ ابْنِ هَاشِمِ

عَيْشَةَ رَاحُوْا يَحْمِلُوْنَ سَرِيْرَهٗ تَعَاوَرَهٗ اَصْحَابُهٗ فِی التَّذَاحُمِ

وَ اِنْ تَكُ غَالَتْهُ الْمَنَايَا وَ رَيْبُهَا فَقَدْ كَانَ مُعْطَاءً كَثِيْرًا التَّرَاحُمِ

آل ہاشم (عبداللہ) سے بطحا کی جانب خالی ہوگئی اور وہ قبر کے مجاور ہو گئے اپنے اہل کی جگہوں سے دور ہو گئے۔

عبداللہ کو موت نے بلا لیا انہوں نے اس کو قبول کیا موت نے نہیں چھوڑا ان لوگوں میں ابن ہاشم کی مثل۔

جو لوگ دن کے آخر ان کو دفن کرنے کو آئے تھے ایسے حال میں گئے کہ ان کی چارپائی اٹھائے ہوئے تھے بھاری بھاری لیتے تھے ان کے جنازہ کو ان کے دوست بھیڑ کے ساتھ۔

پھر اگر موت اور اس کے اسباب نے حضرت عبداللہ کو کچھ بتائے بغیر اپنی آغوش میں لے لیا (تو لوگ افسوس کرنے لگے) کیونکہ وہ کثرت سے عطا کرنے والے اور زیادہ رحم کرنے والے تھے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا ترکہ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے برکت نام کی ایک باندی حضرت ام ایمن اور پانچ اونٹ بکریوں کا گلہ ترکہ چھوڑا جن کے وارث سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے۔ حضرت ام ایمن نے

Marfat.com

بھی پرورش کی خدمت انجام دی یعنی آپ حضور ﷺ کو اپنی گود میں اٹھایا کرتی تھیں۔

چنانچہ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

كَانَتْ اُمُّ اَيْمَنَ وَاسْمُهَا بَرَكَةٌ تَحْضُنُهُ وَكَانَ قَدْ وَرِثَهَا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِنْ اَبِيْهِ فَلَمَّا كَبَرَ اَعْتَقَهَا وَزَوَّجَهَا مَوْلَاهُ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ فَوَلَدَتْ لَهُ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ . (سیرت ابن کثیر ۱:۲۲٤)

کہ ام ایمن بھی خدمت گار تھیں اور ان کا نام برکت تھا وہ آپ کو اٹھایا کرتی تھیں رسول اللہ ﷺ کو اپنے والد کی طرف سے ترکہ میں ملی تھیں۔ جب آپ ﷺ بڑے ہوئے تو انہیں آزاد کر دیا اور اپنے غلام حضرت زید بن حارثہ سے ان کی شادی کر دی۔ ان سے اسامہ بن زید پیدا ہوئے۔ اللہ سب پر راضی ہو۔

Marfat.com

باب سوم:

مکی زندگی کا دور اول (ولادت تا بعثت)

ولادت باسعادت:

﴿وَالضُّحٰی ۞ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۞﴾ [والضحی ۹۳:۲-۱]

قسم چاشت کی۔اور رات کی جب وہ (تاریکی کا) پردہ ڈالے۔

زیادہ مشہور روایات کے مطابق 12 ربیع الاول کو پیر کے دن صبح صادق کے وقت نبی کریم ﷺ کی مکہ شریف میں ولادت باسعادت ہوئی۔ نبی ﷺ کی ولادت شریف کا واقعہ ایک عظیم الشان تاریخی انقلاب تھا جس کی وجہ سے نور و تاریکی، حق و باطل، کفر و اسلام، عدل وظلم اور عدم و وجود میں فرق کیا گیا ہے۔آپ کی ولادت پاک کے موقع پر بے شمار عجائب وغرائب کا ظہور اور فیوض و برکات کا نزول ہوا۔

ولادت کے وقت نور کا ظہور:

چنانچہ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی والدہ فاطمہ بنت عبد اللہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی ولادت کے وقت حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود تھی۔اس وقت میں نے دیکھا کہ تمام گھر نور سے بھر گیا اور دیکھا کہ آسمان کے ستارے جھکے آتے ہیں یہاں تک کہ مجھ کو یہ گمان ہوا کہ یہ ستارے مجھ پر آ گریں گے۔

فتح الباری ۶:۴۵۵

ولادت کے وقت ایک ایسا نور ظاہر ہوا جس کی وجہ سے ملک شام کے محلات جگمگا اٹھے تھے۔چنانچہ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰہِ مَکْتُوْبٌ خَاتِمُ النَّبِیِّنَ، وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِیْنَتِہٖ ، وَ سَاُخْبِرُکُمْ بِاَوَّلِ اَمْرِیْ دَعْوَۃُ اِبْرَاھِیْمَ، وَ بِشَارَۃُ عِیْسٰی، وَرُؤْیَا اُمِّیَ الَّتِیْ رَأَتْ حِیْنَ وَضَعَتْنِیْ، وَقَدْ خَرَجَ لَھَا نُوْرٌ اَضَاءَ تْ لَھَا مِنْہُ قُصُوْرُ الشَّامِ.

شرح السنۃ ، کتاب الفضائل ۷: ۳۵۲۰

کہ میں اللہ تعالیٰ کے یہاں خاتم النبیین مقرر تھا جبکہ حضرت آدم اپنی گوندھی ہوئی مٹی میں پڑے تھے میں تمہیں اپنے امر کی ابتدا بتاتا ہوں کہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت اور اپنی والدہ کا وہ نظارہ ہوں جو انہوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا کہ ان کے سامنے ایک ایسا نور ظاہر ہوا جس سے ان کے لئے ملک شام کے محلات روشن ہو گئے تھے۔ (مطلب یہ ہے کہ دنیا میں میری شہرت کا ذریعہ یہ چیزیں ہوئیں)

شام کے محلات روشن ہونے کی حکمت:

حافظ ابن رجب کی کتاب لطائف المعارف میں مذکور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کے وقت جو نور ظاہر ہوا۔ اس نور کے ظہور سے اس طرف اشارہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور نبوت سے اہل زمین ہدایت پائیں گے اور اس کے ساتھ شرک کی ظلمت دور ہوگی جس طرح قرآن حکیم میں آیا ہے:

﴿..... قَدْ جَآءَ کُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتَابٌ مُّبِیْنٌ ۞﴾ [المائدہ ۵: ۱۵]

بیشک جلوہ گر ہوا تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور روشن کتاب۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے بصری کے محل روشن ہونے سے اس طرف اشارہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور نبوت خاص طور پر شام میں پھیلے گا کیونکہ وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دار سلطنت ہوگا جیسا کہ حضرت کعب احبار نے ذکر کیا ہے کہ پہلی کتابوں میں مذکور ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول

Marfat.com

ہیں، ان کی پیدائش مکہ میں ہوگی، مقام مدینہ ہوگا اور دار الحکومت ملک شام ہوگا۔ اور آپ ﷺ کے شام میں بیت المقدس کی طرف اسراء میں بھی یہی حکمت کارفرما ہے جیسا کہ اس سے پہلے ابراہیم علیہ السلام نے بھی شام کی طرف ہجرت کی، عیسی علیہ السلام بھی یہی اتریں گے اور محشر کے میدان کی بھی یہی سرزمین ہوگی۔ (مختصر سیرت الرسول، سیرت محمدیہ)

شیطان کا رونا:

رسول اللہ ﷺ کی پیدائش کے وقت شیطان لعین کے سوا ساری کائنات کو خوشی ہوئی امام القاسم سہیلی حافظ بقی بن مخلد کی تفسیر کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

اِنَّ اِبْلِیْسَ رَنَّ اَرْبَعَ رَنَّاتٍ حِیْنَ لُعِنَ وَحِیْنَ اُهْبِطَ وَحِیْنَ وُلِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَحِیْنَ اُنْزِلَتِ الْفَاتِحَةُ. (سیرت ابن کثیر ۱:۲۱۲)

کہ ابلیس چار بار چلا کر رویا جب اس پر لعنت پڑی، جب آسمان سے دھتکارا گیا، جب رسول اللہ کی ولادت ہوئی اور جب سورہ فاتحہ نازل ہوئی۔

جناب عبدالمطلب کا شکریہ ادا کرنا:

اور جب جناب عبدالمطلب کو رسول اللہ ﷺ کے پیدا ہونے کی خوش خبری دی گئی تو آپ نے خانہ کعبہ میں جا کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے یوں کہا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَعْطَانِیْ هٰذَا الْغُلَامُ طِیِّبُ الْاَرْدَانِ
قَدْ سَادَ فِی الْمَهْدِ فِی الْغِلْمَانِ اُعِیْذُ بِالْبَیْتِ ذِیْ الْاَرْکَانِ
حَتّٰی یَکُوْنَ بُلْغَةَ الْفُتْیَانِ حَتّٰی اَرَاهُ بَالَغَ الْبُنْیَانِ
اُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ ذِیْ شَنَانِ مِنْ حَاسِدٍ مُضْطَرِبِ الْعَنَانِ
ذِیْ هَمَّةٍ لَیْسَ لَهٗ عَیْنَانِ حَتّٰی اَرَاهُ رَافِعَ اللِّسَانِ

Marfat.com

اَنْتَ الَّذِیْ سَمَّیْتَ الْقُرَانِ فِی کُتُبٍ ثَّابِتَةٌ الْمَثَانِیْ

اَحْمَدُ مَکْتُوْبٌ عَلَی اللِّسَان

سیرت ابن کثیر ۱:۲۰۸

سب تعریف ہے اس ذات کی جس نے مجھے پاکیزہ بچہ عطا کیا ہے. وہ گہوارے میں ہی سب بچوں سے فائق ہے۔ میں اسے بیت اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں تا کہ وہ نوجوانوں کو کفایت کرنے والا ہو جائے اور میں اس کو توانا و طاقتور دیکھوں۔ میں اس کی پناہ مانگتا ہوں ہر دشمن سے اور ہر پریشان حاسد سے ہر بوڑھے پھونس سے جس کی بینائی نہ ہوتا کہ میں اسے گویا دیکھوں۔ تو وہ محترم ہے جس کا نام قرآن میں ہے اور بار بار تلاوت شدہ کتابوں میں احمد جو زبانوں پر تحریر ہے۔

ثویبہ رضی اللہ عنہا کا ابولہب کو بشارت دینا:

قَالَ عُرْوَةُ: وَ ثُوَیْبَةُ مَوْلَاةُ لِاَبِیْ لَهَبٍ وَ کَانَ اَبُوْ لَهَبٍ اَعْتَقَهَا فَاَرْضَعَتِ النَّبِیَّ ﷺ، فَلَمَّا مَاتَ اَبُوْ لَهَبٍ اُرِیَهُ بَعْضُ اَهْلِهٖ بِشَرِّ حِیْبَةٍ، قَالَ لَهُ: مَاذَا لَقِیْتَ؟ قَالَ اَبُوْ لَهَبٍ: لَمْ اَلْقَ بَعْدَکُمْ غَیْرَ اَنِّیْ سُقِیْتُ فِیْ هٰذِهٖ بِعَتَاقَتِیْ ثُوَیْبَةَ.

للبخاری ، کتاب النکاح، باب و امهاتکم التی ارضعنکم ، ۵۱۰۱

عروہ راوی کہتے ہیں: ثویبہ ابولہب کی لونڈی تھی جب اس نے رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت کی خبر ابولہب کو دی تو ابولہب نے اس خوشی میں اسے آزاد کر دیا۔ پھر اس نے نبی اکرم ﷺ کو دودھ پلایا تھا۔ ابولہب کے مرنے کے (سال) بعد کسی عزیز (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) نے خواب میں برے حال میں دیکھا، پوچھا کیا حال ہے؟ کیا گزری؟ وہ کہنے لگا جب سے میں تم سے جدا ہوا ہوں کبھی آرام نہیں ملا مگر اس میں سے تھوڑا سا پانی پیر کے دن مل

Marfat.com

جاتا ہے (ابولہب نے اس گڑھے کی طرف اشارہ کیا جو انگوٹھے اور کلمے کی انگلی کے درمیان ہوتا ہے) یہ اس وجہ سے کہ میں نے ثویبہ کو آزاد کر دیا تھا۔

کونسا عمل کافر کے لئے فائدہ مند ہے؟

کافر کو نیک اعمال سے کوئی نفع نہیں ہوتا مگر وہ عمل وہ کام جس کا تعلق نبی ﷺ کی ذات سے ہو اس کا فائدہ کافر کو بھی ہوتا ہے کہ اس کے عذاب میں کمی ہوتی ہے۔

شیخ نور الحق رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وبر تقدیر تسلیم کہ عمل صالح کہ تعلق بآں حضرت داشتہ باشد نفع کند ﷺ۔

تیسیر القاری ٥:٤٥

کہ اس خواب کو تسلیم کرنے کی صورت میں مطلب یہ ہوا کہ جو نیک عمل حضور ﷺ سے متعلق ہو وہ نفع دیتا ہے۔

نیز حاشیہ تیسیر القاری میں خیر الجاری کے حوالے سے ہے:

اِنَّهٗ بَقِیَ مِنْ عَمَلِهٖ هٰذَا وَلَمْ یَحْبِطْ کَسَائِرِ اَعْمَالِهٖ بِبَرْکَتِهٖ ﷺ.

کہ ابولہب کا صرف یہ عمل باقی رہ گیا تھا جو باقی اعمال کی طرح ضائع نہیں ہوا۔

خیال رہے کہ نبی ﷺ کی برکت سے ابولہب کے عذاب میں کمی ہونا اور دونوں انگلیوں کے درمیان سے پانی کا ملنا نبی ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے کہ کسی اور کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے کافر کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔

صاحب حدائق الانوار لکھتے ہیں:

تَخْفِیْفُ الْعَذَابِ اَنَّمَا هُوَ کَرَامَةُ النَّبِیِّ ﷺ کَمَا خُفِّفَ عَنْ اَبِیْ طَالِبٍ لَا لِاَجْلِ الْمُجَرَّدِ الْعِتْقِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی ﴿..... وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِیْهَا وَبٰطِلٌ مَّا

Marfat.com

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [هود ۱۱: ۱۶]

کہ ابولہب کے عذاب میں تخفیف نبی ﷺ کی بزرگی کی وجہ سے ہے۔ جیسا کہ ابو طالب کے عذاب میں تخفیف کی گئی۔ صرف ثویبہ کو آزاد کرنے کی وجہ سے نہیں۔ ''اور اکارت گیا جو کچھ انہوں نے دنیا میں کیا اور مٹ جانے والا تھا جو وہ کیا کرتے ہیں''۔

ذکر میلاد مصطفیٰ ﷺ:

نبی ﷺ کی تشریف آوری کا ذکر ولادت باسعادت کے واقعات کا بیان کرنا اور اس پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرنا یہ ایک نہایت ہی نیک عمل ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ط ..... ﴾ [یونس ۱۰: ۵۸]

فرما دیجئے (یہ سب کچھ) اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہے تو اس پر مسلمانوں کو خوش ہونا چاہیئے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ سیرت رسول کا ذکر کرنا چاہیئے، میلاد مصطفیٰ کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ ان سے عرض ہے کہ سیرت رسول ﷺ کا کوئی منکر نہیں ہے بلکہ سب ہی قائل ہیں اور میلاد مصطفیٰ کو بھی مانتے اور مناتے ہیں۔ میلاد مصطفیٰ ﷺ کا معنی رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت کے حالات وواقعات کا ذکر کرنا ہے اور یہ بھی سیرت کا ایک حصہ ہے۔ اگر کسی کو لفظ میلاد النبی سے اختلاف ہے تو اس اختلاف کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ کیونکہ صحاح ستہ کی معتبر و مستند کتاب جامع ترمذی شریف میں امام ابوعیسی محمد ترمذی رَحِمَهُ اللّٰه نے اس موضوع پر ایک باب باندھا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مِیْلَادِ النَّبِیِّ ﷺ کہ یہ باب نبی ﷺ کی پیدائش کے بیان

Marfat.com

میں ہے۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ. فَقَالَ: فِيْهِ وُلِدْتُّ وَ فِيْهِ اُنْزِلَ عَلَيَّ. (مسند احمد ج ۵:ص ۳۵۱ حدیث ۲۲۶۱۱)

فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیر کے دن روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اسی دن میری پیدائش ہوئی ہے اور اسی دن مجھ پر قرآن کا نزول شروع ہوا۔

معلوم ہوا کہ پیر کے دن دو نعمتیں عطا ہوئیں۔

1۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت

2۔ اور قرآن پاک کا نزول۔

شیخ احمد قسطلانی صاحب مواہب اللدنیہ میں فرماتے ہیں:

اہل اسلام ہمیشہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے موقع پر محفلیں بپا کرتے ہیں، دعوتیں کرتے ہیں، صدقات دیتے ہیں، خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہیں اور آپ کی ولادت کے واقعات بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ خود ان لوگوں پر بھی اپنی رحمت کی بارش برساتا ہے اور یہ بات لوگوں کے تجربے میں آئی ہے کہ ان کا وہ سال امن وامان سے گزرتا ہے اور تمام مقاصد اور خواہشات باحسن وجوہ پوری ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ماہ ولادت کی راتوں کے دوران بطور عید کے خوشی منائے۔ (الانوار المحمدیہ)

امام قطب الدین مکی فرماتے ہیں:

وَكَيْفَ لَايَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِلَيْلَةٍ ظَهَرَ فِيْهَا اَشْرَفُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَكَيْفَ لَايَجْعَلُوْنَهَا عِيْدًا اَكْبَرَ اَعْيَادِهِمْ. (تاریخ مکہ)

Marfat.com

اور مؤمن شب ولادت میں کیوں نہ خوشی منائیں جس میں تمام نبیوں اور رسولوں کے سردار پیدا ہوئے اور کیوں نہ شب ولادت کو اپنی تمام عیدوں سے بڑی عید بنائیں۔

غرضیکہ رسول اللہ ﷺ کا ذکر جو بھی ہو اور جس طریقہ سے بھی کیا جائے باعث ثواب وذریعہ نجات ہے بشرطیکہ بدعات سیئہ سے پاک ہو۔

ماہ ربیع الاول دوشنبہ کے دن آپ کے پیدا ہونے کی حکمت:

رسول اکرم ﷺ نے کسی زمانہ کے ساتھ شرافت وبزرگی حاصل نہیں کی بلکہ زمانہ نے آپ سے شرافت وبزرگی پائی۔ جس طرح دیگر مقامات مقدسہ ہیں کہ مکان کو مکین سے شرافت حاصل ہوتی ہے۔ یہی حکمت ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت مبارک کسی ایسے مہینے میں نہیں ہوئی جو بزرگی وبرکت کے ساتھ مشہور تھے جیسے ماہ محرم، ماہ رجب اور ماہ رمضان جو دیگر مہینوں کی نسبت افضل ہیں لہذا آپ ﷺ ماہ ربیع الاوّل میں پیدا ہوئے ہیں جس کو اہل عرب محترم نہیں سمجھتے تھے۔ لیکن آپ کی پیدائش سے اس کا درجہ بڑھ گیا اور یہی حکمت پیر کے دن میں پیدا ہونے کی ہے کہ آپ کی پیدائش سے اس دن کو بھی عظیم درجہ مل گیا اور سب دنوں کا پیر بن گیا حالانکہ تمام دنوں میں سے افضل دن جمعہ کا ہے اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اس دن میں ایک ساعت آتی ہے کہ اس ساعت میں جو دعا مانگی جائے وہ قبول ہو جاتی ہے۔ مگر جو فضیلت پیر کے دن کی ہے وہ روز جمعہ کی نہیں۔ کیونکہ جمعہ کے دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے مگر یوم دوشنبہ کو اولاد آدم کے سردار تشریف لائے۔ اس لئے یہ یوم جمعہ سے افضل ہے۔ جمعہ کے دن میں ایک ساعت ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے مگر یہ ساعت یوم دوشنبہ کی اس ساعت کو کہاں پہنچ سکتی ہے جس ساعت میں نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے۔

نیز اگر آپ ﷺ جمعۃ المبارک کے دن یا بزرگ مہینوں میں سے کسی مہینہ میں پیدا

Marfat.com

تے تو ممکن تھا کہ کوئی مریض دل یہ کہہ دیتا کہ آپ کو تو بزرگی اس لئے حاصل ہوئی ہے کہ
پ ﷺ جمعہ کے دن پیدا ہوئے، یا فلاں بزرگ مہینہ میں تشریف لائے۔اس لئے اللہ
عالیٰ نے آپ کو جمعہ کے دن اور دیگر کسی محترم مہینے میں پیدا نہیں فرمایا تا کہ دنیا والوں کو یہ پتہ
ل جائے کہ نبی ﷺ حصول بزرگی وفضیلت میں کسی زمان ومکان کے محتاج نہیں ہیں بلکہ
مان ومکان حصول عزت وبزرگی میں آپ ﷺ کے محتاج ہیں۔اسی لئے رب تعالیٰ نے شہر
کہ کی قسم فرمائی کیونکہ وہ آپ ﷺ کی جائے ولادت ہے۔

فرمایا:

﴿لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۞ وَ اَنْتَ حِلٌّ م بِهٰذَا الْبَلَدِ ۞﴾ [البلد ۹۰:۲-۱]

میں قسم فرماتا ہوں اس شہر کی۔اس حال میں کہ (اے محبوب) آپ اس شہر میں جلوہ
رما ہیں۔

غرضیکہ ہر چیز کو نبی ﷺ سے شرف وبزرگی اور عزت حاصل ہوئی ہے اس لئے کہ
سبت رسول ﷺ بڑی چیز ہے۔

فائدہ:

بعض علماء نے ولادت باسعادت کے وقت عجائب وغرائب اور ظاہر ہونے والے
واقعات پر سخت تنقید کی ہے اور ان تمام واقعات کو جو محفل میلاد کے موقع پر بیان کئے جاتے
ہیں ان کو ضعیف بلکہ موضوع قرار دیا ہے اور دلیل یہ دی کہ جو واقعات اسناد کے لحاظ سے
ثابت نہیں۔ان کی حضور ﷺ کی طرف نسبت کرنا معاذ اللہ یہ رسول اللہ ﷺ کی طرف جھوٹ
کی نسبت ہے جو بہت بڑا گناہ ہے۔

اپنی جگہ یہ بات بالکل درست ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ جن محدثین ومؤرخین نے ان

Marfat.com

واقعات وروایات کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے، کیا وہ اس وعید سے بے علم تھے؟ کیا وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ نبی ﷺ کی طرف کذب کی نسبت کرنا سب سے بڑا گناہ ہے جو دخول جہنم کا سبب ہے؟ یقیناً وہ اس گناہ اور وعید شدید کو جانتے تھے کیونکہ وہ محدث، مفسر، مؤرخ اور صاحب ورع بھی تھے۔ لہذا انہوں نے فضائل ومناقب اور میلاد شریف کے فوائد کے ضمن میں جو مواد نقل کیا ہے تو وہ ان کے نزدیک صحیح اسناد سے ہوگا۔ ممکن ہے کہ وہ کتابیں اب نایاب ہوں جو ان کا ماٰخذ تھیں۔ نیز بالکل ان کی نقل کردہ روایات کو رد کرنا بے انصافی کے علاوہ ان محدثین سے بدگمانی کرنا ہے جو ناجائز ہے۔ نیز فضائل ومناقب میں روایات ضعیفہ کا بیان کرنا بھی درست کہا گیا ہے۔ لیکن من گھڑت روایات بیان کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی گئی۔ بہرحال افراط وتفریط سے بچنا ضروری ہے اور عمداً کسی غلط بات کو رسول اللہ ﷺ کی جانب نسبت کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ اسی طرح ہر وہ روایت جو فضائل رسول اللہ ﷺ میں ہو اس کا انکار کر دینا بھی علامت محبت نہیں ہے۔

قریش کی دعوت:

جناب عبدالمطلب نے نبی ﷺ کی ولادت کے ساتویں روز جانور ذبح کر کے تمام قریش کی دعوت کی۔ دعوت کھا کر لوگوں نے پوچھا آپ نے اپنے بیٹے کا نام کیا رکھا ہے؟ جناب عبدالمطلب نے کہا: مُحَمَّد۔ لوگوں نے تعجب سے دریافت کیا کہ آپ نے خاندان کے سب مروجہ نام چھوڑ کر یہ نام کیوں رکھا؟ فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ میرا بیٹا دنیا میں سب سے بڑھ کر ستائش اور تعریف کا شایان شان قرار دیا جائے۔

سیرت ابن کثیر میں ہے:

قَالَ اَرَدْتُ اَنْ یَّحْمَدَهُ اللّٰهُ فِی السَّمَاءِ وَخَلْقُهُ فِی الْاَرْضِ.

Marfat.com

کہا میری یہ خواہش ہے کہ آسمان پر اللہ تعالیٰ ان کی تعریف کرے اور زمین پر اس کی مخلوق۔

اسم رسالت کی وجہ تسمیہ:

اہل لغت کہتے ہیں کہ اچھی عادات وخصال کی جامع ہر ہستی کو محمد کہتے ہیں۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جناب عبدالمطلب کو الہام کیا تھا کہ یہ نام رکھیں کیونکہ آپ عمدہ خصال وصفات کے پیکر تھے تا کہ اسم اور مسمّٰی صورت ومعنی کے مطابق ہو جائے۔ جیسا کہ جناب ابو طالب نے کہا اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے:

وَ شَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجَلَّهٗ

فَذُوالْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

اللہ تعالیٰ نے آپ کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے ان کا نام اپنے نام سے نکالا ہے پس عرش والا محمود ہے اور یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

علامہ نورالحق رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ستودہ شدہ بستائش خدا وملائکہ ہمہ انبیاء از آدم علیہ السلام تا عیسیٰ علیہ السلام از کمال صفات حمیدہ واخلاق جمیلہ وفضائل جلیلہ۔ (تیسیر القاری)

کہ آپ اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کے تعریف کئے ہوئے ہیں اور تمام نبیوں نے اپنی زبانوں سے حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک صفات حمیدہ، اخلاق جمیلہ اور فضائل جلیلہ کے کمال کی تعریفیں کی ہیں۔ پوری کائنات میں اسی نام کی تعریفیں ہوئی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

﴿ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی ﴾ [والضحی ۹۳:٤]

اور بیشک (ہر) پچھلی (گھڑی) آپ کے لئے پہلی سے بہتر ہے۔

نیز فرمایا:

﴿ وَ رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ﴾ [الم نشرح ۹٤:٤]

اور ہم نے آپ کے لئے آپ کا ذکر بلند کر دیا۔

رضاعت:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ ..... ﴾ [البقرہ ۲:۲۳۳]

اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ولادت باسعادت کے بعد سب سے اول حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نے اپنا دودھ پلایا اور اس کے بعد یا ساتھ ہی ابولہب کی آزاد کردہ باندی ثویبہ نے بھی دودھ پلانے کی سعادت حاصل کی۔

ثویبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے ساتھ حسن سلوک:

حضرت ثویبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا وہ خوش نصیب ہیں کہ جن کو ولادت رسول کی بشارت دینے کی وجہ سے آزادی ملی تھی۔ آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلانے کا بھی شرف حاصل ہوا۔ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو بھی دودھ پلایا تھا۔ (مدارج النبوت ۲:۱۹)

دراسلام ثویبہ اختلاف ست۔ بعضے محدثین اورا از صحابیات شمردہ۔ (مدارج النبوت ۲:۱۹

ثویبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے اسلام میں اختلاف ہے۔ بعض محدثین انہیں صحابیات میں شمار کرتے ہیں۔

Marfat.com

وَاخْتُلِفَ فِیْ اِسْلَامِهَا فَاَثْبَتَهٗ بَعْضُهُمْ وَ عَدَّهَا فِی الصَّحَابَةِ.

نسیم الریاض،القسم الاول فی تعظیم العلی الاعلی، فصل و اما خلقه ﷺ فی الوفاء۲:۳۵۶

ان کے اسلام میں اختلاف ہے مگر بعض نے ان کا اسلام ثابت کیا ہے اور ان کو صحابہ میں شمار کیا ہے۔

حضرت ثویبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا جب تک زندہ رہیں حضور ﷺ ان کے ساتھ حسن سلوک فرماتے رہے اور مدینہ منورہ سے ان کے لئے کپڑے اور انعام بھجوایا کرتے تھے۔ان کی وفات غزوہ خیبر 8 ہجری میں ہوئی۔

وَ کَانَ یَبْعَثُ اِلٰی ثُوَیْبَةَ مَوْلَاةِ اَبِیْ لَهَبٍ مُرْضِعَتِهٖ بِصِلَةٍ وَ کِسْوَةٍ ،فَلَمَّا مَاتَتْ سَئَلَ: مَنْ بَقِیَ مِنْ قَرَابَتِهَا ؟ فَقِیْلَ لَا اَحَدَ.

الشفاء ، القسم الاول فی تعظیم العلی الاعلی، فصل و اما خلقه ﷺ فی الوفاء ۱:۸۶

آپ ابولہب کی باندی ثویبہ کے لئے نقدی اور کپڑے بھیجا کرتے تھے جو آپ کو دودھ پلانے والی تھیں۔جب وہ فوت ہوگئیں تو پوچھا کہ کیا ان کے رشتہ داروں میں سے کوئی ہے؟ کہا گیا کہ کوئی نہیں۔

پھر عرب کے رواج کے مطابق حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نے رسول اللہ ﷺ کو پورے دو برس دودھ پلایا۔حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا بیان ہے کہ جس وقت آپ کا دودھ چھڑایا گیا تو آپ ﷺ کی زبان پر یہ کلمات جاری ہوئے:

اَللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّ اَصِیْلًا .

(الانوار المحمدیة من المواهب اللدنیة ۲۱)

مدت رضاعت ختم ہونے پر حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا حضور ﷺ کو واپس مکہ معظمہ حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے پاس لائیں مگر اس وقت مکہ میں وبائی بیماری تھی جس کی

Marfat.com

وجہ سے حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا پھر رسول اللہ ﷺ کو واپس لے گئیں۔ حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا حضور ﷺ کی جدائی کو برداشت نہیں کرنا چاہتی تھیں کیونکہ آپ کی وجہ سے ان کے گھر میں بے شمار فیوض و برکات کا ظہور ہوا اور اللہ تعالیٰ نے انہیں ہر قسم کی سہولتیں عطا فرمائیں۔ آپ پھر مزید دو برس حضرت حلیمہ کے پاس رہے بعض کے نزدیک پانچ سال تک رہے۔ حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کے شوہر کا نام حارث بن عبدالعزی تھا اور وہ بعد میں اسلام لائے تھے۔ حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا بھی اسلام لائی تھیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے چار رضائی بہن بھائی تھے۔ عبداللہ، انیسہ، خزیفہ اور خدامہ، جو شیما کے لقب سے ملقب تھی۔ عبداللہ اور شیما نے بھی اسلام قبول کر لیا تھا۔

شق صدر:

اسی دوران حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کے پاس پہلی مرتبہ آپ ﷺ کا سینہ مبارک چاک کیا گیا جبکہ آپ چار سال کے تھے۔ اپنے رضاعی بھائیوں کے ساتھ بکریاں چرانے جنگل میں گئے ہوئے تھے۔ دو فرشتے آئے اور انہوں نے آپ کو زمین پر لٹا کر آپ کے سینہ مبارک کو چاک کیا اور خون کے سیاہ لوتھڑے کو دل سے نکال کر صاف کیا۔ پھر آپ کے دل کو اس کی جگہ رکھ کر سینہ برابر کر دیا۔

چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور آپ لڑکوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ انہوں نے آپ کو پکڑا، پچھاڑا اور دل کو چیر کر نکالا۔ پھر اس میں سے ایک پھٹکی جدا کر ڈالی اور کہا کہ آپ سے اتنا حصہ شیطان کا تھا۔ پھر اس دل کو سونے کے طشت میں زم زم کے پانی سے دھو دیا. پھر اس کو جوڑ کر اس کی جگہ پر رکھا۔ لڑکے دوڑتے ہوئے آپ کی انا

Marfat.com

کے پاس آئے اور کہا کہ محمد (ﷺ) مار ڈالے گئے ہیں۔ یہ سن کر لوگ دوڑے آئے۔ دیکھا کہ آپ بالکل صحیح ہیں۔ (لیکن ڈر اور خوف سے آپ کا رنگ متغیر تھا)

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

وَ قَدْ كُنْتُ اَرٰی اَثَرَ ذٰلِکَ الْمِخْيَطِ فِیْ صَدْرِهٖ.

المسلم، کتاب الایمان، باب الاسراء، حدیث ۲۶۱

کہ میں نے اس سلائی کا (جو حضرت جبریل علیہ السلام نے کی تھی) آپ کے سینہ پر نشان دیکھا تھا۔

یہ شق صدر رسول اللہ ﷺ کی خصوصیات اور معجزات میں سے ہے اور یہ واقعہ کئی مرتبہ پیش آیا ہے۔ شب اسراء کو بھی پیش آیا تھا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

خیال رہے کہ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ہمارے لئے سونے کے برتنوں کا استعمال درست ہے کیونکہ یہ فرشتوں کا فعل تھا۔ نیز اس وقت سونے کا استعمال حرام نہیں تھا۔ سونے کی حرمت کا حکم بعد میں آیا۔

رضاعت کا صلہ:

جب حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا آپ ﷺ کو جناب عبدالمطلب کے پاس مکہ لائیں تو ''آپ کے دادا عبدالمطلب نے (حضرت) حلیمہ (رضی اللہ عنہا) کو ایک ہزار اونٹنیاں اور پچاس رطل سونا حق خدمت گزاری میں بطور انعام دے کر نہایت عزت کے ساتھ رخصت کیا''۔ (تحفة الادب شرح اردو نفحة العرب، ۲۳۶)

حضرت حلیمہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کیا خوش نصیب تھیں کہ ان کو دنیاوی انعام بھی بہت دیا گیا اور اس سے بڑھ جو انعام ان کو ملا وہ باقی رہنے والا ہے کہ آپ کو دولت اسلام سے نوازا

Marfat.com

گیا اور قیامت تک ان کا ذکر خیر ہوتا رہے گا۔

حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات:

آپ ﷺ کی عمر سات سال بھی پوری نہیں ہوئی تھی کہ آپ ﷺ کی والدہ آپ کو اور دایہ ام ایمن کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ میں ننہیال (ماموؤں) بنونجار سے ملنے تشریف لے گئیں کہ واپسی پر مقام ابواء میں انتقال ہوگیا۔ اور والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد ام ایمن آپ ﷺ کو مکہ معظمہ لائیں۔

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

فَخَرَجَتْ بِهٖ اُمُّهٗ اِلَى الْمَدِيْنَةِ تَزُوْرُ اَخْوَالَهٗ بِالْمَدِيْنَةِ، فَتُوُفِّيَتْ بِالْاَبْوَاءِ وَ هِيَ رَاجِعَةٌ اِلٰى مَكَّةَ وَ لَهٗ مِنَ الْعُمُرِ سِتُّ سِنِيْنَ وَثَلَاثَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرَةُ اَيَّامٍ.

الفصول فی سیرت الرسول، ۱۰۰۔۹

حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا حضور ﷺ کو لے کر مدینہ گئیں تا کہ مدینہ منورہ آپ ﷺ اپنے ماموؤں سے ملاقات کریں۔ لیکن جب آپ مکہ شریف واپس آرہی تھیں تو مقام ابواء میں فوت ہوگئیں۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ کی عمر 6 برس 3 ماہ 10 دن تھی۔

بعض مؤرخین کا بیان ہے کہ حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا اپنے شوہر جناب عبداللہ رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کے لئے گئی تھیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

بنی عبدالمطلب اور بنی عدی بن نجار کی رشتہ داری:

جناب عبدالمطلب کی والدہ سلمی بنت عمرو بن زید نجاریہ تھیں۔ اس لئے بنی عبدالمطلب کی بنی عدی بن نجار ساکن مدینہ سے رشتہ داری تھی۔ یعنی جناب عبدالمطلب کی والدہ مدنی نجاریہ تھیں۔

Marfat.com

جناب عبدالمطلب کا انتقال:

نبی کریم ﷺ 8 برس تک جناب عبد المطلب کی کفالت میں رہے۔آپ اپنے پوتے سیدنا محمد ﷺ کا بڑا خیال کرتے تھے۔بے حد عزت کے ساتھ پیش آتے اور دوسروں سے بھی عزت کرواتے تھے یہاں تک کہ جب نبی ﷺ 8 برس کے ہوئے تو عبد المطلب وفات پا گئے۔اس طرح آپ نے تین زمانے یتیمی کے دیکھے ہیں کہ آپ اپنی والدہ کے شکم پاک میں ہی تھے کہ آپ کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ وفات پا گئے۔جب پیدا ہوئے تو سر پر والد کا سایہ نہیں تھا، جب چھ برس کے ہوئے تو والدہ ماجدہ کا وصال ہو گیا اور جب 8 برس کے ہوئے تو حضرت عبد المطلب کا بھی انتقال ہو گیا۔دنیاوی لحاظ سے جو سہارے تھے وہ ختم ہو گئے تھے۔آپ یتیم رہ گئے تھے مگر بے مثل یتیم۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿ اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۞﴾ [الضحی ۹۳:۶]

کیا اس نے آپ کو یتیم نہ پایا پھر آپ کو ٹھکانا دیا۔

یتیمی کی حکمت:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا اس میں کیا حکمت تھی کہ آپ ﷺ کی ولادت سے قبل حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تھے اور 6 سال کی عمر میں والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا وصال ہو گیا تھا اور جب 8 برس کے ہوئے تو جناب عبد المطلب بھی 140 برس کی عمر پا کر فوت ہو گئے تھے؟ تو آپ نے فرمایا:

لِئَلَّا یَکُوْنَ عَلَیْہِ حَقٌّ لِّلْمَخْلُوْقِ. (نسیم الریاض، القسم الاول فی تعظیم العلی الاعلی، الفصل الخامس فی قسمہ تعالیٰ جدہ لتحقق مکانتہ عندہ ۱:۳۳۵)

Marfat.com

تا کہ ان پر مخلوق کا کوئی حق واحسان نہ ہو۔ (احسان ہوتو صرف اللہ کا ہو)

زبیر بن عبدالمطلب کی کفالت:

بعض نے لکھا ہے کہ جناب عبدالمطلب کی وفات کے بعد ان کے بیٹے جناب زبیر بن عبدالمطلب جانشیں ہوئے تھے اور نبی ﷺ ان کی کفالت میں بھی قلیل عرصہ رہے۔

وَقِيْلَ كَفَّلَهُ الزُّبَيْرُ حِيْنَ مَاتَ عَبْدُالْمُطَّلِبِ ثُمَّ كَفَّلَهُ اَبُوْطَالِبٍ اَیْ بَعْدَ مَوْتِ الزُّبَيْرِ..... وَفِیْ كَلَامِ بَعْضِهِمْ: فَلَمَّامَاتَ عَبْدُالْمُطَّلِبِ كَفَّلَهُ عَمَّاهُ شَقِيْقَااَبِيْهِ الزُّبَيْرُ وَاَبُوْطَالِبٍ،ثُمَّ مَاتَ عَمُّهُ الزُّبَيْرُ وَلَهُ مِنَ الْعُمْرِاَرْبَعَ عَشَرَةَسَنَةً فَانْفَرَدَ بِهٖ اَبُوْ طَالِبٍ. (السیرۃ الحلبیہ ۱:۱۶۵)

ابوطالب کی کفالت:

نیز جناب عبدالمطلب کی وصیت کے مطابق ان کے مرنے کے بعد نبی ﷺ ابو طالب کی کفالت میں آئے۔ جناب ابوطالب کثیر العیال اور قلیل المال تھے مگر سیدنا محمد ﷺ کی وجہ سے ان کے گھر میں خیر و برکت ہوئی۔ جناب ابوطالب نبی ﷺ سے بے حد محبت کرتے تھے۔ ایک مرتبہ قحط سالی کے زمانہ میں نبی ﷺ کو ہمراہ لے کر خانہ کعبہ کے پاس آکر بارش کے لئے دعا کی تو آپ ﷺ کی برکت سے خوب بارش ہوئی اور اہل مکہ کی تنگی اور تکلیف دور ہوگئی۔

جناب ابوطالب نے اسی واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے نبی ﷺ کی شان میں کہا

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةُ الْاَرَامِلِ

اور روشن سفید چہرہ انور کے وسیلہ سے بارش مانگی جاتی ہے جو یتیموں کے فریادرس

Marfat.com

اور بیواؤں کے غم خوار ہیں۔

گلا بانی:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَ لَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۞ ﴾ [النحل ١٦:٦]

اوران میں تمہارے لئے زینت ہے جب شام کو (چرا کر) انہیں واپس لاتے ہو اور جب (چراگاہ میں انہیں) چھوڑنے جاتے ہو۔

نبی کریم ﷺ اپنے گھر کے تمام ضروری کام کرتے تھے۔ چنانچہ اسی زمانہ میں آپ ﷺ اپنے گھر والوں اور دوسرے لوگوں کی بکریاں بھی چرایا کرتے تھے۔ جیسے دیگر انبیاء کرام بکریاں چرایا کرتے تھے۔ جب آپ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

مَابَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا اِلَّا رَعَى الْغَنَمَ. فَقَالَ اَصْحَابُهُ: وَاَنْتَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ اَرْعَاهَا عَلٰى قَرَارِيْطَ لِاَهْلِ مَكَّةَ. (الصحیح البخاری کتاب الاجارہ، ٢٢٦٢)

اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا مگر اس نے بکریاں چرائی ہیں۔ آپ کے صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا: کیا آپ نے بھی؟ آپ نے فرمایا: ہاں میں مکہ والوں کی بکریاں چند قراریط سے چرایا کرتا تھا۔

قراریط سے مراد یا تو کچھ معاوضہ اور مزدوری ہے جو آپ لے کر اہل مکہ کی بکریاں چرایا کرتے تھے، یا قراریط سے مراد مکہ میں کوئی جگہ تھی جس کا نام قراریط تھا۔ آپ اس جگہ بکریاں چراتے تھے۔

شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ پہلا معنی زیادہ راجح ہے کہ اہل مکہ کسی ایسی جگہ ہرگز نہیں جانتے جس کا نام قراریط ہو۔ مگر صاحب عمدۃ القاری، ابراہیم حربی کے قول کو ترجیح دیتے ہیں

Marfat.com

کہ قراریط ایک مقام کا نام ہے جو اجیاد کے نزدیک تھا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

اس سے معلوم ہوا کہ بکریاں چرانا نبیوں کی سنت ہے۔

تجارتی سفر:

چونکہ عرب کا زیادہ تر پیشہ تجارت ہی تھا اس لئے اہل عرب تجارت کے لئے سفر کرتے تھے اور قرآن مجید کی سورہ قریش میں ان کے تجارتی سفروں کا بطور احسان کے ذکر کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۞ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۞ ﴾ [قریش ۱۰۶: ۲-۱]

چونکہ (ہم نے) قریش کو رغبت دلائی۔ انہیں (تجارت کے لئے) جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کیا۔

جب آپ کی عمر شریف 9 برس کی ہوئی تو پہلا سفر ملک شام کی طرف کیا یعنی جناب ابو طالب آپ کو لے کر بصری گئے جو ملک شام میں ہے اس کو شہر ہوازن کہتے ہیں۔

دوسری روایت میں ہے کہ 12 برس کی عمر میں بھی جناب ابو طالب کے ساتھ ملک شام کا سفر کیا تھا اور راستہ میں بحیرہ راہب سے ملاقات ہوئی تو اس نے رسول اللہ ﷺ کو علامات نبوت سے پہچان کر کہا کہ ان کو واپس مکہ شریف لے جائیں تا کہ حاسدین کے شر سے محفوظ رہیں۔

حرب الفجار:

آپ ﷺ حرب الفجار میں شریک ہوئے مگر اس میں آپ نے کسی قسم کا حصہ نہیں لیا تھا۔ بعض کے نزدیک آپ کی عمر شریف اس وقت 9 برس تھی۔ دوسری جنگ فجار کے وقت

Marfat.com

آپ ﷺ 12 سال کے تھے اور تیسری جنگ فجار کے وقت آپ ﷺ کی عمر 20 سال تھی۔

حِلف الفضول:

اس کے بعد ایک معاہدہ پیش آیا جس کو حِلْفُ الْفُضُوْلِ کہتے ہیں۔اس میں آپ ﷺ شریک بھی ہوئے اور اس کی تعریف بھی فرمائی کیونکہ اس میں امن عامہ کا مسئلہ تھا اور احترام انسانیت کے قواعد وضوابط تھے۔

یمن کی طرف سفر:

جب آپ کی عمر 17 سال کی ہوئی تو آپ نے زبیر بن عبدالمطلب اور عباس بن عبد المطلب کے ساتھ ملک یمن کی جانب سفر کیا۔

سیرت حلبیہ میں ہے:

وَ قَدْ اَتَتْ عَلَيْهِ ﷺ بِضْعُ عَشَرَةِ سَنَةً مَعَ عَمِّهِ الزُّبَيْرِ ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ شَقِيْقِ اَبِيْهِ كَمَا تَقَدَّمَ اِلَى الْيَمَنِ . (سیرت حلبیہ ۱: ۱۱۷)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے تقریباً دس سال کی عمر میں سفر کیا تھا۔وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

میسرہ کے ساتھ سفر:

نبی کریم ﷺ کی عمر شریف 25 برس کی ہوئی تو حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کا مال لے کر ان کے غلام میسرہ کے ساتھ ملک شام کی طرف تجارتی سفر کیا۔پھر وہاں سے بڑے منافع کے ساتھ واپس تشریف لائے۔

حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کی شادی:

اس کے دو ماہ بعد حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا سے ان کی خواہش کے مطابق نبی ﷺ نے نکاح کیا۔حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا نے اپنا تمام مال ومتاع اور زید بن

Marfat.com

مارثہ کو بھی نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ظاہری تونگری و مالداری عطا فرمائی۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۞ ﴾ [الضحیٰ ۹۳:۸]

اور آپ کو حاجت مند پایا تو غنی فرما دیا۔

عقد نکاح کے وقت نبی ﷺ کی عمر مبارک 25 برس تھی اور حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی 40 سال۔ آپ 25 سال نبی ﷺ کے سایہ کرم میں رہی ہیں۔

کَانَ عُمَرُ رَسُوْلِ ﷺ حِیْنَ تَزَوَّجَ خَدِیْجَةَ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ سَنَةً وَ کَانَ عُمَرُهَا اِذْ ذَّاکَ خَمْسًا وَّ ثَلَاثِیْنَ سَنَةً وَ قِیْلَ خَمْسًا وَّ عِشْرِیْنَ سَنَةً.

(سیرت ابن کثیر ۱:۲۶۵)

رسول اللہ ﷺ نے جس وقت حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی کی اس وقت آپ ﷺ کی عمر 25 برس تھی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی 35 تھی اور یہ بھی کہا گیا کہ 25 برس تھی۔

حافظ شرف الدین لکھتے ہیں:

وَ خَدِیْجَةُ یَوْمَئِذٍ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً. (سیرت نبویة ۴۹)

اور حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی عمر شادی کے وقت 40 برس تھی۔

اور زیادہ مشہور بھی یہی ہے۔ جب تک حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا زندہ رہیں نبی ﷺ نے دوسرا نکاح نہیں فرمایا تھا۔ حضرت خدیجہ الکبریٰ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے بہت سے فضائل ہیں جو احادیث کی متعدد کتابوں میں مذکور ہیں۔

Marfat.com

حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی اولاد:

حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے سوا باقی ساری اولاد حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے شکم اطہر سے پیدا ہوئی تھی۔ (سیرت ابن ہشام)

دو صاحبزادے قاسم اور عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اور چار صاحبزادیاں تھیں۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُنَّ۔ دونوں صاحبزادے قبل اعلان نبوت وفات پا گئے تھے مگر صاحبزادیاں سب زندہ رہیں، اسلام کا زمانہ پایا، اسلام قبول کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی۔

حافظ شرف الدین عبدالمؤمن دمیاطی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا نے بیان کیا ہے:

كَانَ اَوَّلُ مَنْ وُّلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ بِمَكَّةَ قَبْلَ النُّبُوَّةِ الْقَاسِمِ وَ بِهٖ يُكْنٰى ثُمَّ وُلِدَ لَهٗ زَيْنَبُ ثُمَّ رُقَيَّةُ ثُمَّ فَاطِمَةُ ثُمَّ كُلْثُوْمُ ثُمَّ وُلِدَ فِى الْاِسْلَامِ عَبْدُاللّٰهِ فَسُمِّىَ الطَّيِّبُ وَالطَّاهِرُ. (سیرت النبویہ ٤٩)

اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں سب سے چھوٹی حضرت کلثوم ہیں

امام محمد بن مسلم عبیداللہ بن شہاب زہری (المتوفی ۱۲۵) فرماتے ہیں:

وُلِدَتْهُ بَنَاتُهُ الْاَرْبَعُ زَيْنَبُ وَفَاطِمَةُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ. (کتاب المغازی :٤٢)

اور اسی طرح تاریخ یعقوبی میں بھی چار صاحبزادیوں کا ذکر آیا ہے۔ طیب اور طاہر حضرت عبداللہ ہی کو کہا جاتا ہے۔ سب سے پہلے حضرت قاسم رضی اللہ عنہ مکہ میں فوت ہوئے۔ پھر ان کے بعد جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مکہ شریف میں فوت ہوئے تو عاص بن وائل سہمی نے اس موقع پر کہا کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ابتر ہیں۔ تو یہ آیت نازل ہوئی:

Marfat.com

﴿ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَالْاَبْتَرُ ۞﴾ [الکوثر۱۰۸:۳]

بیشک آپ کا دشمن ہی (ہر خیر سے محروم) بے نسل ہے۔

ایک تیسرے صاحبزادے حضرت ابراہیم ﷺ تھے جو حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن اطہر سے مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے تھے وہ بھی جلد ہی اللہ کو پیارے ہو گئے تھے۔

تاریخ وفات:

حضرت سیدہ رقیہ متوفیہ 2ھ، حضرت سیدہ زینب متوفیہ 8ھ، حضرت سیدہ ام کلثوم متوفیہ 9ھ اور سیدۃ نساء العلمین حضرت فاطمۃ الزہراء (رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُنَّ) متوفیہ 3 رمضان المبارک 11ھ۔

تعمیر خانہ کعبہ:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّةَ مُبٰرَکًا وَّهُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ۞﴾

[اٰل عمران ۳:۹۶]

بے شک سب سے پہلا گھر جو لوگوں کے لیے بنایا گیا (اللہ کی عبادت کے لئے) وہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور موجب ہدایت تمام جہانوں کے لئے۔

اور جب رسول ﷺ کی عمر شریف 35 سال کی ہوئی تو قریش نے خانہ کعبہ کو بنانے کا ارادہ کیا انہوں نے یہ خیال کیا کہ اس پر چھت ڈال کر اسے عمدہ طریقہ سے بنائیں۔ نبی ﷺ بھی تعمیر کعبہ میں شریک ہوئے۔ جب خانہ کعبہ کی تعمیر و تجدید مکمل ہو گئی تو پھر حجر اسود کو نصب کرنے کے بارے میں قریش کے سرداروں کے درمیان شدید اختلاف ہو گیا۔ آخر سب لوگ نبی ﷺ کے فیصلہ پر متفق ہو گئے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا کہ میرے پاس ایک کپڑا

Marfat.com

لاؤ۔لوگ فوراً کپڑا لائے۔آپ نے اپنے ہاتھ سے اس چادر میں حجر اسود کو رکھا اور فرمایا تم سب لوگ ہر قبیلے کے اس کپڑے کو اٹھا کر دیوار کے پاس لاؤ۔جب وہ لائے تو آپ نے اپنے ہاتھ سے اس کو اٹھا کر دیوار پر رکھ دیا۔پھر اس کے اوپر تعمیر جاری ہوگئی۔اس طرح آپ کے فیصلے اور حکمت عملی کی وجہ سے لوگ ایک شدید اختلاف سے بچ گئے۔

صادق وامین:

آپ ﷺ کو نزول وحی سے قبل بھی اہل مکہ صادق وامین کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ لوگ اپنی اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس رکھتے تھے۔آپ غرباء ومساکین کی مدد کیا کرتے تھے اور زمانہ جاہلیت کی تمام برائیوں سے دور اور بری رسموں سے نفور رہتے تھے۔آپ نہایت پاکیزہ سیرت واخلاق کے مالک تھے۔ولادت سے لے کر اعلان نبوت تک کی یہ چالیس سالہ زندگی نہایت ہی پاکیزہ تھی۔چنانچہ بعد میں ایک موقع پر نبوت کی صداقت پر بطور دلیل کے اس کو پیش کیا تھا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿.....فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهِ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۞﴾ [یونس ۱۰:۱۶]

تو میں تم میں اس سے پہلے (اپنی) عمر (کا ایک حصہ) گزار چکا ہوں تو کیا تم نہیں سمجھتے؟

اس آیت میں اظہار نبوت سے قبل کے چالیس سال مراد ہیں۔حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے قیصر روم کے دربار میں نبی ﷺ کے حسب نسب اور پاکیزہ عادات مبارکہ کی شہادت دی تھی حالانکہ ابوسفیان اس وقت تک ایمان نہیں لائے تھے۔حضرت خدیجہ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے وہ ارشادات جو حدیث کی معتبر کتب میں موجود ہیں کہ پہلی وحی کے نزول کے بعد تسلی

Marfat.com

دیتے ہوئے فرمائے تھے جن سے نبی ﷺ کی اس چالیس سالہ زندگی کی پاکیزگی پر روشنی پڑتی ہے۔

كَرِيْمُ السَّجَايَا جَمِيْلُ الشِّيَمْ

نَبِيُّ الْبَرَايَا شَفِيْعُ الْاُمَمْ

شمائل رسول ﷺ:

آپ ﷺ کا رنگ اجلا اور خوبصورت تھا۔ آنکھیں سیاہ گہری اور قدرے سرخی مائل تھیں۔ رنگ ایسا سفید تھا جو سرخی کی جانب مائل ہو۔ آنکھوں کے بال لمبے تھے۔ دونوں حاجب (ابرو) لمبائی میں اور ان پر باریک بال تھے۔ ناک مبارک لمبی اور منور تھی۔ سامنے والے دانت ایک دوسرے سے جدا تھے۔ چہرہ مبارک کسی قدر گول، پیشانی کشادہ، ریش مبارک بھاری جو سینہ کو ڈھانپ لیتی تھی، سینہ بے کینہ اور شکم مبارک برابر تھے۔ صدر انور کشادہ اور بڑے جوڑ موٹے تھے۔

بازو کلائیاں بھاری، ہاتھ پیروں کی انگلیاں موٹی اور لمبی تھیں۔ جسم پر بال بہت کم تھے۔ سینہ فیض گنجینہ سے ناف مبارک تک بالوں کی ہلکی سی دھاری تھی۔ قد میانہ تھا یعنی نہ بہت لمبے تھے اور نہ پست قد لیکن لمبے قد والا آدمی بھی اگر آپ کے ساتھ چلتا تو دیکھنے والے کو آپ ہی اونچے محسوس ہوتے تھے۔ بال مبارک شکن دار تھے۔ جب تبسم فرماتے تو بجلی کی سی روشنی محسوس ہوتی یا بادلوں کی چمک کے مانند دہن مبارک کھلتا۔

جب کلام فرماتے تو سامنے والے اوپر نیچے کے دندان مبارک سے نور کی شعاؤں کے چشمے پھوٹ نکلتے تھے۔ گردن حسین ترین تھی جو زیادہ لمبی اور بہت چھوٹی نہ تھی۔ آپ زیادہ فربہ نہ تھے۔ چہرہ پرنور بالکل گول نہ تھا۔ جسم پھریتلا اور کم گوشت تھا۔

Marfat.com

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کانوں کی لو تک بال رکھنے والے کسی شخص کو سرخ لکیروں والی چادر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا خوبصورت نہیں دیکھا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری آنکھوں نے کسی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ حسین نہیں دیکھا۔ جب کوئی آپ کی طرف دیکھے تو یوں محسوس ہوتا تھا کہ سورج کی شعاعیں چہرہ پر اتر رہی ہیں۔ تبسم فرماتے تو سامنے کے در و دیوار جگمگانے لگتے تھے۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ کسی آدمی نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ نور کیا تلوار کی طرح تھا؟ میں نے نفی میں جواب دیا اور کہا کہ شمس و قمر جیسا نورانی اور گولائی کی جانب تھا۔

حضرت ابن ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا تھا۔ (الشفاء اردو)

کسی نے کیا خوب کہا ہے:

اَحِلَّایَ اِنْ شَطَّ الْحَبِیْبُ وَدَارُہٗ وَ عَزَّ تَلَاقِیْہِ وَ نَائَتْ مَنَازِلُہٗ

وَ فَاتَکُمْ اَنْ تَبْصُرُوْا بِعَیْنِکُمْ فَمَا فَاتَکُمْ مِنْہُ فَھٰذِیْ شَمَائِلُہٗ

اے میرے دوستو! اگر دوست اور اس کا مکان دور ہو گیا، اس سے ملنا دشوار ہو گیا، اس کی منزلیں بعید ہو گئیں اور اپنی آنکھوں سے دیکھنا فوت ہو گیا تو تم سے نہیں فوت ہوئیں اس کی عادتیں تو یہ ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

باب چہارم

مکی زندگی کا دوسرا دور (اعلان نبوت سے ہجرت تک)

حجر و شجر کا سلام کرنا:

جب رسول اللہ ﷺ 39 برس کے ہوئے تو اللہ نے آپ کے دل میں خلوت میں رہنے کی الفت ڈال دی۔

حَبَّبَ اللّٰهُ اِلَيْهِ الْخَلْوَةَ فَكَانَ يَخْلُوْ بِغَارِ حِرَاء ثُمَّ كَانَ يَرَى الْاَنْوَارَ وَيَسْمَعُ الْهَوَاتِفَ ثُمَّ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ الْاَحْجَارُ وَالْاَشْجَارُ قَبْلَ مَبْعَثِهٖ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ وَّكَانَ وَحْيُهٗ مَنَامًا وَكَانَ لَارُؤْيَا اِلَّاجَاءَ تْ مِثْلُ فَلَقِ الصُّبْحِ. (حدائق الانوار)

اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے لئے خلوت کو محبوب بنا دیا اور آپ غار حراء میں تنہا رہتے تھے۔ پھر وہاں انوار کا مشاہدہ کرتے اور غیبی آوازیں سنتے۔ پتھر اور درخت آپ کو سلام کرتے تھے۔ یہ معاملہ آپ کی بعثت سے چھ ماہ قبل کا ہے اور آپ پر خواب میں وحی ہوتی تھی اور جو بھی آپ وحی دیکھتے تھے وہ صبح کی طرح واضح ہوتی تھی۔

دوسری روایت میں ہے کہ جب ﷺ آپ رفع حاجت کے لئے نکلتے تو بہت دور چلے جاتے، یہاں تک کہ بستی سے دور ہو جاتے مکہ کی گھاٹیوں اور وادیوں کے اندر پہنچ جاتے جس پتھر اور درخت کے پاس سے آپ گزرتے وہ **اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰه** کہا کرتا۔ راوی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے دائیں بائیں اور پیچھے توجہ فرماتے۔ درختوں اور پتھروں کے سوا کوئی چیز نہ دیکھتے۔ (سیرت ابن ہشام)

یعنی وہ باتیں ظاہر ہونے لگیں جو نبوت و رسالت کے اعلان و اظہار کی علامتیں تھیں

Marfat.com

وحی کی ابتداء کیسے ہوئی؟

وحی اور پیغام خداوندی کی ابتداء اچھے خوابوں سے ہوئی۔ چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ پر وحی کی ابتداء اچھے خوابوں سے ہوئی۔ آپ ﷺ خواب میں جو دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی طرح واضح ہو جاتا۔

ابن ابی جمرہ فرماتے ہیں کہ سچے خوابوں کو صبح کے ساتھ اس لئے تشبیہ دی گئی ہے کہ جس طرح صبح صادق کی روشنی طلوع آفتاب کا دیباچہ ہے اسی طرح رؤیا صالحہ آفتاب نبوت ورسالت کا دیباچہ اور پیش خیمہ تھا اور یہ سچے خوابوں کا سلسلہ چھ ماہ تک جاری رہا ان خوابوں کے آنے کی وجہ یہ تھی کہ اگر فرشتہ اچانک پیغام رسالت لے کر آتا تو بظاہر بشری قوت اس کی متحمل نہ ہو سکتی تھی اس لئے مقدمات نبوت سے ابتداء ہوئی۔ (سیرت مصطفیٰ ۱: ۱۳۰)

حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا فرماتے ہیں:

رُؤْیَا الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْہِمُ الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ وَحْیٌ. (عمدۃ القاری ۱: ۵۳)

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے خواب وحی ہوتے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں قربانی دینے کا حکم ملا تھا اور حضرت سیدنا محمد ﷺ نے واقعہ صلح حدیبیہ سے پہلے بھی خواب دیکھا تھا۔

غار حراء میں خلوت پسندی:

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا فرماتی ہیں کہ پھر آپ ﷺ کو تنہا رہنا پسند ہوا۔ آپ کو تنہائی کا شائق بنا دیا گیا اور آپ غار حراء میں تنہا رہنے لگے۔ آپ گھر والوں کی طرف لوٹنے سے قبل متعدد راتیں عبادت کرتے تھے اور خلوت وعبادت کے لئے خرچ لے جاتے۔ جب وہ کھانے کی چیزیں ختم ہو جاتی تو آپ پھر حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے پاس آتے۔

Marfat.com

ئندہ کے لئے پھر حسب ضرورت کھانا لے جاتے یہاں تک کہ آپ کے پاس حق آ گیا۔ یعنی حضرت جبریل علیہ السلام وحی لے کر آ گئے) اور اس وقت آپ اسی غار میں تھے۔

غار حراء میں مدت قیام:

صحیحین میں آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حراء میں ایک ماہ تک معتکف رہا۔ ہ مہینہ رمضان کا تھا۔

اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وخلوت یک ماہ بود یا ماہ رمضان بود۔ (اشعة اللمعات ٤:٥٠٦)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نزول وحی سے قبل بھی عارف باللہ تھے اور اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات و مانتے اور جانتے تھے۔ مختار اور حق بات یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دین ابراہیمی پر تھے اور اسی ریقہ کے مطابق غار حراء میں عبادت کرتے تھے۔ (اشعة اللمعات ٤:)

علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

اِنَّهٗ كَانَ يَتَعَبَّدُ بِشَرِيْعَةِ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ. (عمدة القاری ١:٦١)

کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت پر عبادت کیا کرتے تھے۔

پہلی وحی:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم حسب معمول غار حراء میں محو ذکر و فکر تھے کہ آپ کے پاس اچانک فرشتہ یا اور ایک ریشمی کپڑا لایا جس پر کچھ لکھا ہوا تھا۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس نے کہا: پڑھو! میں نے کہا میں پڑھنے والا نہیں ہوں حتی کہ فرشتے نے مجھے پکڑا اور اتنا دبایا کہ وہ تھک گیا۔ خود س بڑی مشقت اٹھانی پڑی پھر چھوڑ دیا۔ دوسری بار کہا: اِقْـــرَأ (پڑھو)۔ میں نے کہا: میں س پڑھتا۔ فرشتہ نے پھر دوسری بار مجھے پکڑا اور اتنا دبایا کہ وہ تھک گیا۔ پھر مجھے چھوڑ دیا اور

Marfat.com

تیسری بار کہا: پڑھو! میں نے پھر وہی جواب دیا: مَا اَنَا بِقَارِئٍ میں نہیں پڑھنے والا۔ فرشتے نے تیسری بار پھر مجھے دبایا اور کہا: اپنے رب کے نام سے پڑھو۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ھشام ۱: ۱۷۰۔۱۶۹)

﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ۞ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۞ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ۞ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۞ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۞﴾ [علق ۹۶: ۱ تا ۵

(اے محبوب) پڑھیئے اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ خون بستہ سے انسان کو بنایا۔ آپ پڑھیں اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے۔ جس نے قلم سے (لکھنا) سکھایا۔ انسان کو سکھایا جو (وہ) نہ جانتا تھا۔

پڑھنے سے انکار کی وجہ کیا تھی؟

حضرت جبریل امین علیہ السلام نے تین مرتبہ اِقْرَأ کہا: مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر بار مَا اَنَا بِقَارِئٍ فرماتے رہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے تین بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معانقہ بھی فرمایا تاکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ پڑھنے کی طرف مبذول ہو مگر تینوں بار پڑھنے سے انکار کیا اور توجہ نہ فرمائی اس کی کیا وجہ تھی؟ حالانکہ بعض روایات کے مطابق یہ آیات کریمہ لکھی ہوئیں تھیں۔ تو اس کی کئی وجوہ بیان کی گئی ہیں مگر صرف ایک ہی وجہ درست معلوم ہوتی ہے وہ یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر حق سے لطف اندوز ہو رہے تھے، جمال حقیقی کے مشاہدہ میں مستغرق تھے اور اللہ تعالیٰ کے نام کے سوا کوئی اور بات سننا گوارا نہیں فرماتے تھے۔ اسی لئے جبریل امین علیہ السلام کے تین بار کہنے سے بھی اس طرف متوجہ نہیں ہوئے مگر جب حضرت جبریل امین علیہ السلام نے کہا کہ اپنے رب کے نام سے پڑھو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا شروع کر دیا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

Marfat.com

سورہ فاتحہ کا نزول:

بعض روایات میں ہے کہ اسی موقع پر سورہ فاتحہ بھی نازل ہوئی تھی اور اس کو نماز میں پڑھنے کا حکم دیا گیا تھا۔ (تفسیر عزیزی)

وضوء ونماز:

اس کے بعد حضرت جبریل امین علیہ السلام نے وضو کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی وضو فرمایا۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام نے دو رکعت نماز پڑھائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل کی اقتداء میں نماز پڑھی۔ پھر جبریل امین علیہ السلام اس کے بعد چلے گئے۔ (شرح سفر السعادت ۲۹)

نمازیں کب فرض ہوئیں؟

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اول چیزے کہ فرض شد از نماز دو رکعت بود پیش از طلوع و پیش از غروب و فرضیت نماز ہائے پنجگانہ در شب معراج شد چنانچہ مشہور ست۔ (شرح سفر السعادت ۲۹)

سب سے اول جو چیز فرض ہوئی وہ دو رکعت نماز فجر اور عصر تھی۔ نماز پنجگانہ کی فرضیت شب معراج میں ہوئی ہے جیسا کہ مشہور ہے۔

اس کے علاوہ قیام اللیل کا حکم بھی ابتدائی دور میں دیا گیا تھا۔ اگر چہ بعد میں تخفیف و اختیار کی اجازت دی گئی تھی جیسے سورہ مزمل شریف میں ہے۔ پھر معراج کے موقع پر جب نمازیں فرض ہوئیں تو ظہر و عصر و عشاء کی دو دو رکعتیں فرض ہوئیں تھیں مگر ہجرت کے بعد مدینہ شریف میں نمازوں میں اضافہ ہوا۔ ظہر، عصر اور عشاء کی چار چار رکعتیں مقرر ہوئیں تھیں۔ نزول وحی کے بعد حضرت جبریل علیہ السلام نے بحکم حق تعالیٰ دو مرتبہ کعبہ شریف کے پاس نماز پڑھائی۔ پہلے دن ہر نماز اول وقت میں اور دوسرے دن کچھ تاخیر کر کے پڑھائی۔ اس

Marfat.com

طرح نمازوں کے اوقات کی بھی تعلیم دے دی گئی۔ خیال رہے کہ امامت جبریل کا واقعہ معراج کے بعد پیش آیا تھا مگر سیرت ابن ہشام نے یہاں ہی ذکر کیا ہے اور ذکر معراج کے بعد نہیں کیا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

غار حراء سے واپسی:

پھر نبی اکرم ﷺ نازل شدہ آیات لے کر واپس گھر تشریف لائے۔ قلب مبارک مضطرب تھا۔ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے فرمایا کہ مجھے کمبل اوڑھا دو۔ آپ ﷺ کو کمبل اوڑھا دیا گیا یہاں تک کہ وہ کیفیت واضطراب دور ہو گیا۔ پھر نبی ﷺ نے حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے غار حراء کا تمام ماجرا بیان کر کے فرمایا کہ مجھے تو اپنی جان کا خطرہ ہو گیا تھا۔

قول ثقیل:

وہ الفاظ حدیث یہ ہیں: لَقَدْ خَشِیْتُ عَلٰی نَفْسِیْ.

بلاشبہ مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے۔

اس جملہ میں وحی کی شدت وتکلیف کو بیان فرمایا گیا اور مقصود اس سے یہ بار نبوت ورسالت کی عظیم ترین ذمہ داریوں کو بیان کرنا ہے۔ نیز وحی کا ثقیل ہونا تو خود قرآن مجید سے ثابت ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا﴾ [المزمل ۷۳:۵]

بیشک ہم عنقریب آپ پر بھاری کلام نازل فرمائیں گے۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ط.....﴾

Marfat.com

[الحشر ۵۹:۲۱]

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل فرماتے تو (اے مخاطب) ضرور تو اسے (اللہ کے لئے) جھکتا ہوا اللہ کے خوف سے پھٹا ہوا دیکھتا۔

پھر حق تعالیٰ نے اس قول ثقیل یعنی وحی کو آسان فرما دیا تھا۔

﴿ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۞ الَّذِيْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۞ ﴾ [الم نشرح ۹۴:۳-۲]

اور آپ سے آپ (کی امت کے غم) کا وہ بوجھ اتار لیا۔ جس نے آپ کی پشت (مبارک) کو گراں بار کر رکھا تھا۔

اور یہ نبوت کے فرائض کو پورا کرنے کا احساس تھا جس کی فکر لاحق ہوئی۔ بہر حال اس جملہ حدیث میں وحی کی تکلیف و شدت اور عظیم تر ذمہ داریوں کا بیان ہے نہ کہ آپ کو اپنی نبوت و رسالت میں کوئی شک و شبہ تھا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کا خوبیاں بیان کرنا:

حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا یہ جملہ (مجھے اپنی جان کا خطرہ ہوا ہے) سن کر فرمانے لگیں: ہرگز نہیں، بخدا اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی بھی پریشان و شرمندہ نہیں کرے گا۔ آپ قرابت داروں کا حق ادا کرتے ہیں، بے سہاروں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں، ضرورت مندوں کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں، مسافروں کی میزبانی کرتے ہیں اور لوگوں کو راہ حق میں آنے والے حوادث پر مدد دیتے ہیں۔

ورقہ بن نوفل کے پاس لے جانا:

پھر حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا آپ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل (بن اسد بن عبدالعزی) کے پاس لے گئیں۔ ورقہ بن نوفل زمانہ جاہلیت میں عیسائی ہو گئے تھے۔ وہ

Marfat.com

عربی زبان لکھنا جانتے تھے اور انجیل کو عبرانی زبان میں لکھتے تھے۔ آپ بہت بوڑھے تھے اور آنکھوں کی روشنی بھی جاتی رہی تھی۔ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نے ورقہ سے فرمایا: اے ابن عم اپنے بھتیجے کا ماجرا سنیے! ورقہ نے نبی ﷺ سے کہا: اے میرے بھتیجے بتاؤ تم کیا دیکھتے ہو؟ نبی ﷺ نے جو کچھ دیکھا تھا بیان فرما دیا۔

ورقہ کا جواب اور حسرت کا اظہار:

ورقہ نے کہا یہی وہ ناموس (محرم راز) ہے جس کو خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتارا تھا۔ اے کاش کہ میں آپ کے زمانہ دعوت میں جوان ہوتا، کاش میں اس وقت زندہ رہ سکتا جب کہ آپ کی قوم آپ کو مکہ سے ہجرت کرنے پر مجبور کر دے گی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: کیا میری قوم مجھے نکال دے گی؟ ورقہ نے جواب دیا: ہاں جو کچھ آپ لے کر آئے ہیں اس کو لے کر کوئی آدمی نہیں آیا جس سے لوگوں نے دشمنی نہ کی ہو۔ اگر اس زمانہ میں زندہ رہا تو آپ کی ہر طرح سے ضرور مدد کروں گا۔ اس واقعہ کے تھوڑے ہی دنوں بعد ورقہ نے وفات پائی اور وحی آنا بھی رک گئی۔ (الصحیح البخاری کتاب بدء الوحی باب ۳، حدیث ۳)

خیال رہے کہ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نبی ﷺ کو اس لئے ورقہ بن نوفل کے پاس لے کر نہیں گئی تھیں کہ انہیں تصدیق نہیں تھی بلکہ نبی ﷺ کے متعلق دوسروں کی زبان سے ایک مضبوط شہادت مہیا فرمانا چاہتی تھیں کہ یہ وہی نبی ہیں جن کا ذکر کتب سابقہ میں آیا ہے۔

حضرت ورقہ کا اسلام:

سید عالم ﷺ نے فرمایا کہ بیشک میں نے ورقہ کو جنت میں ریشمی کپڑے پہنے دیکھا اس لئے کہ وہ مجھ پر ایمان لائے تھے اور انہوں نے میری تصدیق کی تھی۔

(سیرت خاتم النبیین ۱:۳۷٤)

Marfat.com

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

بدانکہ درایمان ورقہ بآں حضرت خلافے نیست۔(اشعة اللمعات)

جاننا چاہے کہ ورقہ کے ایمان لانے میں اختلاف نہیں ہے۔

کیونکہ وہ نبی پر ایمان لائے تھے۔البتہ اختلاف اس میں ہے کہ کیا وہ صحابی ہیں یا نہیں؟ بعض نے کہا وہ صحابی نہیں مؤمن ہیں کیونکہ وہ اعلان نبوت سے پہلے ہی فوت ہو گئے تھے۔

فترۃ الوحی کی مدت:

یعنی سورہ اقراء شریف کی ابتدائی پانچ آیات کے نزول کے بعد وحی رک گئی جس کو فترۃ الوحی کہتے ہیں۔اس کی مدت میں اختلاف ہے۔بعض کہتے ہیں 3 سال۔بعض کہتے ہیں 6 ماہ تک کوئی حکم نازل نہیں ہوا۔

شیخ ابوزہرہ مرحوم لکھتے ہیں:

اِنَّمَاالَّذِیْ نَعْتَقِدُ اَنَّ الْمُدَّةَ لَابُدَّ اَنْ تَکُوْنَ فِیْ دائِرَةِ الْاَشْهُر وَّلَعَلَّهَا خَمْسَةُ اَشْهُرٍ وَّ بَعْضٌ. (خاتم النبیین)

فترۃ الوحی کی مدت سالوں میں نہیں ہے مہینوں میں دائر ہے اور شاید اس کی مدت 5 ماہ اور کچھ دن ہو۔

بہر حال یہ مدت قلیل تھی یا کثیر مگر سلسلہ وحی منقطع ہونے سے آپ کے قلب منیر کو بے حد صدمہ ہوا۔

دوسری وحی سورہ والضحیٰ:

تب اللہ تعالیٰ نے سورہ وَالضُّحٰی نازل فرمائی۔(السیرة النبویة لابن هشام ۱:۱۷٤)

Marfat.com

چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿ وَالضُّحٰی ۞ وَالَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ۞ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ۞ وَلَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ۞ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ۞ اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ۞ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَهَدٰی ۞ وَ وَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰی ۞ فَاَمَّا الۡیَتِیۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ ۞ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ۞ وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ ۞ ﴾

[الضحیٰ ۹۳: ۱ تا ۱۱]

قسم ہے روز روشن کی اور رات کی۔ جب وہ سکون کے ساتھ چھا جائے۔ نہ آپ کے رب نے آپ کو چھوڑا اور نہ ہی وہ ناراض ہوا۔ اور یقیناً بعد آنے والی گھڑی آپ کے لیے پہلی سے (بدرجہا) بہتر ہے۔ اور عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ کیا اس نے نہیں پایا آپ کو یتیم پھر (اپنی آغوش رحمت میں) جگہ دی۔ اور آپ کو اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو منزل مقصود تک پہنچا دیا۔ اور اس نے آپ کو حاجت مند پایا تو غنی کر دیا۔ پس کسی یتیم پر سختی نہ کیجئے۔ اور جو مانگنے آئے اس کو مت جھڑکیے۔ اور اپنے رب (کریم) کی نعمتوں کا ذکر فرمایا کیجئے۔

سورۃ والضحیٰ کی خصوصیت:

اس سورۃ مبارکہ کی ترتیب اور انداز بیان بڑا شاندار، دلنشیں اور دلپذیر ہے جس کا خلاصہ یہ ہے۔

تین وعدے:

اس سورہ مبارکہ کے آغاز میں دن اور رات کی قسم فرمانے کے بعد اپنے نبی ﷺ سے تین وعدے فرمائے تاکہ پیارے نبی ﷺ کو تسلی ہو۔

Marfat.com

(1) ہم نے آپ کو نہ تو چھوڑا ہے اور نہ ہم آپ سے ناراض ہوئے ہیں۔

کون کہتا ہے کہ ہم تم میں جدائی ہوگی
یہ ہوائی کسی دشمن نے اڑائی ہوگی

(2) آپ کی ہر پچھلی حالت پہلی حالت سے کئی درجہ بہتر ہوگی۔ (یعنی مدنی زندگی کی زندگی سے، یا آخرت کی زندگی دنیوی زندگی سے)

(3) اور آپ کو آپ کا رب اس قدر عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

اس میں عطائے عام کا ذکر ہے جو ہر نعمت کو شامل ہے۔

تین احسان:

ان تین وعدوں کے بعد تین احسان ذکر کئے گئے جو تینوں وعدوں کے مقابل ہیں۔

(1) ہم نے آپ کو یتیم پایا پھر جگہ دی۔

(2) آپ کو اپنی محبت میں خود رفتہ پایا پھر منزل مقصود تک پہنچا دیا اور وصل محبوب سے نوازا، یا بذریعہ وحی احکام شریعت کا وسیع علم عطا فرمایا۔

(3) آپ کو حاجت مند پایا تو ظاہری و باطنی دولت سے غنی کر دیا۔

راقم الحروف نے تفسیر سورہ والضحی کی مزید شرح کی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

شکر ادا کرنے کا حکم:

پھر حق تعالیٰ نے ان تین احسانوں کے بعد بدلہ میں شکر ادا کرنے کا حکم دیا۔ لہذا (1) کسی یتیم کو مت جھڑکنا (2) کسی مانگنے والے پر سختی نہ کرنا (3) اور اپنے رب کی عطا کردہ نعمتوں کا چرچا کرنا۔ کیونکہ منعم حقیقی کا ذکر کرنا منعم حقیقی کا شکر ادا کرنا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ دو قسمیں، تین وعدے، تین احسان اور تین باتوں کا حکم دیا ہے۔

Marfat.com

قَالَ الْفَقِيْهُ الْقَاضِیُّ وَفَّقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی: تَضَمَّنَتْ هٰذِهِ السُّوْرَةُ مِنْ كَرَامَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی لَهٗ وَ تَنْوِيْهِهٖ بِهٖ وَ تَعْظِيْمِهٖ اِيَّاهُ سِتَّةَ وُجُوْهٍ. (كتاب الشفاء ۱: ۳۰)

حضرت فقیہہ قاضی رَحِمَهُ اللّٰه فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورہ مبارکہ میں چھ طریقوں کے ساتھ نبی مکرم ﷺ کی شان کو ظاہر فرمایا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جب ہم نے اعلان نبوت سے قبل آپ کو نہیں چھوڑا اور اپنی رحمتوں میں رکھا تو اب اعلان توحید کرنے کے بعد آپ کو کب فراموش کیا جا سکتا ہے۔ لہذا وحی کے چند دن نہ آنے سے پریشان نہ ہوں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ خیال رہے کہ سورہ وَالضُّحٰی کے نزول میں اور روایتیں بھی ہیں جیسے بخاری شریف میں آیا ہے مگر یہاں سورہ وَالضُّحٰی کا وہ سبب نزول درج کیا گیا ہے جو سیرت ابن ہشام میں مذکور ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

تیسری وحی:

پہلی وحی یعنی اللہ تعالیٰ کا پہلا پیغام سورہ اِقْرَأ کی ابتدائی پانچ آیات ہیں اور دوسری وحی بقول صاحب سیرت ابن ہشام سورہ وَالضُّحٰی شریف ہے جو ایک مدت وحی رک جانے کے بعد نازل ہوئی اور تیسری وحی سورہ مدثر کی ابتدائی آیات ہیں۔ مگر بعض کے نزدیک یہ دوسری وحی ہے۔ اس کے نزول کے بعد سلسلہ وحی جاری رہا یہاں تک قرآن مجید مکمل نازل ہوا۔ سورہ مُدَّثِّر کی آیات میں اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو حکم دیا کہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دو۔

ان آیات کے نزول کا واقعہ بخاری شریف کتاب الوحی میں حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے یوں مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دوران گفتگو فرمایا کہ جب میں چلا جا رہا تھا اچانک ایک آواز آسمان کی طرف سے آتی سنی۔ میں نے فوراً نگاہ اٹھا کر دیکھا تو وہی

Marfat.com

فرشتہ جو میرے پاس غار حراء میں آیا تھا آسمان وزمین کے درمیان معلق کرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔ پس میں اس سے مرعوب ہو کر پلٹ آیا اور مکان میں پہنچ کر میں نے اہل خانہ سے کہا کہ مجھے کپڑا اوڑھاؤ، مجھے کپڑا اوڑھاؤ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔

﴿ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۞ قُمْ فَاَنْذِرْ ۞ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۞ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۞ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۞ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۞ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۞ ﴾ [المدثر ٧٤: ١ تا ٧]

اے چادر اوڑھنے والے (محبوب)۔ اٹھیے پھر (لوگوں کو اللہ کا) خوف دلائیے۔ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے۔ اور (حسب سابق) اپنے کپڑے پاک رکھیئے۔ اور (پہلے کی طرح) بتوں کو چھوڑے رہیئے۔ اور زیادہ لینے کے لئے کسی پر احسان نہ کیجئے۔ اور اپنے رب کے لئے صبر فرمایئے۔

ان آیات میں سب سے پہلے پیارے لقب سے ندا فرما کر چھ باتوں کا حکم دیا ہے جو ترجمہ سے ظاہر ہیں۔

تین برس تک خفیہ دعوتِ اسلام:

اس حکم خداوندی کے نازل ہونے کے بعد خفیہ طور پر دعوت اسلام کا آغاز ہو گیا۔ اس خفیہ دعوت اسلام کا سلسلہ تین برس تک جاری رہا۔ پہلے تو انفرادی طور پر دعوتیں دی جاتی رہیں۔ پھر تعلیم اسلام اور دعوت توحید اجتماعی طور پر شروع کی گئی۔ اس 3 سالہ دور میں ابتدائی اڑھائی سال تک تو لوگ الگ الگ رہتے تھے اور بعد میں حضرت ارقم بن ابی ارقم رضی اللہ عنہ کے مکان کو دینی مرکز بنا لیا تھا جن کا گھر کوہ صفا کے قریب تھا۔

Marfat.com

پہلی درسگاہ:

ہمارے آقا ﷺ کی یہ پہلی درسگاہ تھی۔ اس تین سالہ مدت میں جو طلبا اس درسگاہ محمدی سے فارغ ہوئے ان کی تعداد تقریباً 134 تک پہنچ گئی تھی۔ (سیرت ابن ہشام)

طلباء اسلام کی یہ جماعت کسی خاص قبیلہ سے تعلق نہیں رکھتی تھی بلکہ اسلام قبول کرنے والے یہ لوگ مختلف خاندانوں اور قبیلوں سے تعلق رکھتے تھے اور یہ سب ہم عمر بھی نہیں تھے بلکہ مختلف عمروں کے تھے۔ ان میں جوان بھی تھے اور بوڑھے بھی، ان میں مرد بھی تھے اور عورتیں بھی، آزاد بھی تھے اور غلام بھی۔ ان میں حضرت ابوبکر صدیق، حضرت علی، حضرت سیدہ خدیجہ کبریٰ اور حضرت زید رضی اللہ عنہم پہلے ایمان لانے والوں میں سے ہیں۔ یہ کس قدر خوش نصیب تھے جنہوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا درجہ حاصل کیا اور ﴿وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ﴾ [التوبہ ۹:۱۰۰] کے مرتبہ پر فائز ہوئے۔ اس خفیہ تبلیغ کرنے سے ایک تو جماعت بن گی جو اسلام لا چکی تھی۔ دوسرا اب ہر گھر، ہر گاؤں اور ہر شہر میں اسلام کا چرچا ہونے لگا۔ زیادہ تر دعوت اسلام کے موضوع توحید، رسالت، قیامت اور رد شرک ہوا کرتے تھے۔ اور یہ خفیہ تبلیغ کسی خوف کی بنا پر نہیں تھی بلکہ کئی حکمتوں پر مبنی تھی۔

نبوت کے چوتھے سال کے واقعات:

تین سال خفیہ تبلیغ کرنے سے جب مسلمانوں کی ایک جماعت تیار ہو چکی اور اسلام پھیلنے لگا تو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو علانیہ دعوت حق دینے کا حکم دیا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

﴿فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَ اَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ﴾ [الحجر ۱۵:۹۴]

تو آپ علانیہ فرما دیں جس بات کا آپ کو حکم دیا جاتا ہے اور مشرکین سے منہ پھیر لیجئے

Marfat.com

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۞ ﴾ [فصلت ۴۱:۳۳]

اور اس سے بہتر بات کس کی ہو سکتی ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

قرابت داروں کو تبلیغ:

جب علانیہ تبلیغ کرنے کا حکم دیا گیا تو فرمان خداوندی کے مطابق مراتب کے لحاظ سے علانیہ تبلیغ کا کام شروع کر دیا اور یہ نبوت کا چوتھا سال تھا چنانچہ قریبی رشتہ داروں سے تبلیغ شروع کی۔[۱۵]

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ ۞ وَاخْفِضْ جَنَاحَکَ لِمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۞ ﴾ [الشعرآء ۲۱۵]

اور (اے محبوب) آپ اپنے قریب تر رشتہ داروں کو ڈرایئے۔ اور اپنے (رحم و کرم کے) بازو ان لوگوں کے لئے جھکا دیجئے جنہوں نے آپ کی پیروی کی مسلمانوں میں سے۔

نبی ﷺ کے قریبی رشتہ دار بنی ہاشم اور بنی مطلب ہیں۔ حضور سید عالم ﷺ نے انہیں علانیہ خدا کا خوف دلایا۔

خطبہء کوہ صفا:

چنانچہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت مذکور نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ اس حکم کی تعمیل کے لئے فوراً نکل پڑے اور کوہ صفا پر چڑھ کر قریش کے قبائل کو پکارنا

Marfat.com

شروع کیا: اے فہر کی اولاد! اے عدی کی اولاد! اس طرح آپ نے قریش کے تمام قبائل اور شاخوں کو نام بنام پکارا۔ چنانچہ آپ ﷺ کی آواز پر قریش کے تمام قبائل اور گروہ آپ کے گرد جمع ہو گئے۔ یہاں تک کہ جو شخص کسی عذر اور مجبوری کی وجہ سے خود اس جگہ نہیں پہنچ سکا تو اس نے یہ معلوم کرنے کے لئے کہ محمد (ﷺ) نے سب کو کیوں بلایا ہے کسی کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیج دیا۔ غرضیکہ جب سب اہل قریش اور حضور ﷺ کا چچا ابولہب بھی آ گیا تو آپ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا کہ اگر میں تمہیں یہ خبر دوں کہ (جنگجو) سواروں کا ایک دستہ اس پہاڑ کی اوٹ سے برآمد ہوا ہے اور ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ سواروں کا ایک دستہ مکہ شریف کے جنگل سے نمودار ہوا ہے اور قتل و غارتگری کے لئے رات کے کسی حصہ میں تم لوگوں پر اچانک ٹوٹ پڑے گا تو بتاؤ کہ کیا تم لوگ میری بات کو سچ مانو گے؟ سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ ہاں ضرور سچ مانیں گے کیونکہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا پایا ہے۔ تب آپ ﷺ نے فرمایا: سنو میں تم لوگوں کو اس عذاب شدید سے ڈراتا ہوں جو دنیا و آخرت میں تمہارے سامنے پیش آنے والا ہے۔ یہ سننا تھا کہ ابولہب بول اٹھا اور کہنے لگا تیرے لئے ہلاکت و نقصان ہو، کیا تم نے سارا دن ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا۔

سورہ لہب کا نزول:

اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

﴿ تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ ۞ ﴾ [اللهب ۱۱۱:۱]

ٹوٹ جائیں دونوں ہاتھ ابولہب کے اور وہ ہلاک ہو جائے۔

فَالْمَعْنٰى خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ اَلْاَوَّلُ دُعَاءٌ وَالثَّانِيْ اِخْبَارٌ.

(المرقاۃ ۱۱:۱۱۷)

Marfat.com

سوآیت کا معنی ہے کہ ابولہب نے دنیا وآخرت میں نقصان اٹھایا ہے یا پہلی آیت دعا ہے اور دوسری خبر کہ یہ آئندہ ہلاک ہوگا۔

دراصل یہ پوری سورت ہی اس کی اور اس کی بیوی کی مذمت میں نازل ہوئی ہے جس میں ان دونوں کی عداوت اور دشمنی کا ذکر کیا گیا ہے اور ہلاکت کی خبر دی گئی ہے۔

اسلام وکفر کی جنگ میں تیزی:

اس علانیہ دعوت کے بعد اسلام وکفر، حق وباطل اور نیکی اور بدی کی جنگ جاری ہوگئی۔ ادھر نبی ﷺ کے تبلیغی مشن میں دن بدن تیزی ہوئی ادھر داعی حق اور دعوت اسلام قبول کرنے والوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دینا شروع کر دیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے اس ارشاد سے کفرستانوں کے محلات میں زلزلہ آ گیا تھا۔

يَآاَيُّهَاالنَّاسُ قُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ تُفْلِحُوْا. (مسند احمد ٥: ٤٣٤ حدیث ٢٣٢١٣)

اے لوگو تم کہو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں دنیا وآخرت میں کامیاب ہو جاؤ گے۔

جیسے جیسے اسلام کی شمع تیز ہوتی جا رہی ہے تو کفار بھی مسلمانوں کو آئے دن طرح طرح سے تکلیفیں دے رہے ہیں۔ مگر نبی ﷺ ان تمام تکلیفوں اور ایذاؤں کے باوجود دعوت حق کو تمام قبائل تک پہنچاتے رہے۔

سورہ نون کی آیات کا نزول:

چونکہ ولید بن مغیرہ سب سے بڑا گستاخ رسول تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے ولید بن مغیرہ کی مذمت میں سورہ نون کی ابتدائی آیات کریمہ نازل فرمائیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اس کے تمام عیبوں کو ظاہر فرمایا۔

Marfat.com

نبوت کے پانچویں سال کے واقعات

مسلمانوں کی حبشہ کی طرف پہلی ہجرت:

دین اسلام کی خاطر جان و مال اور زر کی قربانی کے ساتھ وطن بھی قربان کرنا پڑتا ہے اور وطن کو چھوڑنا اور ہجرت کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً..... ﴾

[نساء ۴: ۱۰۰]

اور جو شخص ہجرت کرے گا اللہ کی راہ میں پائے گا زمین میں پناہ کے لیے بہت جگہ اور کشادہ روزی۔

﴿ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴾ [العنکبوت ۲۹: ۵۶]

اے میرے بندو جو ایمان لا چکے ہو بیشک میری زمین بڑی کشادہ ہے سو صرف میری عبادت کرو۔

کفار نے جب طرح طرح کی بے حد تکلیفیں دینی شروع کر دیں تو نبی ﷺ نے ملک حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا کیونکہ اس ملک کا عیسائی نجاشی بادشاہ بڑا رحم دل تھا۔

مہاجرین حبشہ کی تعداد:

چنانچہ اسی حکم کے مطابق 11 مردوں اور 5 عورتوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ ان میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور ان کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا بھی تھیں یعنی بنت رسول اللہ ﷺ۔ یہ نفوس قدسیہ ایک تجارتی جہاز کے ذریعے بآسانی حبشہ پہنچ گئے اور تقریباً 3 ماہ تک وہاں امن و امان اور عافیت کے ساتھ رہے۔ ماہ شوال میں ان کو یہ غلط خبر ملی

Marfat.com

کہ اہل مکہ سب ایمان لائے ہیں۔لہذا ان میں سے اکثر واپس مکہ معظّمہ آ گئے۔بعض کے
ز دیک 10 مرد اور 4 عورتیں تھیں اور ان سب کے امیر عثمان بن مظعون ؓ تھے۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ھشام ۱:۲۳۸)

نیز بعض روایات میں ہے کہ حضرت جعفر طیار ؓ بھی مہاجرین کے ساتھ تھے۔
یادہ صحیح یہ ہے کہ آپ دوبارہ ہجرت کرنیوالوں کے ساتھ تھے۔

نبوت کے چھٹے سال کے واقعات

حبشہ کی طرف دوسری ہجرت:

اور جب دیکھا کہ مکہ میں تو مسلمانوں پر اسی طرح ظلم ہو رہا ہے تو رسول اللہ ﷺ
نے دوسری مرتبہ ملک حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا چنانچہ نبوت کے چھٹے سال واپس
آنے والے جو مہاجرین تھے انہوں نے دوسری بار ہجرت کی۔ان کی مجموعی تعداد تقریبا 86
مرد اور 17 عورتیں تھی اور بعض روایات کے مطابق ان مہاجرین کی تعداد 103 تھی اور ان
کے سردار اور امیر حضرت جعفر بن ابی طالب ؓ تھے جنہوں نے دربار نجاشی میں ایک زوردار
اور بصیرت افروز تقریر کی اور سورہ مریم شریف پڑھ کر سنائی۔نجاشی اور سب درباری یہ سن کو
بڑے متاثر ہوئے۔دوبارہ ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان غنی اور ان کی زوجہ محترمہ
حضرت رقیہ بنت رسول رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا بھی تھیں۔

مہاجرین حبشہ کی واپسی:

جب نبی کریم ﷺ نے مدینہ شریف کی طرف ہجرت فرمائی تو حبشہ کے مہاجرین
میں سے بعض حضرات فوراً واپس مدینہ آ گئے تھے اور حضرت جعفر بن ابی طالب اور دیگر بعض
مہاجرین وہیں رہ گئے تھے۔پھر بعد میں وہ فتح خیبر کے موقع پر مدینہ منورہ واپس آئے تھے

Marfat.com

جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نبی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معانقہ فرمایا اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی پیشانی پر بوسہ دیا اور فرمایا میں نہیں بتا سکتا کہ فتح خیبر سے مجھے آج زیادہ خوشی ہے یا کہ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے آنے سے۔

حبشہ کا نجاشی ایمان لایا تھا اور نبی علیہ وسلم نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی تھی۔

تیسیر القاری شرح بخاری، کتاب المناقب ۳: ۵۲۳

حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا:

نبوت کے اسی چھٹے سال حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا اور آپ کے اسلام لانے سے مسلمانوں کو بڑی قوت حاصل ہوئی اور کفار کو مایوسی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا:

حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے تین دن کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ دار ارقم بن ابی ارقم میں جا کر ایمان لائے۔ ان کے ایمان لانے سے مسلمانوں کو بے حد خوشی ہوئی اور اسلام کا ایک نیا دور شروع ہو گیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعا:

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا فرمائی تھی:

اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَبِیْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ اَوْ بِعُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ قَالَ فَاَصْبَحَ فَغَدَا عُمَرُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَاَسْلَمَ.

الترمذی، ابواب المناقب، ۳۹۳۰

مسند احمد ۲:۱۲۹ حدیث ۵۶۹۸

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ

Marfat.com

سلام کو عزت دے ابو جہل بن ہشام سے یا عمر بن خطاب سے۔ جب حضرت عمر نے صبح کی تو نبی ﷺ کے پاس گئے اور اسلام لائے پھر مسجد میں ظاہر نماز پڑھی۔

دوسری روایت میں ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے لئے خصوصی دعا کی گئی تھی۔ معلوم ہوا کہ حضرت عمر کو نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے مانگ کر لیا تھا۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہجرت:

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کے ارادہ سے مکہ سے چل پڑے تو جب برک الغماد تک پہنچے تو ابن الدغنہ نے دیکھا کہ یہ ابو بکر صدیق ہیں۔ دریافت کرنے پر فرمایا میں حبشہ کی طرف جا رہا ہوں۔ ابن الدغنہ اپنے ہمراہ واپس مکہ شریف لایا اور چند دن پناہ دی مگر آخر اس نے جواب دے دیا کیونکہ آپ بلند آواز سے قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تھے اور روتے تھے تو کفار اس بات کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ آپ نے فرمایا مجھے تیرے امان کی ضرورت نہیں ہے میں اللہ کی امان اور پناہ میں رہوں گا۔ چنانچہ آپ نے گھر میں مسجد بنالی اور وہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے رہے یہاں تک مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم ملا۔

جناب ابو طالب کی حمایت:

قبیلہ بنی ہاشم کے سردار اعلیٰ جناب ابو طالب تھے۔ کفار مکہ نے جب دیکھا کہ ایمان سے روکنے کے باوجود اسلام دن بدن پھیلتا جا رہا ہے تو رسول اللہ ﷺ کو شہید کرنے کی تیاریاں کرنے لگے۔ کفار نے باصرار یہ مطالبہ کیا کہ اے ابو طالب یا تو محمد (ﷺ) کو ہمارے حوالہ کریں یا ان کی حمایت کرنا ترک کریں یا انہیں ہمارے بتوں کو برا کہنے سے روکیں جناب ابو طالب نے جب ان کی کوئی بات نہ مانی۔ کفار قریش کا مقصد تو دراصل رسول اللہ

Marfat.com

ﷺ کو معاذ اللہ شہید کرنا تھا کہ انہی کی وجہ سے اسلام پھیلتا جا رہا تھا اور جناب ابو طالب اور دیگر ہاشمی خاندان کے افراد نبی ﷺ کو بوجہ رشتہ داری کے ہرگز کفار قریش کے حوالہ نہیں کرنا چاہتے تھے اور جناب ابو طالب تو نبی ﷺ کو اپنی جان اور اولاد سے زیادہ عزیز سمجھتے تھے۔

نبوت کے ساتویں سال کے واقعات

کفار کا بائیکاٹ

قریش نے بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب سے بائیکاٹ کر دیا۔ پھر جناب ابو طالب، نبی ﷺ، بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کو لے کر شعب (درہ) میں ٹھہرے جس کو شعب ابی طالب کہتے ہیں۔ آپ تین سال تک اسی درہ میں محصور و قید رہے اور اس مدت میں بھوک پیاس اور دیگر بڑی بڑی تکلیفیں اٹھائیں۔ خاندان بنی ہاشم میں سے صرف ابولہب باہر رہا اور مخالفت کرتا رہا۔ قریش نے ان کے ساتھ بیع و شراء اور نکاح کے تمام تعلقات ختم کر دیئے۔ جب معاہدہ کی تحریر میں اللہ تعالیٰ کے نام پاک کے سوا سب شرطیں دیمک نے چاٹ ڈالیں اور نبی ﷺ نے خبر دی پھر کفار قریش نے بعض اشخاص کی کوششوں سے آخر اس معاہدہ کو ختم کر دیا اور اس طرح یہ بائیکاٹ ختم ہوا اور محصورین کو نجات ملی۔ اس معاہدہ کا کاتب منصور بن عکرمہ بن عامر تھا۔ بعض اس کا نام بغیض بن عامر بتاتے ہیں۔ بہر حال اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی دعا سے اس کا ہاتھ بے کار کر دیا۔ خیال رہے کہ بعض نے لکھا ہے کہ دیمک نے اسماء الٰہی چاٹ لئے تھے اور اس میں صرف شرک و ظلم اور قطع رحمی پر مشتمل تحریر رہ گئی تھی۔ اس کی خبر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو دے دی تھی۔ (السیرۃ النبویہ لابن کثیر)

محصوری کے زمانہ میں متعدد واقعات اور معجزات ظاہر ہوئے تھے جنہیں طوالت کے خوف سے نہیں لکھا گیا۔

Marfat.com

نبوت کے آٹھویں سال کے واقعات

رومیوں کے فارس پر غالب آنے کی خبر:

کفار کو خبر ملی کہ کفار فارس جو نوشیرواں کی اولاد تھی کفار روم پر جو قیصر کے ماتحت تھے غالب آگئے ہیں اس پر کفار بے حد خوش ہوئے اور مسلمانوں سے کہا کہ رومی تمہاری طرح اہل کتاب ہیں اور فارس ہماری طرح بے کتاب ہیں جس طرح ہمارے بھائی تمہارے بھائیوں پر غالب آئے اسی طرح ہم تم پر غالب آئیں گے۔ مسلمانوں کو اس بات سے رنج ہوا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ روم کی ابتدائی آیات نازل فرمائیں جن کا حاصل یہ ہے کہ دس سال کے اندر اندر رومی دوبارہ فارس پر غالب آئیں گے۔

اہل روم کی فتح:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کفار مکہ کو یہ آیات سنائیں تو کفار نے یہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ ابی ابن خلف نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے یہ شرط لگائی کہ اگر تمہارے بقول نو سال میں روم فارس پر غالب آئے تو میں تمہیں سو اونٹ دوں گا ورنہ تم سے وصول کروں گا۔ جس دن مسلمانوں کو جنگ بدر میں فتح ہوئی اسی دن یہ اطلاع بھی آئی کہ روم فارس پر غالب آگئے۔ یہ سن کر مسلمانوں میں مسرت کی لہر دوڑ گئی۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿..... وَ يَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۞﴾ [الروم ۳۰:٤]

اور اس دن ایمان والے خوش ہوں گے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ابی ابن خلف کے ضامن سے سو اونٹ وصول کر لئے۔

(بذل القوۃ اردو)

Marfat.com

ممکن ہے کہ دوطرفہ شرط لگانا جوئے کے حرمت سے پہلے کی بات ہو۔اسی سال اور بقول اس سے پہلے سال اوس اور خزرج کے درمیان جنگ بعاث ہوئی تھی۔

معجزہ شق القمر:

بعض روایات کے مطابق شق القمر کے عظیم الشان معجزے کا ظہور بھی نبوت کے آٹھویں سال ہوا۔جس کا بخاری شریف اور دیگر کتب احادیث میں ذکر آیا ہے۔

چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مکہ والوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ آپ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چاند کو دو ٹکڑے کر کے دکھایا حتی کہ انہوں نے حراء پہاڑ کو دونوں ٹکڑوں کے درمیان دیکھا اور یہ معجزہ مقام منیٰ میں پیش آیا تھا۔مگر وہ یہ معجزہ دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ [القمر ٥٤:١]

قیامت قریب آگئی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔

یہ شق قمر کا معجزہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے۔

نبوت کے نویں سال کے واقعات

عبداللہ بن ثعلبہ کی پیدائش:

اس سال عبداللہ بن ثعلبہ بن صغیر العذری کی ولادت ہوئی جو بنی زہرہ کے حلیف تھے۔بعض کا قول ہے کہ ان کی ولادت آٹھ نبوت میں ہوئی ہے اور بعض کہتے ہیں ہجرت کے بعد ہوئی ہے۔وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

Marfat.com

نبوت کے دسویں سال کے واقعات

مذاق اُڑانے والے:

اعلان توحید ورسالت کے بعد تمام کفار حضور ﷺ اور اہل اسلام کا مذاق اڑاتے اور سخت دشمنی کرتے تھے مگر ان گستاخوں اور بے ادبوں کا ایک خاص گروہ تھا جو بڑی دل آزار باتیں کرتا تھا۔ ان کی تعداد بقول بعض 19 اور بقول بعض 20 بیان کی جاتی ہے۔ ان میں ابو لہب، ابو جہل، عاص بن وائل سہمی، اسود بن عبد یغوث، حارث بن قیس اور ان سب کا افسر ولید بن مغیرہ مخزومی تھا۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا:

﴿اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۞ اَلَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ج فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۞ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۞﴾

[النحل ١٦:٩٧،٩٦،٩٥]

بیشک ہم نے آپ کی کفایت فرمائی مذاق اُڑانے والوں (کے شر) سے۔ جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بناتے ہیں تو عنقریب وہ جان لیں گے۔ اور بیشک ہم خوب جانتے ہیں کہ آپ کا سینہ تنگ ہوتا ہے اس سے جو وہ کہتے ہیں۔

سوالات ومطالبات:

کفار نے مسلمانوں کو ستانے کے لئے طرح طرح کے مطالبے اور سوالات کئے جن کا ذکر قرآن حکیم کے مختلف مقامات پر آیا ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ مسلمانوں اور غیر مسلم ہاشمی خاندان شعب ابی طالب کے ساتھ باہر آئے تو مسلمانوں کا پھر مزید امتحان ہونے لگا۔ مثلاً نضر بن حارث نے علماء یہود سے دریافت کر کے تین سوال کئے کہ وہ کون لوگ تھے جو گذشتہ زمانہ میں بادشاہ وقت کے خوف سے بھاگے تھے؟ وہ کون آدمی تھا جو دنیا میں گھومتا

Marfat.com

پھرا؟ اور روح کیا چیز ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے بذریعہ وحی بتایا کہ جو نوجوان بادشاہ کے ڈر سے بھاگے وہ اصحاب کہف تھے، دنیا میں گھومنے والا ذوالقرنین تھا (سورہ کہف) اور روح کے بارے میں فرمایا:

﴿.....قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ.....﴾ [بنی اسراء یل ۱۷:۸۵]

فرما دیجئے روح میرے رب کے امر سے ہے۔

اور اسی طرح بے محل شرطیں لگاتے جیسے سورہ بنی اسرائیل وغیرہ میں ذکر کی گئی ہیں۔ اور بے معنی مطالبہ کرتے جن کا ذکر سورہ فرقان میں ہے۔

جناب ابو طالب کا انتقال:

نبوت کے دسویں سال، سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ کی 8 برس کی عمر سے لے کر نبوت کے دسویں سال تک انتہائی مدد اور حمایت کرنے والے جناب ابو طالب انتقال فرما گئے۔ یعنی پورے 41 سال اور مشکل سے مشکل وقت میں نبی مکرم ﷺ کی مدد کی، اس لئے ان کی وفات سے بے حد صدمہ ہوا اور کفار قریش کے لئے جو ایک ظاہری رکاوٹ تھی وہ بھی دور ہو گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے جناب ابو طالب کے لئے یہ تمنا ظاہر کی کہ وہ ایمان لائیں مگر محققین علماء کے نزدیک وہ ایمان نہیں لائے تھے۔ لیکن تمام زندگی نبی ﷺ کی حمایت کرتے رہے اور مرتے وقت بھی آپ ﷺ کی مدد کرنے کی ترغیب دی تھی۔

حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کی وفات:

نبوت کے دسویں سال 10 رمضان کو تین دن کے بعد حضرت خدیجہ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا بھی 65 سال کی عمر میں وصال ہو گیا۔ رسول کریم ﷺ کو بے حد صدمہ ہوا۔

Marfat.com

ی لئے نبوت کے دسویں سال کو غم وحزن کا سال کہا جاتا ہے۔

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کی شادی:

ماہ شوال میں حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا سے 6 سال کی عمر میں نکاح کیا۔ ان کی حصتی تین سال بعد ماہ شوال کو 9 برس کی عمر میں مدینہ منورہ میں ہوئی۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی ولادت شعب میں اسی سال ہوئی۔

حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا سے شادی:

پھر نبی ﷺ نے حضرت سودہ بنت زمعہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا سے عقد نکاح فرمایا۔ یہ نکاح حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا کے عقد نکاح کے بعد ہوا تھا۔

طائف کا تبلیغی سفر:

جب اہل مکہ سے آپ ﷺ مایوس ہوئے کہ اسلام لانے کی بجائے ایذائیں دینے لگے تو آپ ﷺ دعوت اسلام کی خاطر طائف تشریف لئے گئے اور حضرت زید بن حارثہ آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔ اہل طائف کو ایک ماہ تک بعض روایات کے مطابق دس دن تک دعوت اسلام دیتے رہے۔ مگر انہوں نے کوئی بات نہ مانی اور معظم مہمان کی تعظیم کرنے کی بجائے بے حد تکلیفیں دیں اور آپ پر پتھر برسائے جس کی وجہ سے پاؤں مبارک لہولہان ہو گئے تھے۔ اس کے باوجود آپ ﷺ مایوس نہیں ہوئے۔ فرشتے نے کہا کہ کیا ان کو ہلاک کر دیا جائے آپ نے فرمایا کہ نہیں، ممکن ہے آئندہ ان کی نسلیں ایمان لائیں۔ لہذا آپ نے ان کے حق میں دعا ضرر کرنے کی بجائے دعا فرمائی کہ اے اللہ میری اس قوم کو ہدایت نصیب فرما کیونکہ یہ مجھے نہیں جانتے۔

Marfat.com

اہل طائف کی بدسلوکی:

اس سفر کے کچھ مدت بعد ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا نے نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ یارسول اللہ کیا آپ پر جنگ احد سے کوئی دن زیادہ سخت گزرا ہے؟ (کیونکہ اس جنگ میں آپ زخمی ہوئے) آپ نے فرمایا: اے عائشہ میں نے تیری قوم قریش کی طرف سے جو تکلیفیں اٹھائی ہیں میرا ہی دل جانتا ہے سب سے زیادہ سخت دن مجھ پر عقبہ کا گزرا ہے۔ (عقبہ ایک مقام کا نام ہے جو طائف کی طرف ہے۔ نبوت کے دسویں سال شوال میں آپ وہاں تشریف لے گئے تھے) جس دن میں نے اپنے آپ کو ابن عبد یالیل کے سامنے پیش کیا (وہ طائف کا رئیس تھا)۔ اس نے میری دعوت اسلام قبول نہ کی میں مغموم ہو کر واپس آرہا تھا۔

حضرت جبریل علیہ السلام کی آمد:

میں قرن ثعالب کے مقام میں پہنچا جب ذرا آرام ہوا تو میں نے سر اٹھا کر اوپر دیکھا کہ بادل کا ایک ٹکڑا مجھ پر سایہ کئے ہوئے تھا اور اس میں جبریل علیہ السلام موجود تھے۔ انہوں نے مجھے آواز دی۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کا (رنج دینے والا) جواب سن لیا ہے اب اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کے فرشتوں کو آپ کے پاس بھیجا ہے۔ آپ جو چاہیں ان سے کام لے سکتے ہیں۔

فرشتے کا اجازت طلب کرنا:

اتنے میں اس فرشتے نے جس کے متعلق جبریل علیہ السلام نے کہا تھا مجھے سلام کیا اور کہنے لگا اے محمد ﷺ! اللہ تعالیٰ نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ آپ جو فرمائیں میں کر گزروں گا۔ اگر آپ فرمائیں تو میں مکہ کے دونوں طرف جو پہاڑ ہیں (اخشبین) انہیں ملا

Marfat.com

دوں، وہ سب چکنا چور ہو جائیں۔

آپ نے فرمایا: (نہیں ایسا نہ کرنا) مجھے امید ہے اگر یہ لوگ ہدایت نہ پا سکیں تو ان کی اولاد میں اللہ تعالیٰ ایسے لوگ پیدا کرے گا اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے۔

البخاری ، کتاب بدء الخلق ، باب اذا قال احدکم "آمین" والملئکة فی السماء ۳۲۳۱

عداس کا اسلام لانا:

جب آپ ﷺ واپس آئے تو راستہ میں ربیعہ کے دونوں بیٹوں عتبہ اور شیبہ کے پاس سے گزرے۔ وہ اس وقت اپنے باغ میں تھے اور جو معاملہ ثقیف نے کیا اس کو دیکھ لیا۔ دونوں کے دل میں رحم آ گیا اور انہوں نے اپنے غلام عداس کے ہاتھ انگور کا خوشہ آپ کی خدمت میں بھیجا۔ جب آپ نے دست مبارک انگور کے خوشہ میں ڈالا تو بسم اللہ پڑھا۔ عداس نے کہا: اس شہر والے یہ کلام نہیں پڑھتے۔ آپ نے عداس سے پوچھا: تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ تمہارا دین کیا ہے؟ اس نے کہا میں نصرانی ہوں اور نینوی کا رہنے والا ہوں۔ آپ نے فرمایا: تم مرد صالح یونس بن متی کے گاؤں کے رہنے والے ہو۔ عداس نے کہا: آپ کو کیسے معلوم ہوا؟ آپ نے فرمایا: یونس علیہ السلام میرے بھائی ہیں اور وہ میری مثل نبی ہیں۔ یہ سن کر عداس نے آپ کے دونوں ہاتھوں، سر مبارک اور دونوں پاؤں کو بوسہ دیا اور مسلمان ہو گیا۔ (الانوار المحمدیہ ۳۴۔۳۳)

دعا مستضعفین:

اسی راستہ میں آپ نے یہ دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ اَشْکُوْ ضَعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَھَوَانِیْ عَلَی النَّاسِ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَ اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ اِلٰی مَنْ تَکِلُنِیْ لٰی

Marfat.com

عَدُوٍّ بَعِيْدٍ يَتَجَهَّمُنِیْ اَمْ اِلٰی صَدِيْقٍ مَلَّكْتَهٗ اَمْرِیْ اِنْ لَمْ تَكُنْ غَضْبَانًا عَلَیَّ فَلَا اُبَالِیْ غیر اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِیْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَضَاءَ تْ لَهُ السَّمٰوَاتُ وَ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلَحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اَنْ يَّنْزِلَ بِیْ غَضَبُكَ، اَوْ يَحِلَّ بِیْ سَخَطُكَ وَ لَكَ الْعُتْبٰی حَتّٰی تَرْضٰی وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ . (الانوار المحمدية ٣٤)

اے اللہ میں تجھ سے اپنی قوت کی کمزوری اور تدبیر کی بے اثری اور لوگوں کی نظروں میں بے وقعتی کی شکایت کرتا ہوں، اے زیادہ رحم کرنیوالے تو ہی سب کمزوروں کا رب ہے اور تو ہی میرا بھی رب ہے۔ تو مجھے کس کے حوالے کر رہا ہے؟ کیا کسی بیگانے کے جو میرے ساتھ تندی سے پیش آئے یا کسی دشمن کے جس کو تو نے میرے معاملہ کا مالک بنا دیا ہے؟ اگر مجھ پر تیرا غضب نہیں ہے تو کوئی پروا نہیں لیکن تیری عافیت میرے لیے زیادہ کشادہ ہے۔ میں تیرے چہرے کے اس نور کی پناہ چاہتا ہوں جس سے تاریکیاں روشن ہو گئیں اور جس پر دنیا و آخرت کے معاملات درست ہوئے کہ تو مجھ پر اپنا غضب نازل کرے یا تیرا عتاب مجھ پر وارد ہو۔ تیری رضا مطلوب ہے یہاں تک کہ تو خوش ہو جائے۔ اور تیرے بغیر کوئی زور اور طاقت ور نہیں۔

جنوں کا قرآن کریم سننا:

نبی کریم ﷺ جب طائف سے مکہ شریف کی طرف واپسی ہوئی تو راستہ میں ایک نخلہ کے مقام پر ٹھہرے۔ وہاں آپ نے قرآن کریم کی تلاوت فرمائی۔ شہر نصیبین کے جنوں کی ایک جماعت نے قران حکیم سنا اور آ کر ایمان لائے۔ اس کا ذکر قرآن مجید کی سورہ

Marfat.com

جنوں کے وفود:

نبی ﷺ کی خدمت میں 6 مرتبہ جنات کے وفد حاضر ہوئے۔ بعض مکہ میں اور بعض مدینہ میں۔ ایک وفد کی تعداد ایک مرتبہ 7 یا 9، ایک مرتبہ 60، ایک مرتبہ 300 اور ایک مرتبہ 12000 تھی۔ (بذل القوۃ)

کیونکہ یہ مختلف اوقات اور مختلف تعداد میں حاضر ہوئے۔

مطعم بن عدی کے پاس قیام:

پھر وہاں سے مکہ شریف واپس تشریف لائے مگر مکہ کے لوگ اسی طرح سخت مخالفت کر رہے تھے۔ لہذا مطعم بن عدی کے پڑوس میں اترے اور وہاں اس کی حمایت میں آپ نے قیام فرمایا۔ مطعم بن عدی نے حسن سلوک کا جو مظاہرہ کیا نبی ﷺ نے اسے یاد رکھا۔ چنانچہ مطعم کے اسی احسان کی بنا پر بدر کے دن اسیران بدر کے متعلق ارشاد فرمایا:

لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِيْ فِيْ هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَتَرَكْتُهُمْ لَهُ

البخاری، کتاب المغازی، باب ۱۲ حدیث ۴۰۲۴

اگر آج مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور پھر مجھ سے ان گندوں کے بارے میں کچھ کلام کرتا تو میں اس کی رعایت سے ان سب کو یک لخت چھوڑ دیتا۔

حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا:

اسی عرصہ میں طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ مکہ آئے اور نبی ﷺ کی تبلیغ سن کر اسلام قبول کر لیا۔ یہ بہت بڑے شریف النسب تھے اور اپنی قوم کے سردار تھے۔ انہوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! میرا یہ ارادہ ہے کہ اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دوں میرے لئے دعا فرمائیں! تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے خصوصی دعا فرمائی۔

Marfat.com

نبوت کے گیارہویں سال کے واقعات

حج کے موقع پر کفار کا ناکام منصوبہ:

کفار مکہ دعوت حق کو روکنے کے لئے ہر حربہ استعمال کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ چنانچہ حج کے موقع پر کفار قریش نے آپس میں مشورہ کر کے ایک ناکام منصوبہ یہ تیار کیا کہ اب جو قافلے اطراف سے حج کے لئے مکہ شریف آئیں گے محمد ﷺ ہر جگہ جا کر ان قافلوں کو قرآن پڑھ کر سنائیں گے، لوگ ان کا کلام اور تلاوت سن کر اسلام قبول کریں گے اور ان کے دیدار حق نما سے فیض یاب ہوں گے تو ہم اپنے منصوبہ میں ناکام ہو جائیں گے اور ان کی تبلیغ کو روک نہیں سکیں گے۔ لہذا لوگوں میں معاذ اللہ بدگمانی پیدا کی جائے اور ان کا کلام سننے اور ان کے پاس جانے سے نفرت دلا کر روکا جائے۔ چنانچہ سب کفار ولید بن مغیرہ کے گھر جمع ہو گئے کیونکہ وہ ان سب کا بڑا سردار اور سب سے زیادہ دشمن رسول تھا۔ اس کے ساتھ بات ہوئی تو وہ کہنے لگا کہ جو بات بھی تم رسول اللہ ﷺ کے بارے میں کہنا چاہتے ہو اس پر متفق ہو کر کہنا ہو گی۔

چنانچہ کفار اپنی اپنی رائے پیش کرنے لگے۔ ایک کافر نے کہا ہم ان کو کاہن کہیں گے۔ ولدین مغیرہ نے اس کا رد کر دیا۔ ایک دوسرے کافر نے کہا: ہم انہیں مجنون و دیوانہ کہیں گے۔ اس کا بھی رد کر دیا۔ ایک تیسرے کافر نے کہا: کہ ہم ان کو شاعر کہیں گے۔ ولید نے اس کی بھی تردید کر دی۔ چوتھے کافر نے کہا: ہم ان کو ساحر (جادوگر) کہیں گے آخر اس بات پر سب نے اتفاق کیا کہ شہر مکہ کی ہر گلی، ہر راستہ اور ہر بازار میں لوگ بیٹھ جائیں جو لوگ مکہ شریف میں داخل ہوں تو ان کو کہنا کہ خبردار رہنا یہاں مکہ میں ایک محمد ساحر ہے (مَعَاذَ اللّٰہ) ان کے پاس مت جانا اور ان کی بات ہرگز نہ سننا کیونکہ وہ ایسا ماہر جادوگر ہے کہ اس نے ہم

Marfat.com

کوایک تفرقہ میں ڈال دیا ہے۔

يُفَرِّقُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَاَبِيْهِ وَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ اَخِيْهِ وَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ زَوْجَتِهٖ وَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ عَشِيْرَتِهٖ. (سیرت ابن ہشام)

چنانچہ ایام حج میں کفار نے ایسا ہی کرنا شروع کر دیا تو جو لوگ نامِ محمد ﷺ سے ناواقف تھے وہ اب واقف ہونے لگے۔ جن کو آپ کے دعوی نبوت کا علم نہیں تھا ان کو بھی علم ہو گیا۔ نام سنتے ہی دیدار محمد ﷺ کے مشتاق ہو جاتے اور کہتے اس پیارے محمد کو دیکھ تو لیں۔ لہذا جو دیدار کرتا اور کلام سنتا وہ اسلام میں داخل ہو جاتا۔ اس طرح کافروں کا منصوبہ ناکام رہا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی شہرت دشمنوں سے کرادی۔ اللہ جب چاہے تو محبوب کی تعریفیں اور تائیدیں منکروں سے کرائے۔ کفار تو چاہتے تھے کہ نور محمدی ﷺ کو بجھا دیں مگر جس نور کو اللہ تعالیٰ نے روشن فرمایا ہو اس کو کون بجھا سکتا ہے؟

﴿.....وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۞﴾ [الصف ٦١:٨]

اور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے خواہ کافر کتنا ہی برا منائیں۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

چراغ را کہ ایزد بر فروزد

کسے کش تف زند ریشش بسوزد

قبائل میں دعوت اسلام:

جب آپ ﷺ اہل مکہ سے مایوس ہوئے تو آپ نے عرب کے دوسرے قبیلوں میں دعوت اسلام دینی شروع کر دی۔ حج کے موسم میں سارے ملک کے قبیلے مکہ شریف آتے تھے۔ آپ ﷺ ان قبیلوں اور قافلوں میں جاتے اور انہیں دعوت اسلام دیتے، ایک خدا کی

Marfat.com

طرف بلاتے۔ان میں جوخوش نصیب لوگ ہوتے وہ دولت ایمان سے مالا مال ہو جاتے اور اکثر لوگ انکار کرتے اور مذاق اڑاتے۔دور جاہلیت میں عرب کے مشہور اور مکہ سے قریب تین بازار تھے۔عکاظ، مُجَنَّہُ، اور ذوالمجاز۔

عکاظ، نخلہ اور طائف کے درمیان ایک بستی تھی جہاں پہلی ذی قعدہ سے بیس ذی قعدہ تک بازار لگتا تھا۔اس کے بعد لوگ مُجَنَّہ منتقل ہو جاتے تھے اور وہاں ذی قعدہ کے خاتمے تک بازار لگاتے تھے۔

مُجَنَّہُ مکہ سے نیچے وادی مرظ الظہر ان میں ایک مقام کا نام ہے۔

ذوالمجاز جبل عرفہ یعنی جبل رحمت کے پیچھے ہے۔وہاں پہلی ذوالحجہ سے آٹھ ذی الحجہ تک بازار لگتا تھا۔اس کے بعد لوگ مناسک حج ادا کرنے کے لئے فارغ ہو جاتے تھے۔جن قبائل کو رسول اللہ ﷺ نے اسلام کی دعوت دی اور اس مقصد کے لئے اپنے آپ کو ان پر پیش کیا کہ وہ آپ کو پناہ دیں اور آپ کی مدد کریں وہ یہ ہیں:

بنوعامر بن معصہ، بنومحارب بن خفصہ، بنوفزارہ، غسان، مرہ، بنوحنیفہ، بنوسلم، بنوعبدس، بنونصر، بنو الکا، کندہ، کلب، بنوالحارث بن کعب عذرہ اور حضارمہ۔

ان میں سے کسی نے بھی آپ کی دعوت اور پیشکش قبول نہ کی۔لیکن ان کے جوابات اور انداز مختلف تھے۔کسی نے بہترین جواب دیا، کسی نے آپ کے بعد اپنے لئے ریاست کی شرط لگائی، کسی نے کہا آپ کا خاندان اور قبیلہ آپ کو بہتر جانتا ہے کہ اس نے آپ کی پیروی نہیں کی۔کسی نے برا جواب دیا۔ان میں سب سے برا جواب مسیلمہ کذاب کے گروہ بنوحنیفہ کا تھا۔جس زمانے میں اسلامی دعوت، مکہ کے اندر مشکل ترین مرحلے سے گزر رہی تھی اللہ نے مقدر کر رکھا تھا کہ اسی زمانے میں مکہ سے باہر کے کچھ لوگ ایمان لائیں۔ (تجلیات نبوت)

Marfat.com

بیعت عقبہ اُولیٰ:

اسی نبوت کے گیارہویں سال مدینہ شریف سے 6 آدمیوں نے مقام عقبہ میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کرنے کا شرف حاصل کیا۔ انہوں نے اسلام قبول کیا اور نبی کریم ﷺ کی بیعت کی۔ (اس کا نام بیعت عقبہ اُولیٰ بھی ہے) یہ حضرات اسلام کی شمع لے کر مدینہ شریف واپس چلے گئے۔

مدینہ میں اسلام:

انہوں نے مدینہ شہر جا کر نبی ﷺ کی بیعت کا ذکر کیا تو ان کی وجہ سے ہر گھر میں آپ ﷺ کا چرچا ہونے لگا۔ کوئی ایسا گھر نہیں تھا جس میں رسول اللہ ﷺ کا ذکر نہ ہو۔

.....**فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَنَشَأَ الْاِسْلَامُ فِيْهَا ، حَتّٰى لَمْ تَبْقَ دَارٌ اِلَّا دَخَلَهَا.** (مختصر سیرة الرسول، ۱۰۸)

اوران بیعت کرنے والوں کی تعداد چھ یا سات تھی۔ اس طرح مکہ سے باہر ایمان واسلام کی روشنی پھیلنے لگی۔

نبوت کے بارہویں سال کے واقعات

اسراء ومعراج:

نبوت کے بارہویں سال کے واقعات میں سے ایک عظیم الشان واقعہ اسراء ومعراج کا ہے جو نبی ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے۔ واقعہ معراج واسراء نبوت کے کس سال ہوا تھا اس میں متعدد اقوال ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ یہ واقعہ نبوت کے دسویں سال طائف کے سفر سے واپسی پر پیش آیا۔ علامہ ابن کثیر نے واقعہ معراج کا ذکر جناب ابو

Marfat.com

طالب کی وفات سے قبل کیا ہے۔ مگر سب سے زیادہ مشہور یہی ہے کہ نبوت کے بارہویں سال ماہ رجب کی 27 تاریخ کو اسراء و معراج شریف ہوئی ہے۔ اس عظیم الشان معجزہ معراج کا ذکر قرآن کریم کی سورہ اسراء کی ابتداء اور سورہ نجم میں آیا ہے۔ نیز متعدد حدیثوں میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ اسی موقع پر نماز پنجگانہ فرض ہوئی تھیں۔

بیعت عقبہ ثانیہ:

اسی سال مدینہ شریف سے 12 آدمیوں نے آکر اسلام قبول کیا اور حضور ﷺ کی بیعت کی۔ اس بیعت کو بیعت عقبہ ثانیہ کہا جاتا ہے۔ جب 12 مرد واپس مدینہ شریف جانے لگے تو دولت ایمان لے کر گئے اور ان کے ساتھ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو معلم و امام بنا کر بھیجا تا کہ وہ اہل (مدینہ) کو اسلام کی دعوت اور تعلیم دیں۔ ان کے ساتھ عمرو بن ام مکتوم بھی تھے۔

فَلَمَّا انْصَرَفُوْا اِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعَثَ مَعَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَمْرَو بْنَ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَّ مُصْعَبَ بْنِ عُمَيْرٍ يُعَلِّمَانِ مَنْ اَسْلَمَ مِنْهُمُ الْقُرْآنَ وَ يَدْعُوْنَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ. (الانوار المحمديه)

پھر جب یہ مدینہ کی طرف گئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے ساتھ عمرو بن ام مکتوم اور معصب بن عمیر کو بھیجا تا کہ وہ دونوں ان کو قرآن کریم کی تعلیم دیں جو اسلام لا چکے ہیں اور دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیں۔

یہ دونوں ابوامامہ اسعد بن زرارہ کے پاس اترے۔ حضرت مصعب بن عمیر ان کی امامت کرتے تھے۔ ان دونوں کی تبلیغ پر خلق کثیر نے اسلام قبول کیا۔ پھر آئندہ سال موسم حج میں حضرت مصعب بن عمیر مکہ شریف واپس آئے اور نبی ﷺ کی خدمت میں حاضری دی۔ ان کے ساتھ بہت سے وہ مرد اور عورتیں تھیں جنہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ بعض نے 75

Marfat.com

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام لکھے ہیں۔

نبوت کے تیرہویں سال کے واقعات

بیعت ثالثہ:

اسی سال تیسری بار مدینہ منورہ سے 72 یا 73 مردوں اور 2 عورتوں نے مکہ شریف آکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی اور دولت ایمان سے اپنے سینوں کو منور کیا۔ اس بیعت کو بیعت ثالثہ اخیرہ کہتے ہیں۔ یہ بیعت، نبوت کے تیرہویں سال ہوئی تھی۔ (سیرت رسول عربی)

یعنی نبوت کے 11، 12 اور 13 سال مدینہ شریف سے مکہ شریف حج کے موقع پر جو حضرات آکر اسلام قبول کرتے رہے انہیں کی وجہ سے مدینہ اسلام کا مرکز بن گیا اور ہجرت کے لئے راستہ آسان ہو گیا تھا۔

انتخاب نقباء:

جب یہ افراد بیعت کر چکے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں سے 12 نقیب منتخب فرمائے تھے اسی طرح میں بھی جبریل علیہ السلام کے اشارہ سے تم میں سے 12 نقیب منتخب کرتا ہوں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان نقباء سے فرمایا کہ تم اپنی اپنی قوموں پر کفیل ہو جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری تھے اور میں اہل اسلام پر کفیل ہوں۔ سب نے عرض کیا بہتر۔

انصار مدینہ کی تین بیعتیں:

علماء نے کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے انصار مدینہ کی تین بیعتیں ہوئیں ہیں۔

پہلی بیعت رجب کو نبوت کے گیارہویں سال میں 6 یا 8 آدمی مسلمان ہوئے۔

دوسری بیعت رجب کو نبوت کے بارہویں سال 12 افراد اسلام لائے۔

Marfat.com

تیسری بیعت نبوت کے تیرہویں سال ذی الحجہ کو 73 مردوں اور 2 عورتوں نے اسلام قبول کیا۔

یہ عقبات حج رجب میں اس وجہ سے واقع ہوئے کہ کفار میں یہاں (نسیء) مہینوں کو آگے پیچھے کر دینے کا جاہلی دستور تھا۔ (بذل القوہ اردو)

اسی طرح سبل الہدی میں تین بیعتوں کا ذکر ہے۔ بیعت عقبہ اولیٰ، بیعت عقبہ ثانیہ، اور بیعت عقبہ ثالثہ۔ (سبل الھدی ۳:۲۰۱)

قرآن مجید مکی مدنی:

نبی کریم ﷺ اعلان نبوت کے بعد 13 برس تک مکہ شریف میں قیام پذیر رہے اور شب و روز تبلیغ فرماتے رہے۔ قرآن مجید کی آیات اور سورتیں بارش کے قطرات کی طرح نازل ہوتی رہیں اور پھر ہجرت کے بعد دس سال تک قرآن کریم کا نزول ہوتا رہا۔ لہذا جو سورتیں ہجرت سے قبل مکہ شریف میں نازل ہوئی ہیں وہ مکی کہلاتی ہیں اور جو سورتیں یا آیتیں ہجرت کے بعد نازل ہوئیں ہیں وہ مدنی ہیں۔ اس طرح مقام نزول کے لحاظ سے قرآن کریم مکی و مدنی ہوا۔ نیز قرآن مجید کی 114 سورتیں ہیں جن میں سے 83 سورتیں مکی ہیں اور 31 سورتیں مدنی ہیں۔ مکی سورتوں اور آیتوں کا انداز بیان مدنی سورتوں اور آیتوں سے مختلف ہے

دعوت اسلامیہ کے اہم موضوعات:

نبی کریم ﷺ نے مکی تبلیغی دور میں جو اسلامی دعوت کے بڑے بڑے اہم موضوعات پیش کئے تھے وہ خالص توحید کی دعوت، شرک کی تردید، بتوں کی مذمت، رسالت محمدیہ پر ایمان لانے کی دعوت، الزامات و اعتراضات کے جوابات، آخرت پر ایمان لانے کی دعوت، یوم آخرت کے احوال منازل کا آسان دلائل سے اثبات و بیان، قرآن کریم کے

Marfat.com

کلام الٰہی ہونے کا اثبات اور اس پر یقین کامل رکھنے کی تاکیدیں ہیں ۔ ان کے علاوہ خلاقیات کی تعلیم پر بے حدزور دیا گیا تھا۔ ان موضوعات اور ان کے علاوہ وہ مسائل مکی سورتوں اور آیتوں میں بار بار بکثرت بیان ہوئے ہیں جن کا انداز بیان ان سورتوں اور آیتوں کے مطالعہ سے واضح ہے کہ اہل مکہ آخرت کے سخت منکر تھے۔ اس لئے ان کے سامنے آسان ترین دلائل کے ساتھ قیامت کا آنا ثابت کیا گیا۔

اگر چہ دور نبوت میں آپ کے معاصرین ، مشرکین ، منافقین ، یہود و نصاری اور ایماندار لوگ تھے مگر ان کے علاوہ دنیا کے دیگر خطوں اور جگہوں میں دیگر مذاہب بھی پائے جاتے تھے اور منکرین باری تعالیٰ بھی مشرکین میں سے تھے۔

مدنی زندگی کے تیسرے دور کی ابتداء ہجرت سے شروع ہوتی ہے اور انتہا وصال شریف پر ہے۔ یہاں ہجرت اور اس کے متعلق مختصر باتیں بیان کی جاتی ہیں۔ تیسرے مدنی دس سالہ دور کا ذکر آئندہ ہوگا۔

Marfat.com

Marfat.com

بابِ پنجم:

ہجرت

ہجرت مدینہ کی حکمت:

رسول اللہ ﷺ کی ہجرت کرنے کا ظاہری سبب تو صرف یہی ہے کہ کفار نے آپ کو اور آپ پر ایمان لانے والوں کو رہنے نہیں دیا مگر اس میں ایک اور خاص حکمت بھی تھی۔ چنانچہ علامہ سید احمد زینی دحلان مکی رَحِمَہُ اللّٰہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے ہجرت کرنے میں حکمت یہ تھی کہ آپ ﷺ کی وجہ سے زمانوں، مکانوں اور اشخاص کو بزرگی اور فضیلت حاصل ہو کیونکہ نبی کریم ﷺ کو ان چیزوں سے بزرگی نہیں ملی۔ اور اگر آپ مکہ شریف ہی میں رہتے تو ضرور وہم ہوتا کہ آپ کو جو بزرگی ملی ہے وہ شہر مکہ کی وجہ سے ہے اور مکہ کو حضرت ابراہیم اور اسماعیل عَلَیْہِمَا السَّلام سے فضیلت حاصل ہے۔ لہذا آپ ﷺ کو مدینہ شریف کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ہجرت کی عام اجازت:

پھر اس کے بعد تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مکہ معظّمہ سے مدینہ شریف کی طرف ہجرت کرنے کی عام اجازت عطا فرمائی۔ اس حکم کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے برادری، جائداد اور وطن کی پرواہ کئے بغیر مکہ کو چھوڑ کر مدینہ شریف ہجرت فرمائی۔ مجبوروں اور معذوروں کے سوا کوئی باقی نہ رہا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ انہیں لوگوں کے بارے میں فرماتا ہے:

﴿وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ

Marfat.com

وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ج .....﴾

[النساء ٤:٧٥]

اور (مسلمانو) تمہیں کیا ہے کہ نہ لڑو اللہ کی راہ میں حالانکہ بے بس کمزور مردوں عورتوں اور بچوں میں سے وہ ہیں جو دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے لوگ ظالم ہیں۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی عمر شریف 53 برس کی ہوئی اور نبوت کا تیرہواں سال ختم ہوا تو آپ ﷺ نے حق تعالیٰ کے حکم سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مکہ معظّمہ سے عام ہجرت کرنے کی اجازت دے دی۔ اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کے مطابق مکہ معظّمہ سے ہجرت کر گئے تھے۔ بعض ملک حبشہ اور بعض مدینہ منورہ کی طرف چلے گئے تھے۔ کفار نے جب دیکھا کہ اب محمد (ﷺ) کے ماننے والے تو مکہ شریف کو چھوڑ کر چلے گئے ہیں (حضرت ابوبکر صدیق، حضرت علی اور بعض دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باقی رہ گئے تھے) لہذا اب محمد (ﷺ) تو تنہا رہ گئے ہیں تو سب کفار نے بالاتفاق یہ فیصلہ کر لیا کہ رسول اللہ ﷺ کو معاذ اللہ شہید کر دیا جائے تاکہ کسی دوسری جگہ بھی نہ جا سکیں۔

کفار کا منصوبہ:

چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ان کے اس مکر و فریب اور منصوبے کا ذکر فرماتا ہے:

﴿ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْيُخْرِجُوْكَ ط وَيَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ﴾ [الانفال ٨: ٣٠]

اور (یاد کیجئے اے محبوب) جب کافر آپ کے خلاف خفیہ تدبیریں کر رہے تھے کہ آپ کو قید کر دیں یا شہید کر دیں یا جلاوطن کر دیں اور وہ اپنے مکر میں لگے ہوئے تھے اور اللہ

Marfat.com

پنی خفیہ تدبیر فرمارہا تھا اور اللہ بہترین خفیہ تدبیر فرمانے والا ہے۔

ہجرت کی دعا:

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو ہجرت مدینہ کا حکم دیا۔

حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ہجرت کرنے کی اجازت اس آیت سے ہوئی:

﴿و قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۞﴾ [بنی اسراء یل ۱۷:۸۰]

اور عرض کیجئے کہ اے میرے رب تو مجھے (جہاں بھی داخل فرمائے) پسندیدہ طریقے سے داخل فرما۔ اور مجھے (جہاں سے بھی باہر لائے) پسندیدہ طریقت سے باہر لا۔ اور مجھے اپنی طرف سے وہ غلبہ عطا فرما جو (میرے لئے) مددگار ہو۔

ہجرت مدینہ طیبہ:

اب مکہ میں رسول کریم ﷺ تنہا رہ گئے۔ حضرت ابوبکر اور حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کو آپ نے سردست مکہ میں رہنے کا حکم دیا۔ بعض مسلمانوں کو مشرکین مکہ نے جبراً مکہ میں روک لیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا اور رسول کریم ﷺ کا سامان تیار کر رکھا تھا اور مدینہ منورہ جانے کے لئے حکم ربانی کے منتظر تھے۔ ایک رات مشرکوں نے رسول کریم ﷺ کو شہید کرنے کا ارادہ کیا. چند آدمیوں کو دروازے کی اوٹ میں بٹھا دیا تا کہ جونہی آپ نکلیں آپ کو شہید کر دیا جائے۔ جب آپ دروازے سے نکلے تو کسی نے آپ کو نہ دیکھا۔

ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے ان کے سر پر مٹی پھینک دی اور اس طرح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچ گئے۔

Marfat.com

غارثور کی جانب روانگی:

رسول کریم ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رفاقت میں ان کے گھر کی ایک کھڑکی سے رات کے وقت نکلے۔ انہوں نے عبداللہ بن اریقط کو کچھ معاوضہ دے کر رہنمائی کے لئے اپنے ساتھ لے لیا۔ عبداللہ (پہاڑی) راستوں سے خوب آگاہ تھا اور سرزمین مدینہ جانے والوں کی رہنمائی کا بخوبی اہل تھا۔ وہ ابھی تک اپنے مذہب پر قائم تھا تاہم دونوں نے اس پر اعتماد کیا۔ اپنی دونوں اونٹنیاں اس کی تحویل میں دیں اور تین دنوں تک اسے غارثور تک پہنچنے کا حکم دیا۔ جب غار تک پہنچے تو قریش کو کچھ پتہ نہ چل سکا کہ آپ کدھر جارہے ہیں۔ عامر بن فہیرہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بکریاں چرا کر رات کو وہاں لے آتے۔ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا ان کا زادراہ غار تک پہنچاتیں۔ عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما دن کے وقت مکہ میں جو کچھ سنتے وہ (شام تک) آکر انہیں بتادیتے۔

تاریخ انسانی کا مشکل ترین وقت:

مشرکین مکہ ان کی تلاش میں ثور اور اس کے نواحی مقامات تک آئے۔ یہاں تک کہ غار کے دروازے تک پہنچ گئے۔ عین ان کے پاؤں تلے آپ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ استراحت فرما تھے۔ مگر غار کا دروازہ بند تھا انہیں نظر نہ آسکا۔ کہا جاتا ہے:

غیبی امداد:

مکڑی نے جالا تن کر غار کا دروازہ بند کر دیا اور دو کبوتروں نے اس کے دروازے پر انڈے دے دیئے۔ مندرجہ ذیل آیت کا مفہوم یہی ہے۔ اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْهُمَا فِي

Marfat.com

الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ج فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا..... ﴾ [التوبہ ۹:۴۰]

اگر تم نے رسول کی مدد نہ کی تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں نے رسول اللہ کو بے وطن کیا اس حال میں کہ وہ دو میں سے دوسرے تھے جب وہ دونوں غار میں تھے جب وہ اپنے ساتھی سے فرما رہے تھے غمگین نہ ہو بیشہ اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر اللہ نے ان پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور ایسے لشکروں سے ان کی مدد فرمائی جنہوں نے نہ دیکھا۔

غار ثور میں مدت قیام:

تین دن کے بعد ابن اُرَیْقِطْ دونوں اونٹنیاں لے آیا اور دونوں ان پر سوار ہو گئے۔ حضرت ابو بکر عامر بن فہیرہ کے پیچھے بیٹھ گئے اور عبد اللہ بن اریقط الدیلی ان کے آگے آگے اپنی ناقہ پر سوار ہو گیا قریش نے اعلان کیا کہ جو محمد (ﷺ) اور ابو بکر میں سے کسی ایک کو لے آئے وہ اسے ایک سو اونٹ انعام دیں گے۔ جب قبیلہ مدلج کے پاس سے گزرے تو قبیلہ کے سردار سراقہ بن مالک جعشم نے انہیں دیکھ لیا۔ چنانچہ وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کی تلاش میں نکلا۔ جب قریب آیا تو اس نے رسول کریم کی قراءت سنی۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اِدھر اُدھر دیکھتے تھے کہ مبادا رسول کریم ﷺ کو تکلیف پہنچ جائے۔ مگر رسول کریم ایسا نہیں کرتے تھے۔ (یعنی دائیں بائیں نہیں دیکھتے تھے)

سراقہ بن مالک کا تعاقب:

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! سراقہ بن مالک ہمارے قریب پہنچ گیا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے دعا فرمائی تو سراقہ کے گھوڑے کی اگلی دونوں ٹانگیں زمین میں

Marfat.com

دھنس گئیں۔ وہ کہنے لگا: تمہاری دعا کی وجہ سے ایسا ہوا ہے میرے لئے دعا کیجئے اس کے صلے میں لوگوں کو تم سے واپس کردوں گا۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ نے دعا فرمائی تو گھوڑے کے پاؤں نکل آئے۔ سراقہ نے سوال کیا کہ مجھے امان نامہ لکھ دیجئے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چمڑے پر امان نامہ لکھ دیا تو وہ لوٹ کر لوگوں سے کہنے لگا کہ ادھر جانے کی کچھ ضرورت نہیں۔

سراقہ کا اسلام:

سراقہ حجۃ الوداع کے بعد مسلمان ہو کر مدینہ آیا اور رسول کریم ﷺ کو امان نامہ دکھایا رسول کریم ﷺ نے حسب وعدہ اسے امان دی اور آپ ﷺ سے اسی بات کی توقع کی جاتی تھی۔

ام معبد کی خوش نصیبی:

اسی سفر میں آپ کا گزر ام معبد کے خیمے پر ہوا تو رسول کریم ﷺ نے وہاں قیلولہ فرمایا۔ ام مبعد کا نام عاتکہ بنت خالد تھا۔ (خیال رہے کہ بعض نے ام معبد کا ذکر سراقہ کے ذکر سے پہلے کیا ہے۔)

انصار مدینہ کا انتظار:

انصار کو یہ خبر مل چکی تھی کہ آپ مکہ سے نکل کر عازم مدینہ ہو چکے ہیں۔ چنانچہ وہ ہر روز حرہ کی طرف نکل کر آپ کا انتظار کیا کرتے تھے۔ 13 نبوی 12 ربیع الاول کو بوقت چاشت آپ مدینہ طیبہ پہنچ گئے۔ انصار اس روز بھی حسب معمول انتظار کے لئے نکلے تھے مگر دیر ہو جانے کی وجہ سے واپس لوٹ گئے تھے۔ سب سے پہلے آپ پر ایک یہودی کی نظر پڑی۔ وہ اپنے محل کی چھت پر تھا کہ اس نے زور سے پکارا اے بنی قیلہ. (اوس وخزرج کی ایک وادی کا نام قیلہ تھا اس لئے وہ بنو قیلہ کہلاتے ہیں) یہ ہیں وہ جن کے تم منتظر تھے۔ انصار

Marfat.com

ہتھیار پہن کر نکلے اور منصب نبوت پر فائز ہونے پر آپ کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کیا۔

قباء میں نزول رحمت:

سرور کائنات ﷺ نے قباء میں کلثوم بن الہدم کے یہاں نزول اجلال فرمایا۔ بعض علماء کے نزدیک آپ نے سعد بن خیثمہ کے یہاں قیام فرمایا۔ مسلمان آتے اور آپ کو سلام کہتے تھے۔ بہت سے لوگوں نے آپ کو ابھی دیکھا بھی نہ تھا۔ بعض یا اکثر اہل اسلام حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو رسول و نبی سمجھتے تھے۔ اس لئے کہ آپ زیادہ بوڑھے تھے۔ جب گرمی تیز ہوگئی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ ہاتھ میں ایک کپڑا لے کر آپ پر سایہ کرنے لگے۔ تب لوگوں کو پتہ چلا کہ رسول اللہ ﷺ ان میں سے کون بزرگ ہیں۔

مسجد قبا کا سنگ بنیاد:

سرور کائنات ﷺ نے چار روز قباء میں قیام فرمایا۔ بعض علماء کے نزدیک یہ 20 دن کی مدت قیام ہے۔ اس دوران آپ ﷺ نے مسجد قباء کا سنگ بنیاد رکھا۔ (مدارج ۲:۶۵)

پھر حکم ربانی آنے پر اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے۔ جب نبی کریم ﷺ سالم بن عوف کے قبیلہ میں پہنچے تو نماز جمعہ کا وقت ہوگیا۔ چنانچہ آپ نے وادی رانون کی مسجد میں جمعہ کی نماز ادا فرمائی۔ قبیلہ والوں نے یہاں قیام کرنے کی درخواست کی۔

مدینہ میں داخلہ:

آپ ﷺ نے فرمایا میری ناقہ کو چھوڑ دو جہاں اسے حکم دیا گیا ہے یہ وہاں ٹھہرے گی

رشتہء در گردنم افگندہ دوست

می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

ناقہ (اونٹنی قصواء) رواں دواں رہی جہاں سے ناقہ کا گزر ہوتا وہ قیام کی درخواست

Marfat.com

کرتے۔ جب اس جگہ پہنچی جہاں آج کل مسجد نبوی ہے تو بیٹھ گئی۔ مگر آپ ﷺ ناقہ سے نہ اترے اور وہ کھڑی ہو کر پھر چلنے لگی۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی خوش بختی:

تھوڑا سا چلنے کے بعد ادھر ادھر دیکھا اور پیچھے مڑ کر پہلی جگہ پر بیٹھ گئی. نبی ﷺ ناقہ سے اترے۔ یہ بنونجار کا محلّہ تھا۔ حضرت ابوایوب نصاری رضی اللہ عنہ ناقہ کا کجاوہ اٹھا کر اپنے گھر لے گئے۔ (الفصول ۲۲ تا ۲۶)

مدینہ کی ہر چیز کا روشن ہونا:

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس روز رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو مدینہ منورہ کی ہر چیز اور تمام در و دیوار آپ کے چہرہ انور سے ایسے روشن ہوئے جیسے طلوع آفتاب سے چمک پیدا ہوتی ہے اور جس دن اس عالم دنیا سے تشریف لے گئے ہر جگہ تاریک ہو گئی تھی جیسے غروب آفتاب کے وقت ہو جاتی ہے۔ (جذب القلوب)

اہل مدینہ کا خوشی سے تکبیریں کہنا:

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے حدیث ہجرت بیان کرتے ہیں:

وَخَرَجَ النَّاسُ حِيْنَ قَدِمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ فِي الطَّرِيْقِ وَعَلَى الْبُيُوْتِ النِّسَاءُ وَالْغِلْمَانُ وَالْخَدَمُ يَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ جَآءَ مُحَمَّدٌ اَللّٰهُ اَكْبَرُ جَآءَ مُحَمَّدٌ اَللّٰهُ اَكْبَرُ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَلَمَّا اَصْبَحَ اِنْطَلَقَ وَذَهَبَ حَيْثُ اُمِرَ. [سیرت ابن کثیر ۲:۲۹۹]

کہ جب ہم لوگ مدینہ منورہ آئے تو مرد گھروں سے نکل کر سڑکوں پر آ گئے اور

Marfat.com

چھتوں پر خواتین، بچے اور خدام نعرے مار رہے تھے۔ اللہ اکبر رسول اللہ تشریف لائے۔ اللہ اکبر محمد مصطفیٰ آئے۔ اللہ اکبر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ پھر آپ چلے جہاں حکم ملا وہاں تشریف لے گئے۔

معلوم ہوا کہ اہل مدینہ نے آپ ﷺ کی آمد سے خوش ہو کر جوش و محبت کے ساتھ نعرے تکبیر لگائے۔

استقبالیہ اشعار:

انصار کی بچیاں اور عورتیں بڑے سرور کے عالم میں یہ استقبالیہ اشعار پڑھتی تھیں۔

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعِ
اَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ
جِئْتَ شَرَّفْتَ الْمَدِيْنَةَ مَرْحَبًا يَا خَيْرَ دَاعِ

چودھویں رات کا چاند ہم پر نکل آیا کوہ وداع کی گھاٹیوں سے۔
ہم پر اللہ کا شکر واجب ہے جب تک دعا مانگنے والا دعا مانگے۔
اے وہ ذات پاک جس کو ہمارے درمیان بھیجا گیا ہے آپ واجب الاطاعت حکم لے کر آئے ہیں۔
آپ تشریف لائے اور اپنے وجود سے مدینہ منورہ کو شرف بخشا۔ اے سب سے اچھے دعوت دینے والے خوش آمدید۔

اور جب رسول اللہ ﷺ جناب حضرت ایوب انصاری کے گھر تشریف فرما ہوئے تو بنی نجار کی بچیوں نے خوشی میں یہ شعر بھی پڑھا۔

Marfat.com

نَحْنُ جَوَارٌ مِّنْ بَنِیْ نَجَّارٍ یَاحَبَّذَا مُحَمَّدًا مِّنْ جَارٍ

ہم لڑکیاں ہیں خاندان بنی نجار کی، محمد ﷺ کیا ہی اچھے ہمسائے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟ انہوں کہا: ہاں آپ نے فرمایا: میں بھی تم سے محبت کرتا ہوں۔

متفرق واقعات

(1) بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ کا اسلام

مدینہ منورہ کے قریب بریدہ اسلمی اپنے ستر سواروں کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ کو حصول انعام کی خاطر گرفتار کرنے کے لئے آگے بڑھا۔ رسول پاک ﷺ نے نام پوچھا۔ اس نے کہا: میرا نام بریدہ ہے۔ نبی کریم ﷺ مسکرانے لگے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا بریدہ ٹھنڈا ہو گیا۔ اس طرز عمل نے بریدہ پر ایسا اثر کیا کہ بریدہ اپنے تمام ساتھیوں کے ساتھ حلقہ بگوش اسلام ہو گیا۔

(2) اسلامی جھنڈا

مسلمان ہونے کے بعد انہوں نے اپنے عمامہ کو پھاڑ کر ایک نیزہ پر لگایا اور عرض کیا یارسول اللہ! مدینہ میں جھنڈے کے ساتھ داخل ہونا چاہیئے۔

(رحمۃ دوعالم، سیرت رسول عربی)

بعض لکھتے ہیں کہ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مدینہ میں داخل ہوتے وقت آپ کے سامنے ایک جھنڈا ہونا چاہیئے۔ آپ ﷺ نے اپنے عمامہ کو اتار کر اور نیزے سے باندھ کر بریدہ کو عطا فرمایا۔ معلوم ہوا کہ یہ پہلا اسلامی جھنڈا تھا۔

Marfat.com

(3) کپڑوں کا ہدیہ

بعض صحابہ کرام بغرض تجارت ملک شام گئے ہوئے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ گروہ اتفاق سے ایک منزل پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مل گیا۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے سفید کپڑے ہدیۃً پیش کئے۔ (جذ ب القلوب)

(4) مدت سفر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکم ربیع الاوّل کو رات کے وقت مکہ شریف سے نکل کر غار ثور میں تشریف لے گئے۔ تین شب و روز وہاں رہے۔ 4 ربیع الاوّل کو رات کے آخری حصے میں مدینہ شریف کے لئے روانہ ہوئے اور 12 ربیع الاول دوپہر کے وقت وہاں پہنچ گئے۔ معلوم ہوا کہ اس سفر ہجرت کی مدت 12 دن ہے۔ (وَاللّٰہُ اَعْلَمُ) غار ثور سے نکل کر مدینہ شریف تک مدت سفر 9 دن ہے۔

(5) اسلامی سن ہجری کی ابتدا

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

وَذٰلِکَ اَوَّلُ التَّارِیْخِ الْاِسْلَامِیِّ کَمَا اتَّفَقَ عَلَیْہِ الصَّحَابَۃُ فِیْ دَوْلَۃِ الْعُمَرِیَّۃِ. (السیرۃ النبویۃ ۲:)

یہ واقعہ تاریخ اسلامی کا آغاز ہے جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے دور میں اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اتفاق رائے ہوا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں جب ہجری تاریخ کی ابتداء کی گئی تو ہجرت کے روز اور مہینے سے نہیں بلکہ یکم محرم الحرام مطابق 16 جولائی 622 سن عیسوی سے اس کا آغاز کیا گیا تھا۔ کیونکہ اہل عرب قدیم زمانہ سے محرم ہی کو اس سال کا پہلا مہینہ مانتے چلے آرہے

Marfat.com

تھے اس لئے سن ہجری کے تیسرے مہینے ربیع الاوّل میں ہوئی۔ (سیرت سرور عالم ۲:)

صاحب رحمۃ للعالمین لکھتے ہیں کہ اسلام میں سن ہجری کا استعمال بعد عمر فاروق رضی اللہ عنہ جاری ہوا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے ماہ محرم الحرام کو اسلامی سال کا پہلا مہینہ مقرر کیا گیا۔ (رحمۃ اللعلمین ۲:)

فتاوی عقود الدریہ میں ہے: تاریخ اسلامی کے وضع کرنے کا سبب یہ ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ماہ شعبان کا تحریر کردہ خط آیا اور اس پر سن وتاریخ تحریر نہیں تھی صرف ماہ شعبان کا ہی نام تھا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ خط گزشتہ ماہ شعبان کا ہے یا آنے والے ماہ شعبان کا تحریر شدہ مکتوب ہے۔ مگر اس پر سن وتاریخ تحریر نہ ہونے کی وجہ سے کوئی پتہ نہ چلا۔ پھر آپ نے اسلامی تاریخ وسن لکھنے کا حکم دیا اور اس فیصلہ پر سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اتفاق ہوا کہ تاریخ اسلامی کی ابتداء واقعہ ہجرت سے کی جائے تو انہوں نے سال کا ماہ اول محرم کو قرار دیا۔

اسلامی تاریخ کا اعتبار رات سے کیا جاتا ہے کیونکہ رات اہل عرب کے نزدیک دن سے سابق مقدم اور اول ہے۔ چونکہ اہل عرب امی تھے نہ تو وہ اچھی طرح لکھنا جانتے تھے اور نہ وہ اپنے سوا دوسری قوموں کے حساب کو پہچانتے تھے تو انہوں نے تاریخ کا تمسک طلوع ہلال سے کیا کیونکہ چاند رات کو ظاہر ہوتا ہے اسی لئے انہوں نے تاریخ کی ابتداء رات سے کی ہے۔ (فتاوی عقود الدریہ ۲:۳۳۵)

(6) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نیکی:

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا فرماتی ہیں کہ جب ایک چاندنی رات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک میری گود میں تھا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا کسی کی نیکیاں آسمان کے ستاروں کے برابر ہوں گی؟ فرمایا: ہاں وہ عمر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ میں بولی کہ

Marfat.com

میرے والد جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نیکیاں کہاں گئیں؟ تو فرمایا کہ عمر کی ساری نیکیاں ابو بکر کی نیکیوں میں سے ایک نیکی کی طرح ہیں۔ (مشکوۃ، کتاب المناقب ٦٠٦٨)

یعنی حضرت عمر کی ساری نیکیاں ابوبکر کی ایک نیکی کے برابر ہیں اور اس نیکی سے مراد شب ہجرت کو غار ثور میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرنا اور اپنی جان کو سرکار پر قربان کرنا ہے۔

(7) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہجرت:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ مکہ میں تین روز رہے اس دوران اہل مکہ کی جو امانتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھیں ان کو ادا کیا پھر پیدل چل پڑے اور قبا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آملے۔ ان کا قیام کلثوم بن ہدم کے مقام پر تھا۔

(8) مدینہ منورہ میں مختلف مذاہب:

مکہ مکرمہ میں صرف ایک قوم کا زور اور حکومت تھی۔ زیادہ تر لوگوں کا مذہب بت پرستی تھا۔ مدینہ منورہ میں مختلف اقوام اور مذاہب کے لوگ رہتے تھے۔ وہاں بت پرست بھی تھے اور یہودی بھی۔ عیسائی بھی تھے مگر کم تعداد میں۔ یہودیوں کے کئی قبیلے بنی نضیر، بنی قینقاع، بنی قریظہ جو اپنے جداگانہ قلعوں میں رہا کرتے تھے۔ تجارت اور سود خوری کی وجہ سے بہت مالدار تھے۔ (رحمۃ للعلمین ١:١١٠)

اوس اور خزرج دونوں انصار کے قبیلے تھے۔ انہوں نے اسلام قبول کرنے میں سبقت اختیار کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی۔ بعض کہتے ہیں کہ مدینہ میں دو مذہبوں کے پیروکار رہتے تھے مشرک اور یہودی۔ مشرکوں کے دو خاندان تھے اوس اور خزرج۔ مکہ سے مدینہ آنے والے مہاجر کہلاتے ہیں۔ مدینہ کے رہنے والے اوس اور خزرج تھے اور بعد میں منافقین کا گروہ بھی ظاہر ہوا۔

Marfat.com

مدینہ منورہ کی فضیلت:

﴿وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ .....﴾ [الحشر ۵۹:۹]

اور (ان کے لئے بھی) جولوگ مہاجرین (کے آنے) سے پہلے (ہی) دارالہجرت اوردارالایمان (مدینہ طیبہ) میں مقیم ہوگئے۔

مدینہ منورہ نبی ﷺ کی ہجرت کی بدولت عظمت ورفعت کا مظہر ہوا۔ اولیاء اللہ اور نیک لوگوں کا مرجع وماوی بنا۔ مسلمانوں کا مضبوط قلعہ اور حصن حصین ثابت ہوا اور اقوام عالم کا مرکز ہدایت بنا۔ مدینہ کی فضیلت میں کافی احادیث مروی ہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ الْاِيْمَانَ لَيَأْرِزُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ اِلٰى جُحْرِهَا.

البخاری ، کتاب فضائل المدینة ، باب الایمان یارز الی المدینة ،۱۸۷۶

المسلم ، کتاب الایمان ، باب ۶۵ بیان ان الاسلام بدا غریبا و سیعود غریبا ،۲۳۳

الترمذی ، ابواب الایمان ، ۲۷۶۵

ابن ماجه ، کتاب المناسك ، باب فضل المدینة ، ۳۱۱۱

المشکوة ، کتاب الایمان ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، حدیث ۱۶۰

مسند احمد ، ۲:۶۵۳ حدیث ۱۰۰۴۵۱

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایمان لاؤ (اسلام) سمٹ کر مدینہ میں اس طرح آجائے گا جیسے سانپ سمٹ کر اپنے سوراخ میں چلا آتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے ایسی بستی میں ہجرت کا حکم ہوا جو سب بستیوں پر غالب آجائے گی اور مدینہ لوگوں کو گناہوں کی آلائش سے

Marfat.com

اس طرح پاک کرتا ہے جیسے بھٹی میل اور زنگ دور کر دیتی ہے۔ (السیرۃ النبویہ ابن کثیر)

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کے لئے وہ جگہ پسند کی جو اسے خود پسند تھی۔

رسول اللہ ﷺ کو بھی مدینہ محبوب تھا۔ جب مہاجرین کو بخار اور مختلف امراض نے پکڑ لیا تو مدینہ کے لئے ﷺ نے یوں دعا کی:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْمَدِیْنَۃَ کَحُبِّنَا مَکَّۃَ اَوْ اَشَدَّ. اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَ فِیْ مُدِّنَا، وَ صَحِّحْھَا لَنَا ، وَانْقُلْ حُمَّاھَا اِلَی الْجُحْفَۃِ.

البخاری ، کتاب فضائل المدینۃ ، باب ۱۲ ۔ حدیث ، ۱۸۸۹

المسلم ، کتاب الحج ، باب ۸۶ ۔ حدیث، ۴۸۰

اے اللہ ہمارے نزدیک مدینہ کو اسی طرح محبوب کر دے جیسے مکہ محبوب تھا یا اس سے بھی زیادہ۔ اے اللہ تو ہمارے صاع اور ہمارے مد (غلے کے پیمانوں) میں برکت دے اور مدینے کی فضا صحت بخش بنا دے، اور اس کا بخار منتقل کر کے جحفہ پہنچا دے۔

اللہ نے آپ کی دعا سن لی۔ مسلمان امراض سے راحت پا گئے اور انہیں مدینہ محبوب ہو گیا۔

مؤلف کی تمنا:

یا اللہ راقم الحروف کو مع اہل و عیال خانہ حرمین شریفین کی حاضری نصیب فرما۔ یا اللہ جب آخری وقت آئے تو حرمین میں قبر کی جگہ نصیب فرما۔

اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ. اِسْتَجِبْ دُعَانَا یَا رَبَّ الْعَالَمِیْن (آمِیْن).

Marfat.com

تمہید:

اس سے قبل رسول اللہ ﷺ کی مکی زندگی کے نہایت مختصر حالات تحریر کئے گئے ہیں اب اسی طریقہ سے مدنی زندگی کے دس سالہ دور کا ایک خاکہ پیش کیا جاتا ہے۔ جس میں صرف اہم واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ تاکہ کتاب کی تکمیل ہو جائے اور میری نجات کا ذریعہ بن جائے۔ سیرت محمد ﷺ یہ ایک ایسا باغ ہے جس میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں اور کروڑوں طرح طرح کے پھول کھلے ہیں۔ گل چین اپنے ذوق، شوق اور محبت سے جو چاہتا ہے پھول چن لیتا ہے۔ یا ایک ایسا ناپیدا کنار سمندر ہے جس سے حصول رحمت کے لئے کچھ قطرات جمع کئے جاتے ہیں۔ تو یہ بھی ایک قطرہ ہی ہے۔ اس قطرہ کو سمندر بنا دینا اللہ ہی کا کام ہے۔ اب اللہ تعالیٰ کی توفیق سے مدنی دور کا ذکر شروع کیا جاتا ہے۔

وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ وَ بِهٖ اَسْتَعِيْنُ

Marfat.com

باب ششم:

مدنی دس سالہ دور

ہجرت کے پہلے سال کے واقعات

مسجد قبا کی تعمیر:

مسجد قبا ہجرت کے پہلے سال تعمیر کی گئی۔ یہ وہ پہلی مسجد ہے جس کو نبی کریم ﷺ نے بنفس نفیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ تعمیر کیا۔ یہی وہ پہلی مسجد ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کی جماعت میں نماز پڑھی اور یہی وہ مبارک مسجد ہے جس کی شان میں بعض مفسرین کے نزدیک یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی ہے۔

﴿.....لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ط فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۞﴾ [التوبہ ۹: ۱۰۸]

البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوی پر رکھی گئی ہے وہ اس لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں اس میں ایسے لوگ ہیں جو خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے۔

اسلام میں تعمیر مسجد ایک اہم عبادت ہے اسی لئے تو رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں تشریف لانے کے بعد سب سے اول مسجد قباء کو تعمیر فرمایا۔

مسجدیں کون لوگ آباد کرتے ہیں؟ مسجدیں تعمیر کرنا ایمانداروں کا کام ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Marfat.com

﴿ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ..... ﴾ [التوبه ۹:۱۸]

اللہ کی مسجدیں وہی آباد کر سکتے ہیں جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے۔

پہلا جمعہ:

آپ ﷺ جب ہجرت کے بعد قبا سے مدینہ منورہ تشریف لائے تو راستہ میں بنی سالم بن عوف کے محلّہ میں نماز جمعہ کا وقت ہو گیا تو وہیں آپ ﷺ نے نماز جمعہ پڑھائی۔ آپ نے ایک عظیم الشان خطبہ ارشاد فرمایا جو سیرت ابن ہشام وغیرہ میں موجود ہے۔

نماز جمعہ کی اہمیت:

نماز جمعہ اسلام میں فرض ہے اور اس کی بڑی ہمیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نماز جمعہ کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴾ [الجمعه ۶۲:۹]

اے ایمان والو جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لئے اذان دی جائے تو فوراً تیاری کرو اللہ کے ذکر کی طرف اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہت اچھا ہے اگر تم جانتے ہو۔

مسجد نبوی کی تعمیر:

اسی سال مسجد نبوی بنائی گئی۔ یہ وہ مسجد ہے جس میں نماز پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے اور حصول ثواب کی خاطر اس کی طرف سفر کرنے کی اجازت بھی دی گئی ہے۔ اسی میں رسول اللہ ﷺ کی قبر شریف بھی ہے۔

Marfat.com

صفہ کی تعمیر:

اسی سال مسجد کے پہلو میں ایک سایہ دار جگہ (چھپر) بنائی گئی تا کہ مساکین یہاں رہیں۔ یہ جگہ صفہ کہلاتی تھی۔ اس میں رہنے والوں کو اصحاب صفہ کہا جاتا ہے۔

مسجد میں چراغ:

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی میں چراغ روشن کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام سراج رکھ دیا۔

حجرات کی تعمیر:

پھر مکان (حجرات) بھی بنوائے گے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۞﴾

[الحجرات ٤٩:٤]

(اے حبیب) بیشک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر ناسمجھ ہیں۔

سب سے پہلے حضرت سودہ اور حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کے لئے مکان بنائے گئے۔ جب مکان تیار ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں منتقل ہو گئے۔ سات ماہ تک حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر قیام پذیر رہے۔ باقی حجرے اور مکان بعد میں حسب ضرورت تعمیر کئے گئے۔ مہاجرین کے مکانات بھی اسی سال بنائے گئے۔

مہاجرین و انصار کا بھائی چارہ:

مہاجرین اور انصار کے درمیان باہم بھائی چارہ قائم کیا۔

Marfat.com

اذان کی ابتدا:

نماز پنجگانہ کے لئے اذان کی ابتداء بھی ہجرت کے پہلے سال ہوئی۔

نماز کی رکعتوں میں اضافہ:

سن اوّل ہجری کے واقعات میں سے یہ بھی ہے کہ نماز ظہر، عصر اور عشاء میں دو دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا۔

عاشورہ کا روزہ:

اسی سال دسویں محرم کا روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا۔

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی رخصتی:

اسی سال چھ ماہ بعد ماہ شوال میں حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی رخصتی ہوئی اس وقت ان کی عمر مشہور روایت کے مطابق 9 سال تھی۔ آپ کا نکاح مکہ معظمہ میں حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات کے بعد حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے نکاح سے پہلے ہوا تھا۔

بعض مہاجرین کا بیمار ہونا:

اسی سال بعض مہاجرین کو بخار ہو گیا۔ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت بلال اور حضرت عامر رضی اللہ عنہم بھی بخار میں مبتلا ہو گئے تھے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو جب بخار نے گھیرا تو آپ اس حالت میں فرمانے لگے:

كُلُّ امْرِءٍ مُصَبَّحٌ فِيْ اَهْلِهٖ

وَالْمَوْتُ اَدْنٰى مِنْ شَرَاكِ نَعْلِهٖ

ہر شخص اپنے اہل میں صبح کرنے والا ہے حالانکہ موت اس کی جوتی کے بندھن سے

Marfat.com

زیادہ قریب ہے۔

مدینہ شریف کے لیے دعا:

نبی ﷺ نے مدینہ منورہ کے لئے دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَاالْمَدِیْنَۃَ کَحُبِّنَا مَکَّۃَ اَوْاَشَدَّ وَصَحِّھَا وَبَارِکْ فِیْ صَاعِھَا وَمُدِّھَا وَانْقُلْ حُمَّاھَا فَاجْعَلْھَا بِالْجُحْفَۃِ.

اے اللہ ہمارے نزدیک مدینہ کو اسی طرح محبوب کردے جیسے مکہ محبوب تھا یا اس سے بھی زیادہ، اور مدینے کی فضا صحت بخش بنادے، اس کے صاع اور مد (غلے کے پیمانوں) میں برکت دے اور اس کا بخار منتقل کر کے جحفہ پہنچادے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا سن لی۔ مسلمان امراض سے راحت پا گئے اور انہیں مدینہ محبوب ہو گیا۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی پیدائش:

ماہ شوال میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ ہجرت کے بعد اسلامی دور میں سب بچوں سے پہلے پیدا ہوئے۔ بعض کہتے ہیں نعمان بن بشیر چھ ماہ قبل پیدا ہوئے۔ بعض کا خیال ہے کہ عبداللہ بن زبیر اور نعمان بن بشیر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا 2 ہجری میں پیدا ہوئے تھے۔

یہود مدینہ سے معاہدہ:

اسی سال نبی ﷺ نے یہود مدینہ کے ساتھ چند شرطوں پر مشتمل معاہدہ کیا تھا مگر یہودیوں نے عہد شکنی کی۔

Marfat.com

بھیڑیے کا کلام اور چرواہے کا اسلام:

اسی سن اول ہجری کے واقعات میں سے ہے کہ ایک چرواہے کے ساتھ بھیڑیے نے کلام کیا اور اس چرواہے نے حاضر خدمت اقدس ہو کر اسلام قبول کر لیا۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا اسلام:

اسی سال حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ یہودی عالم ایمان لائے۔ اسی سال حضرت قیس بن صرمہ انصاری اور حضرت انس بن مالک انصاری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اسلام لائے۔

غزوۂ ابواء:

اور اسی سال ماہ صفر میں غزوۂ ابواء ہوا۔ اسے غزوۂ ودان بھی کہتے ہیں۔ اس میں سب مہاجرین شریک ہوئے تھے۔ انصار میں سے کوئی بھی اس میں شریک نہیں ہوا تھا۔

(سیرت نبویہ دمیاطی)

بعض نے لکھا ہے کہ یہ غزوہ ہجرت کے دوسرے سال ہوا ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

اسی سال حضرت سلمان فارسی، حضرت قیس بن صرمہ انصاری اور حضرت انس بن انصاری رضی اللہ عنہم نے بھی اسلام قبول کیا۔

اس سال کون حضرات فوت ہوئے:

حضرت براء ابن معر، ابوامامہ اسعد بن زرارہ اور حضرت کلثوم بن ہدم رضی اللہ عنہم نے اسی سال وصال فرمایا۔

بئر رومہ خرید کر وقف کرنا:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے بئر رومہ خرید کر مسلمانوں کے لئے وقف کیا۔

Marfat.com

اہل بیت کی ہجرت:

اسی سال اہل بیت کو مکہ سے مدینہ منورہ بلا لیا گیا۔

ہجرت کے دوسرے سال کے واقعات

بقول بعض ہجرت کے دوسرے سال تحویل قبلہ شریف ہوا ہے۔ بیت المقدس کی بجائے بیت اللہ شریف کو قبلہ مقرر کیا گیا جس کا ذکر اس آیت میں آیا ہے۔

﴿ قَدْنَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ..... ﴾ [البقرہ ۲: ۱٤٤]

بے شک ہم دیکھ رہے ہیں آپ کے رخ (انور) کا بار بار آسمان کی طرف اٹھنا۔

بعض کہتے ہیں کہ تحویل قبلہ 5 ماہ بعد نصف ماہ رجب میں ہوا ہے۔ بعض کے نزدیک 17 ماہ بعد تحویل قبلہ ہوا اور یہی زیادہ مشہور ہے۔

فرضیت روزہ رمضان:

ماہ شعبان کے آخری عشرہ میں رمضان المبارک کے روزے فرض ہوئے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۞﴾ [البقرہ ۲:۱۸۳]

اے ایمان والو تم پر روزہ رکھنا فرض ہوا جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض ہوا تھا تا کہ تم متقی بن جاؤ۔

نماز عید اور صدقہ فطر:

رمضان کے ختم ہونے میں ابھی دو دن باقی تھے کہ صدقہ فطر اور نماز عید کا حکم نازل ہوا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

﴿ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۞ وَ ذَكَرَاسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۞﴾ [الاعلی ۸۷:۱۵۔۱۴]

بیشک کامیاب ہوا جو پاکیزہ ہوگیا۔اور اپنے رب کا نام لیا پھر نماز پڑھی۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اور ابوالعالیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

فلاح پائی جس نے صدقہ فطر ادا کیا اور عید کی نماز پڑھی۔

احکام القران ۳:۴۷۴ تفسیر عزیزی پ ۳۰

عیدالاضحیٰ اور قربانی:

اسی سال عیدالاضحیٰ اور قربانی کا حکم بھی نازل ہوا اور یہ آیت نازل ہوئی:

﴿ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۞﴾ [الکوثر ۱۰۸:]

تو آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔

زکوۃ کی فرضیت:

بعض کہتے ہیں کہ زکوۃ بھی سن دو ہجری کو فرض ہوئی۔

صلوۃ وسلام پڑھنے کا حکم:

اسی سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کا حکم نازل ہوا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۞﴾ [الاحزاب ۳۳:۵۶]

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی پر، اے ایمان والو تم ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

اسی سال نماز میں سلام وکلام کرنے سے بھی منع کیا گیا۔

Marfat.com

منافقین کا مسجد نبوی سے اخراج:

یہ لوگ مسجد میں آ کر مسلمانوں کی باتیں سنتے اور مذاق کرتے۔ ایک روز مسجد نبوی میں یہ لوگ جمع ہو گئے اور ایک دوسرے سے مل جل کر بیٹھ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کو آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے ہوئے دیکھ کر فرمایا ان کو نکال دو۔ چنانچہ وہ بڑی سختی سے مسجد سے نکال دیئے گئے۔ (سیرت نبویہ ابن کثیر)

سیدۃ النساء رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کی شادی:

اسی سال ماہ صفر یا ماہ رجب میں حضرت سیدہ النساء فاطمۃ الزہراء رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوا جب کہ آپ کی عمر 18 سال اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر 21 سال تھی نبی پاک ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کو جہیز میں چمڑے کا تکیہ، ایک بچھونا اور ایک چکی دی تھی۔ (سیرت ابن کثیر)

جہاد کا حکم:

ہجرت کے دوسرے سال جہاد کا حکم نازل ہوا ہے۔ اس آیت میں کفار سے جہاد کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

﴿ اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰی نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرُ ۙ﴾

[الحج ۲۲:۳۹]

(جہاد کی) اجازت دے دی گئی ان مسلمانوں کو جن سے (ناحق) قتال کیا جاتا ہے اس وجہ سے کہ ان پر ظلم ہوا اور بے شک اللہ ان کی مدد پر ضرور قادر ہے۔

اس کے علاوہ متعدد آیات میں جہاد و قتال کا حکم دیا گیا ہے۔ نیز جہاد کے فضائل و فوائد بیان کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

جہاد کی اقسام:

جہاد اسلام میں بڑی اہم عبادت ہے۔اس کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) جہاد بالمال (۲) جہاد بالنفس (۳) جہاد باللسان

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ.

سنن الدارمی	کتاب الجهاد ، باب فی جهاد المشرکین ۔ ۲٤۳۱
سنن ابوداؤد	کتاب الجهاد، باب ۱۷ حدیث ۔ ۲۵۰٤
سنن النسائی	کتاب الجهاد ، باب وجوب الجهاد ۔ ۳۰۹۸
مسند احمد	۳:۱۲٤۔حدیث ۱۵۳۔۲۵۱
اشعة اللمعات	۳:۳٤۳

کہ جہاد کرو تم مشرکوں کے ساتھ اپنے مالوں، جانوں اور اپنی زبانوں کے ساتھ۔

غزوہ اور سریہ کی تعریف:

ہر وہ لشکر جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس خود شرکت فرمائیں اسے غزوہ اور جس لشکر میں خود موجود نہ ہوں بلکہ کوئی فوج روانہ فرمائی ہو اسے بعث اور سریہ کہتے ہیں۔

غزوات وسرایا کی تعداد:

ہجرت کے دوسرے سال سے لے کر سن 9 ہجری تک یعنی 8 سال کے اندر جو غزوات وسرایا ہوئے ہیں ان کی تعداد میں اختلاف ہے۔جن غزوات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے ان کی تعداد 27 بیان کی گئی ہے۔بعض نے 21 اور بعض نے 24 ذکر کی ہے۔بعض کتابوں میں 66 غزوات وسرایا مذکور ہیں۔مگر بعض نے غزوات وسرایا کی تعداد 82 ذکر کی ہے۔بروایت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ غزوات کی تعداد 19 ہے۔

Marfat.com

علامہ سہیلی فرماتے ہیں وجہ اختلاف کی یہ ہے کہ بعض علماء نے چند غزوات کو قریب قریب اور ایک سفر میں ہونے کی وجہ سے ایک غزوہ شمار کیا اس لئے ان کے نزدیک غزوات کی تعداد کم رہی۔ اور ممکن ہے کہ بعض کو بعض غزوات کا علم نہ ہوا ہو۔

(سیرت مصطفی بحوالہ زرقانی)

اور جن غزوات میں قتال ہوا ہے وہ 9 ہیں۔

غزوہ بدر	غزوہ احد	غزوہ بنی قریظہ
غزوہ بنی مصطلق	غزوہ خیبر	فتح مکہ
غزوہ حنین	غزوہ طائف	احزاب

اور اس سال کے مندرجہ ذیل غزوات وسرایا یہ ہیں۔

غزوہ بواط ماہ ربیع الاوّل میں ہوا تھا۔

غزوہ کرز بن جابر اسی ماہ میں ہوا اور اسی کو غزوہ بدر اُولیٰ بھی کہتے ہیں کہ کرز بن جابر اہل مدینہ کے جانور لوٹ کر لے گیا تھا جس کا تعاقب کیا گیا۔

غزوہ ذی العشیرۃ جمادی الاخری میں ہوا۔

غزوہ بدر عظمیٰ رمضان میں شریف میں ہوا۔

سریہ عمیر بن عدی رمضان میں ہوا۔

سیریہ بن سالم بن عمیر شوال میں ہوا۔

غزوہ بنی قینقاع شوال میں ہوا۔

غزوہ سویق ذی الحجہ میں ہوا۔

غزوہ قرقرۃ الکدر محرم میں ہوا۔

Marfat.com

سریہ عبداللہ بن جحش:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مہاجرین کی ایک جماعت تھی نخلہ کو جو مکہ سے ایک دن کے فاصلے پر ہے رجب کے مہینے میں قریش کے ایک قافلے کو روکنے کے لئے روانہ ہوئے۔ قافلہ میں کچھ چھوارے اور طائف کا چمڑہ تھا۔ اس قافلے میں عمرو بن حضرمی بھی تھا جسے انہوں نے قتل کر دیا اور عثمن بن عبداللہ اور حکم بن کیسان کو پکڑ لیا باقی بھاگ گئے۔ اسلام میں یہ پہلی غنیمت تھی۔

اسی کے متعلق ﴿يَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ﴾ آیت نازل ہوئی۔

غزوہ بدر الکبری:

ہجرت کے دوسرے سال کے واقعات میں سے غزوہ بدر ہے جو ماہ رمضان کی 17 تاریخ کو پیش آیا جس کا ذکر قرآن کریم کی سورہ انفال وغیرہ کی متعدد آیات میں آیا ہے۔ غزوہ بدر میں لشکر اسلام کی تعداد 313 تھی۔ لشکر اسلام کے سردار سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ دشمن لشکر کی تعداد 9 ہزار تھی اس کا سردار ابو جہل تھا۔ اس میں 22 مسلمان شہید ہوئے۔ کفار کے لشکر کے 70 کافر قتل کر دیئے گے اور 70 ہی قیدی ہوئے۔ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے شاندار فتح عطا فرمائی۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ بطور احسان فرماتا ہے:

﴿ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ج فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۞﴾

[ال عمران ۳:۱۲۳]

اور بیشک بدر میں اللہ نے تمہاری مدد کی اس حال میں کہ تم (اس وقت) کمزور تھے. تو اللہ سے ڈرو تا کہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

Marfat.com

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی وفات:

وَ فِیْهَا تُوُفِّیَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ بَعْدَ رُجُوْعِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ بَدْرٍ وَّ شَهِدَهَا عُثْمَانُ. (سیرت دمیاطی)

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے اسی سال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ بدر سے واپسی کے بعد وفات پائی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس غزوہ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

سب کی طرف سے دو قربانیاں:

اسی سال دو مینڈھے قربانی کے دیئے۔ ایک اپنی امت کی طرف سے اور دوسرا اپنی و آل محمد کی طرف سے۔ (السیرۃ النبویۃ)

جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم بے مثل ہیں اسی طرح آپ کی قربانی بھی بے مثل ہے۔ لہذا سے دوسری عام قربانیوں پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت سیدہ رقیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا انتقال:

اسی سال غزوہ بدر کے موقع پر حضرت سیدہ رقیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا انتقال ہوا۔ اسی لئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ان کی بیماری کی وجہ سے غزوہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو غنیمت سے حصہ دیا اور بروز قیامت اجر کا وعدہ فرمایا۔

حضرت سیدہ ام کلثوم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی شادی:

اسی سال حضرت سیدہ ام کلثوم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ بعض نے 3 ہجری کے واقعات میں لکھا ہے۔ (سیرت ابن کثیر)

حضرت حفصہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا نکاح:

اسی سال ماہ شعبان میں حضرت حفصہ بنت حضرت فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کا

Marfat.com

نکاح سید دو عالم ﷺ سے ہوا اور ازواج نبوی میں شامل ہو کر ام المؤمنین کے اعزاز سے نوازی گئیں۔

حضرت سیدہ زینب بنت خزیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کا نکاح:

اسی سال حضرت سیدہ زینب بنت خزیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کو رمضان المبارک میں حرم نبوی میں داخل ہونے کا شرف ملا۔ اسی سال حضرت زینب بنت رسول ﷺ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ تشریف لائیں اور سریہ عمر بن عدی، سریہ سالم بن عمیر، غزوہ قرقرۃ الکدر، غزوہ سویق اور غزوہ قینقاع بھی اسی سال ہوئے ہیں۔ (مدارج النبوت فارسی ۲: ۱۱۰)

ہجرت کے تیسرے سال کے واقعات

غزوہ احد:

اس سال کے تمام غزوات میں سے غزوہ احد کو زیادہ اہمیت حاصل ہے اور یہ غزوہ اپنے دامن میں بے شمار عبرتیں اور نصیحتیں رکھتا ہے۔ اس غزوہ کا ذکر قرآن کریم کے چوتھے پارے کے تیسرے رکوع سے لے کر نویں رکوع کی آیت 178 تک پھیلا ہوا ہے۔

امام محمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورہ آل عمران کی ساٹھ آیات تک غزوہ احد کے حالات بیان فرمائے ہیں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ط.....﴾

[آل عمران ۳: ۱۲۱]

اور جب صبح کے وقت آپ اپنے اہل کے پاس سے باہر آئے مسلمانوں کو لڑائی کے لئے مورچوں پر ٹھہراتے ہوئے۔

Marfat.com

غزوہ احد 6 شوال 3 ہجری میں ہوا۔ لشکر اسلامی کی تعداد 605 اور دشمن کی تعداد 28 تھی۔ اس میں مسلمانوں کا بہت نقصان ہوا۔ 40 صحابہ کرام رضی اللہ عنہم زخمی ہوئے اور 70 صحابہ کرام نے جام شہادت نوش فرمایا۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ بھی شہید ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی زخمی کیا گیا۔

نوحہ کی حرمت:

اسی سال غزوہ احد کے بعد یہ حکم نازل ہوا کہ میت پر نوحہ کرنا، چہرہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا حرام ہے۔ اس سے قبل حرام نہیں تھا کیونکہ شہداء احد پر عورتوں نے نوحہ کیا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر بھی عورتوں نے نوحہ کیا اور جب وہ اس سے فارغ ہوئیں تو نوحہ کی حرمت نازل ہوئی۔ اس دن سے نوحہ کی ممانعت کر دی گئی۔ (بذل القوة بحواله البدايه والنهايه ،سيرت شامی)

غزوہ حمراء الاسد:

یہ غزوہ بھی شوال میں ہوا۔ جو صحابہ کرام اس غزوہ میں شریک ہوئے ان کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی:

﴿ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ م بَعْدِمَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ط..... ﴾

[ال عمران ۳:۱۷۲]

وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانا اس کے بعد کہ انہیں زخم پہنچے۔

سریہ رجیع:

رجیع مکہ اور عسفان کے درمیان ایک چشمہ کا نام ہے۔ عضل اور قارہ قبائل کے کہنے پر تعلیم اسلام کی خاطر سریہ عاصم بن ثابت کو ان کی طرف روانہ کیا اور انہوں نے غداری کی۔ حضرت مرثد، حضرت خالد، حضرت عبداللہ بن طارق اور حضرت عاصم رضی اللہ عنہم کو شہید کر دیا گیا اور

Marfat.com

حضرت خبیب اور حضرت زید بن دثنہ کو قید کر کے اہل مکہ کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ انہوں نے دونوں کو شہید کر دیا۔ انہیں کے حق میں آیت نازل ہوئی ہے۔

﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ م بِالْعِبَادِ ۞﴾

[البقرہ ۲:۲۰۷]

اور آدمیوں میں سے کوئی وہ ہے جو اپنی جان بیچتا ہے اللہ کی خوشنودی طلب کرنے کے لئے اور اللہ بندوں پر نہایت مہربان ہے۔

یعنی یہ وہ خوش نصیب دس صحابہ تھے جنہوں نے اپنی جانوں کو اللہ کی راہ میں بیچ ڈالا۔ بعض نے سریہ رجیع کو ہجرت کے چوتھے سال کے واقعات میں لکھا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

اسی سال غزوہ نجران ہوا جسے غزوہ بنی سلیم بھی کہتے ہیں۔ سریہ ابوسلمہ مخزومی، سریہ ابو عبداللہ بن انیس، سریہ زید بن حارثہ بھیجے گئے۔ اسی سال کعب بن اشرف یہودی قتل ہوا۔

ابورافع عبداللہ بن ابوالحقیق یہودی تاجر جو گستاخ رسول ﷺ تھا اسی سال اس کی گستاخی کی وجہ سے قتل کیا گیا۔ اسے عبداللہ بن عتیک اور ان کے ساتھیوں نے قتل کیا تھا۔ نیز غزوہ غطفان بھی اسی سال ہوا۔

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت:

اسی سال حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ یعنی ماہ رمضان کی 15 تاریخ کو امام عالی مقام دنیا میں تشریف لائے۔

ہجرت کے چوتھے سال کے واقعات

سریہ بئر معونہ:

سریہ بیر معونہ کا واقعہ اسی سال پیش آیا کہ تعلیم کی خاطر 70 قراء روانہ کئے گئے تا کہ

Marfat.com

ل نجد کو اسلام کی دعوت دیں تو انہوں نے کعب بن زید اور عمرو ضمیری کے سوا سب کو شہید کر دیا
و اس پر نبی ﷺ کو بہت دکھ ہوا۔

قنوت نازلہ کا پڑھنا:

اس واقعہ کے بعد نماز فجر میں ایک ماہ تک اور ایک روایت میں 40 روز تک قنوت
نازلہ پڑھی گئی اور جب یہ آیت نازل ہوئی:

﴿ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ..... ﴾ [ال عمران ۳:۱۲۸]

اس امر سے آپ کے لئے کچھ نہیں یا ان پر (اللہ) رجوع برحمت ہو۔

تو آپ نے قنوت نازلہ پڑھنی ترک کر دی جیسا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں ہے۔

نماز خوف:

غزوہ ذات الرقاع محرم میں ہوا اور اسی غزوہ میں نماز خوف پڑھی گئی۔ نماز خوف کا
ذکر اللہ تعالیٰ اس آیت میں فرماتا ہے:

﴿ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ..... ﴾ [النساء ٤:١٠٢]

اور (اے محبوب) جب آپ ان میں ہوں اور (خوف کے وقت) انہیں نماز پڑھائیں

غزوہ بنی نضیر:

بنی نضیر یہودی تھے جو مدینہ کے مضافات میں آباد تھے۔ انہوں نے بدعہدی کر کے
رسول اللہ ﷺ کو شہید کرنے کا ارادہ کیا تو پھر انہیں سزا کے طور پر 6 دن کے محاصرہ کے بعد
جلاوطن کر دیا گیا۔ چنانچہ اللہ فرماتا ہے:

﴿ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ط..... ﴾

[الحشر ٥٩:٢]

Marfat.com

وہی ہے جس نے (ان) کفار اہل کتاب کو ان کے گھروں سے نکالا پہلی بار جلاوطن کرنے کے وقت۔

اور یہ جلاوطن ہو کر خیبر میں آباد ہوئے تھے۔ غزوہ خیبر بھی انہیں کی شرارتوں سے ہوا تھا۔ غزوہ ذات الرقاء نیز غزوہ بدر الاخرہ بھی اسی سال ہوئے تھے۔ (سیرت ابن ہشام)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی وفات:

حضرت عبداللہ بن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ (نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم) کا وصال ہوا۔

حضرت زینب بنت خزیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات:

ام المؤمنین حضرت زینب بنت خزیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات ہوئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام سلمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے نکاح فرمایا۔

حضرت فاطمہ بنت اسد رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات:

بعض نے لکھا ہے کہ حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا بنت اسد بن ہاشم بن عبد مناف (والدہ امیر المؤمنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ) کا وصال ہوا۔ اسی سال غزوہ بدر صغری ہوا۔ حضرت ام سلمہ سے نکاح کیا۔ نماز خوف کا حکم بھی اسی ہجری کو نازل ہوا۔

یہودی مرد اور عورت کو رجم کیا گیا:

ایک مرد نے یہودی عورت کے ساتھ زنا کیا اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شریعت کے مطابق دونوں کو رجم کرنے کا حکم دیا۔ (مدارج النبوت ۲:۱۵۲)

تورات سیکھنے کا حکم دیا گیا:

اسی سال نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ وہ تورات کے سوا خط سیکھیں مبادا یہودی اپنے رسائل و کتب میں تغیر و تبدل اور تحریف و تبدیلی کر دیں۔ چنانچہ

Marfat.com

انہوں نے پندرہ دن میں اسے سیکھ لیا لیکن ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ یہود ہمیں خطوط لکھ کر بھیجتے ہیں ہم بھی انہیں مراسلے لکھتے ہیں اور انہیں فرامین بھیجتے ہیں لہذا تم ان کے سوا خط کو لکھ لو۔ (مدارج النبوت ۲:۱۵۲)

معلوم ہوا کہ حاجت کے وقت دیگر زبانوں کا سیکھنا درست ہے۔اسی لئے یہودیوں کی زبان سیکھنے کی اجازت دی گئی۔

چوری کی سزا:

اسی سال طعمہ بن ابیرق کا چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا گیا اور اس کو چور کی سزا دی گئی۔

(مدارج النبوت ۲:۱۵۲)

شراب کی حرمت:

بقول مشہور اسی سال شراب کی حرمت واقع ہوئی۔حرمت شراب کا ذکر سورہ بقرہ، سورہ نساء اور سورہ مائدہ آیت 9 میں کیا گیا ہے۔ (ملخصا از مدارج النبوت ۲:۱۵۳)

حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت:

اسی سال ماہ شعبان میں سیدنا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

(تاریخ مدینہ منورہ)

حضرت زینب بنت جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی:

اسی سال نبی کریم ﷺ نے حضرت زینب بنت جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی کی بعض نے لکھا ہے کہ 5 ہجری کو شرف زوجیت حاصل کیا۔اسی سال پردے کا حکم بھی نازل ہوا

نماز قصر کا حکم:

نیز اسی سال نماز قصر ادا کی گئی جس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے:

Marfat.com

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ ق.....﴾

[النساء ٤:١٠١]

اور جب تم سفر کرو زمین میں تو تم پر کچھ حرج نہیں اگر تم قصر کرو (چار رکعت والی فرض) نماز میں۔

ہجرت کے پانچویں سال کے واقعات

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی آزادی:

اسی سال نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو آزاد کرایا تھا۔

غزوہ دومۃ الجندل:

اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ دومۃ الجندل کے لئے تشریف لے گئے تھے۔

حضرت ام سعد رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا انتقال:

اس کے بعد حضرت ام سعد بن عبادہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کا انتقال ہوا تھا۔

چاند گرہن:

اس کے بعد چاند گرہن کا واقعہ پیش آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کسوف پڑھائی۔

(خلاصۃ الوفا)

مکہ معظّمہ میں قحط:

اسی سال مکہ میں قحط پڑا تھا۔ اس لئے تالیف قلوب کے طور پر آپ نے کافی مقدار میں چاندی ان کی طرف مدد کے لئے بھیجی تھی تا کہ صلہ رحمی ہو۔

Marfat.com

اسلام کا پہلا وفد:

اس سال آپ کے پاس بلال بن الحارث المدنی وفد لے کر آیا تھا۔ یہ اسلام میں پہلا وفد تھا اور اس کے بعد حمام بن ثعلبہ کا وفد آیا۔

غزوہ بنی مصطلق:

اسی سال ماہ شعبان میں غزوہ مریسیع ہوا اور اسی کا نام غزوہ بنی مصطلق بھی ہے۔

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی براءت:

اسی غزوہ سے واپسی پر منافقین نے حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا پر جھوٹی تہمت لگائی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی براءت میں سورہ نور کی آیات نازل فرمائیں۔

آیت تیمّم:

اسی سال آیت تیمّم نازل ہوئی اور مسلمانوں کو پانی نہ ملنے پر تیمّم کی اجازت دے دی گئی۔ نیز بعض نے لکھا ہے کہ حضرت ام حبیبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا نکاح بھی اسی سال ہوا تھا۔

حضرت ماریہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے نکاح:

اسی غزوہ میں نبی ﷺ نے حضرت ماریہ اور حضرت جویریہ بنت حارث رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا کے ساتھ نکاح کیا۔

غزوہ خندق:

اس کے بعد غزوہ خندق (احزاب) پیش آیا۔ محاصرہ 20 دن یا ایک ماہ تک رہا اور قریش کا لشکر مجمع الاسیال پر پڑا رہا۔ یہ مسلمانوں کے لئے بہت سخت امتحان کا وقت تھا جس کا

Marfat.com

نقشہ قرآن کریم میں یوں پیش کیا ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۞ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَ اِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۞﴾ [الاحزاب ۳۳:۱۰-۹]

اے ایمان والو اپنے اوپر اللہ کی نعمت ادکرو جب (کافروں کی) فوجیں تم پر آ پہنچیں تو ہم نے ان پر (تمہاری مدد کے لئے) آندھی بھیجی اور (فرشتوں کے) لشکر جنہیں تم نے نہ دیکھا۔ جب کافر تم چڑھ آئے تمہارے اوپر اور تمہارے نیچے سے اور جب آنکھیں پھری کی پھری رہ گئیں اور دل منہ کو آنے لگے اور تم اللہ کے متعلق (امید و یاس میں) مختلف گمان کرنے لگے۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا﴾ [الاحزاب ۳۳:۱۱]

وہ مقام تھا جہاں مسلمانوں کی آزمائش کی گئی اور وہ نہایت سختی سے ہلا دیئے گئے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کامیابی عطا فرمائی۔ تمام مشرکین اور یہود نے شکست کھائی۔ اس غزوہ خندق میں بہت سے معجزات کا بھی ظہور ہوا۔ بعض کے نزدیک ابو رافع کا عبرت ناک انجام اسی سال ہوا۔

غزوہ بنی قریظہ:

چونکہ بنی قریظہ نے غزوہ خندق کے موقع پر عہد شکنی کی اس لئے غزوہ خندق کے بعد اسی سال ماہ ذی القعدہ میں غزوہ بنی قریظہ ہوا جس میں 700 یا 900 یہودی قتل کئے گئے تھے

Marfat.com

ابولبابہ کی توبہ:

حضرت ابولبابہ بن منذر رضی اللہ عنہ سے غزوہ بنی قریظہ سے قبل ہی ایک خطا ہوگئی اس پر وہ سخت نادم و پشیمان ہوئے۔ انہوں نے اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستون کے ساتھ باندھ دیا تقریباً 20 دن کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کھول دیا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ ﴾ [توبہ ۹:۱۰۲]

اور (کچھ) دوسرے انہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا انہوں نے کچھ نیک کاموں کو دوسرے برے کاموں سے ملایا قریب ہے کہ اللہ ان پر رجوع برحمت ہو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی وفات:

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی جنگ خندق میں شہ رگ پر تیر لگا اور خون بند نہ ہوا یہاں تک کہ ایک مہینہ کے بعد ان کی وفات ہوگئی۔ یہ واقعہ 5 ہجری کا ہے۔ اس وقت آپ کی عمر 37 برس کی تھی۔ جنت البقیع میں سپرد خاک کئے گئے۔ ان کی وفات سے مسلمانوں کو بہت افسوس اور بے حد نقصان ہوا۔ اس سال بعض سرایا دستے اور بھی بھیجے گئے۔

حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کا نکاح:

اور اسی سال حضرت زینب بن جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کو بھی ام المؤمنین بننے کا شرف حاصل ہوا اور ان کی شادی کے بعد عظیم الشان دعوت ولیمہ کی گئی۔

Marfat.com

پردے کا حکم:

اسی سال پردے کا حکم نازل ہوا۔ بعض کے نزدیک ہجرت کے چوتھے سال پردے کی آیتیں نازل ہوئیں اور اسی سال سریہ عبداللہ بن عتیک روانہ کیا گیا۔

نماز خوف کا حکم:

بعض نے لکھا ہے کہ ہجرت کے پانچویں سنال نماز خوف کے احکام نازل ہوئے۔

لعان وظہار کے احکام:

اسی سال لعان وظہار کے متعلق بھی احکام بتائے گئے۔ (دین مصطفیٰ ۱۰۷)

حضرت ریحانہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے نکاح:

اسی سال رسول اللہ ﷺ نے ریحانہ بنت زید نضریہ سے نکاح فرمایا۔

سریہ محمد بن مَسْلَمَہ:

قرطا کی جانب محرم میں بھیجا گیا تھا۔

مدینہ منورہ میں زلزلہ:

اسی سال مدینہ منورہ میں زلزلہ بھی آیا۔ (سیرۃ النبویہ دمیاطی)

ضیاء النبی میں زلزلہ کا ذکر ہجری کے پانچویں سال کے واقعات میں مذکور ہے۔ اور بذل القوۃ میں ہے کہ ابورافع سلام بن ابی العقیق اسی سال قتل کیا گیا تھا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اور اسی سال چاند گرہن اور سورج گرہن ہوا۔ (مدارج النبوت ۲:۱۸٤)

نیز بعض نے لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے عمرہ کا احرام بھی اسی سال باندھا اور اپنے ہمراہ ہدی لے کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ساتھ مکہ شریف عمرہ کرنے کے ارادہ سے تشریف لائے۔ (حدائق الانوار) مگر زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ چھٹے سال کا واقعہ ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

Marfat.com

ہجرت کے چھٹے سال کے واقعات

مقوقس کے تحائف:

مقوقس کا قاصد خاطب بن ابی بلتعہ حاضر خدمت ہوا اور حضرت ماریہ بنت شمعون قبطیہ ام ابراہیم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا اور دُل دُل نامی خچر اور یعفور نامی دراز گوش خدمت اقدس میں لایا۔ (سیرت النبویہ دمیاطی)

بعض نے اس کا ذکر ہجرت کے پانچویں سال کے واقعات میں کیا ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

اس سال کے غزاوات وسرایا:

اسی سال مشرکوں نے سریہ محمد بن مسلمہ کے دس مسلمانوں کو قتل کر دیا تھا اور اس سریہ میں دس ہی آدمی بھیجے گئے تھے۔ اس کے بعد سریہ فدک ہوا اس میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو بھیجا گیا۔ سریہ عبدالرحمٰن بن عوف کو دومۃ الجندل کی طرف روانہ کیا گیا۔ اس کے بعد سریہ زید بن حارث روانہ ہوا۔ اسی سال غزوہ غابہ پیش آیا۔ (تاریخ الاحکام)

سریہ عکاشہ بن محصن اسدی، غمر مرزوق کی جانب روانہ ہوا۔

غزوہ بنی لحیان ربیع الاول میں ہوا۔

سریہ زید بن حارثہ بنی سلیم کی طرف گیا۔

سریہ زید بن حارثہ جمادی الاولیٰ میں عیص کی طرف روانہ کیا گیا۔

سریہ عمر بن امیہ ضمری اور سلمہ بن اسلم مکہ میں ابوسفیان بن حرب کو قتل کرنے کے لئے گیا۔

سریہ زید بن حارثہ ماہ رجب میں وادی القری کی جانب ارسال کیا گیا۔

Marfat.com

سریہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بنی سعد بن بکر کی طرف گیا۔(سیرۃ نبویہ دمیاطی)

بعض کہتے ہیں کہ فرضیت حج کا حکم اسی سال نازل ہوا۔

غزوہ حدیبیہ:

اس غزوہ کا سبب یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا کہ آپ مع اپنے صحابہ کے امن وعافیت کے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے۔ عمرہ کر کے بعض نے سر منڈائے اور بعض نے بال کتروائے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خواب کے بعد تقریباً 1400 صحابہ کو لے کر بحالت احرام عمرہ کی نیت سے مکہ تشریف لے گئے مگر قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حدیبیہ سے آگے نہ بڑھنے دیا تو چند شرطوں کے ساتھ صلح ہوئی۔ اسی کا نام صلح حدیبیہ ہے۔

بیعت رضوان:

بیعت رضوان کا واقعہ بھی اسی موقع پر پیش آیا جس کا ذکر قرآن عظیم کی سورہ فتح میں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ.....﴾

[الفتح ۴۸:۱۸]

بیشک اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے۔

صلح حدیبیہ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اسلام کی فتح قرار دیا۔

﴿ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۞﴾ [الفتح ۴۸:۱]

(اے حبیب) بیشک ہم نے آپ کو روشن فتح عطا فرمائی۔

Marfat.com

کسوف شمس:

اسی سال کسوف شمس کا واقعہ پیش آیا۔ نیز 8 ہجری میں بھی کسوف شمس ہوا تھا۔

نماز استسقاء:

اسی سال مدینہ منورہ میں خشک سالی ہوئی اور نبی ﷺ نے نماز استسقاء پڑھی اور یہ رمضان شریف کا مہینہ تھا۔ بعض نے حکم ظہار اور حرمت شراب کا ذکر بھی اسی سال کے واقعات میں کیا ہے۔ اسی سال مسلمان عورتیں مشرکین پر حرام قرار دی گئیں اور مسلمان مردوں کو مشرکہ عورتوں سے نکاح کی ممانعت کر دی گئی۔

بذل القوہ میں ہے کہ ابو رافع سلاّم بن ابی الحقیق اسی سال قتل کیا گیا تھا۔ بعض نے اس واقعہ کو ہجرت کے پانچویں سال کے واقعات میں ذکر کیا ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

بادشاہوں کے نام خطوط:

﴿اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ.....﴾ [النحل ۱۶:۱۲۵]

اپنے رب کے راستہ کی طرف بلایئے حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۞﴾ [فصلت ۴۱:۳۳]

اور اس سے بہتر بات کس کی ہو سکتی ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے۔ اور کہے کہ بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

دنیا کے مشہور بادشاہوں کے نام دعوت اسلام کے خطوط بھیجے گئے۔ بعض نے لکھا کہ 7 ہجری کو بادشاہوں کے نام خطوط لکھے گئے تھے۔ یا یہ کہ بادشاہوں کی طرف خطوط

Marfat.com

ارسال کرنے کا آغاز ہجرت کے چھٹے سال ہوا۔ پھر یہ سلسلہ ایک عرصہ تک جاری رہا۔

ابوسفیان کا ہرقل کے دربار میں بیان:

اسی سال حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے ہرقل کے دربار میں اس کے دریافت کرنے پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حسب ونسب اور دیگر خوبیوں کا تذکرہ کیا تھا۔ بعض نے لکھا ہے کہ ہجرت کے چھٹے سال یہ واقعہ ہوا تھا۔ بعض کے نزدیک اسی سال ظہار کا حکم بھی نازل ہوا۔ (خلاصة الوفا)

اور بعض کے نزدیک حرمت شراب کا حکم بھی اسی سال ملا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

ہجرت کے ساتویں سال کے واقعات

غزوہ خیبر:

اسی سال غزوہ خیبر ہوا۔ چونکہ نضیر کے یہودیوں نے مدینہ سے جا کر خیبر کو اپنی سازشوں کی پناہ گاہ بنالیا تھا۔ اس پر چڑھائی کی گئی۔ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں جھنڈا دیا اور اللہ تعالیٰ نے فتح کا سہرا انہیں کے سر باندھا۔ خیبر کے بعد فدک کی طرف متوجہ ہوئے تو وہاں کے لوگوں نے صلح کر لی۔ اسی غزوہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیہ بنت حیی ابن اخطب سے نکاح کیا۔

زہر آلود گوشت:

غزوہ خیبر کے واقعات میں سے ہے کہ زینب بنت الحارث یہودیہ عورت نے ایک زہر آلود بھنی ہوئی بکری بطور تحفہ پیش کی۔ آپ کو اس کے گوشت نے بتا دیا کہ مجھ میں زہر ڈالا ہوا ہے۔ اس جرم میں اس کو قتل کیا گیا تھا۔ آپ نے اس زہر آلود گوشت سے جو لقمہ کھایا تھا اس کا اثر آخر وصال کے وقت ظاہر ہوا۔ (الفصول ۷۶)

Marfat.com

اسی سال رد شمس کا واقعہ بھی پیش آیا جو نبی ﷺ کے عظیم الشان معجزوں میں سے ایک معجزہ ہے۔

حرمت حمار:

بعض نے گدھوں کی حرمت اور متعہ کی حرمت کا ذکر اسی سن ہجری میں کیا ہے۔

وادی قری کا واقعہ:

اسی سال وادی القری کا واقعہ پیش آیا۔

آپ پر جادو کیا گیا:

اسی سال نبی ﷺ پر جادو کیا گیا۔ اس کا اثر سال بھر تک رہا اور یہ بھی روایت ہے کہ چالیس دن تک رہا۔ اور یہ اثر صرف ظاہری تھا۔

حضرت ام حبیبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا کی حبشہ سے واپسی اور شادی:

اسی سال ام حبیبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا حبشہ سے واپس آئیں۔

اسی سال نبی ﷺ نے ام حبیبہ بنت ابی سفیان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا سے نکاح کیا۔

عمرۃ القضاء:

اسی سال آپ ﷺ نے عمرۃ القضاء ادا کیا۔ اور خواب کی عملی شکل ظاہر ہوئی جس کا ذکر سورہ فتح کی اس آیت میں کیا گیا ہے:

﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ج لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ لا لَا تَخَافُوْنَ ط.....﴾[الفتح ۴۸:۲۷]

بیشک اللہ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا حق کے ساتھ اللہ کے چاہنے سے (یقیناً) تم ضرور ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے امن وامان کے ساتھ اپنے سر منڈاتے ہوئے

Marfat.com

اور (کچھ لوگ) اپنے بال کتر واتے ہوئے تمہیں کسی کا خوف نہ ہوگا۔

حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی قبر کی زیارت:

ایک روایت میں ہے کہ اسی موقع پر آپ ﷺ نے بحکم رب تعالیٰ اپنی والدہ حضرت سیدہ آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی قبر شریف کی زیارت بھی کی۔ بعض نے لکھا ہے کہ فتح مکہ کے سفر میں مکہ شریف کی جانب جاتے ہوئے مقام ابواء سے گزرے تو حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی قبر کی زیارت کی۔ (الفصول)

بعض کہتے ہیں کہ قضائے عمرہ کے سفر میں زیارت کی تھی۔

رَأَی النَّبِیُّ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَبْرَ اُمِّہٖ عَامَ الْحُدَیْبِیَّۃَ بِالْاَبْوَاء. [مبارق الازھار ۳:۸٤]

رسول اللہ ﷺ کے والدین مؤمن تھے:

بعض علماء متقدمین رسول اللہ ﷺ کے والدین کے ایمان کے قائل نہیں تھے۔

چنانچہ علامہ فضل اللہ تورپشتی (متوفی ٦٦١ھ) لکھتے ہیں:

ومذہب اہل حق آنست کہ مادر و پدر پیغمبر ﷺ بر کفر بودند واین بنقل درست شدہ ثابت است۔ (معتمد فی المعتقد ٢٤٥)

اور غالباً اسی لئے ملا علی قاری نے بھی لکھا تھا:

ثُمَّ الْجُمْھُوْرُ عَلٰی اَنَّ وَالِدَیْہِ ﷺ مَاتَا کَافِرَیْنِ وَھٰذَا الْحَدِیْثُ اَصَحُّ مَا وَرَدَ فِیْ حَقِّھِمَا. (مرقاۃ مطبوعہ بیروت ٤:٢٥١)

مگر پھر ملا علی قاری نے وفات سے تین سال قبل اس سے رجوع کر لیا تھا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

وَاَبُوْ طَالِبٍ لَمْ یَصِحَّ اِسْلَامُہٗ وَاَمَّا اِسْلَامُ اَبَوَیْہِ فَفِیْہِ اَقْوَالٌ وَالْاَصَحُّ

Marfat.com

اِسْلَامُهُمَا عَلٰی مَااتَّفَقَ عَلَيْهِ الْاَجِلَّةُ مِّنَ الْاُمَّةِ كَمَا بَيَّنَهُ السَّيُّوْطِيُّ فِیْ رَسَائِلِ الثَّلَاثَةِ الْمُؤَلَّفَةِ. (شرح شفاء ۲:۱ ۶۰)

نیز لکھتے ہیں:

وَمَا ذَكَرُوْا مِنْ اِحْيَائِهٖ عَلَيْهِ الصَّلَوَاتُ وَ اِسْلَامُ اَبَوَيْهِ فَالْاَصَحُّ اَنَّهٗ رَفَعَ مَاعَلَيْهِ الْجُمْهُوْرُ الثِّقَاتِ كَمَا قَالَ السَّيُّوْطِيُّ فِیْ رَسَائِلِهِ الثَّلَاثِ الْمُؤَلَّفَاتِ.

(شرح شفا ۱: ۶۸۴)

حاشیہ معتمد میں ہے:

بدانکہ درایمان والدین شریفین آنحضرت علیہ السلام علماء فرقہ شدہ اند بعضی بکفر رفتہ اند وبعضی باسلام وہمیں است مذہب امام فخر الدین رازی وبعض توقف نمودہ اندوَهُوَ اَحْوَطُ وَ اَسْلَمُ. (حاشیہ معتمد فی المعتقد ۲۴۲)

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ، قَالَ : زَارَ النَّبِیُّ ﷺ قَبْرَ اُمِّهٖ فَبَكٰی وَ اَبْكٰی مَنْ حَوْلَهٗ. فَقَالَ: اِسْتَأْذَنْتُ رَبِّیْ فِیْ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِّیْ. وَاسْتَأْذَنْتُهٗ فِیْ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاُذِنَ لِیْ. فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ .فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتَ.

المسلم ، كتاب الجنائز ، باب استئذان النبی ﷺ ربه فی زيارة قبر امه ، حديث ۱۰۶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی پھر آپ روئے اور جو لوگ آپ کے ساتھ تھے وہ بھی روئے۔ پھر آپ نے فرمایا میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت طلب کی تو میرے رب نے مجھے اجازت دے دی۔ پھر میں نے اپنی والدہ کے لئے استغفار کرنے کی اجازت طلب کی تو مجھے اجازت نہیں دی۔ پس تم قبروں کی زیارت کیا کرو یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔

حضرت علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی فرماتے ہیں:

Marfat.com

''اس صحیح حدیث میں آپ کو حضرت سیدہ آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا کی قبر پر کھڑے ہونے کی اجازت دی ہے، اگر حضرت آمنہ مشرکہ ہوتیں تو یہ اجازت نہ دی جاتی۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿.....وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ط.....﴾ [التوبہ ٨٤]

آپ ان کی قبر پر کھڑے نہ ہوں۔

رہا یہ کہ آپ کو حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا کے لئے استغفار کی اجازت کیوں نہیں دی تو اس کی وجہ یہ ہے کہ غیر معصوم کے لئے استغفار کرنا موہم معصیت ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا تھا کہ آپ کی والدہ کے لئے استغفار کی جائے جس کی وجہ سے لوگوں کو یہ وہم ہو کہ آپ کی والدہ نے غلط اور ناجائز کام کئے تھے جس کی وجہ سے آپ کے لئے مغفرت طلب کرنے کی ضرورت پیش آئی۔'' (تبیان القران ٥:٢٧٣)

نیز استغفار کی اجازت نہ ملنے سے ہرگز ان کا کفر ثابت نہیں ہوتا۔

علامہ محمد بن عبدالباقی فرماتے ہیں:

بِاَنَّ حَدِیْثَ عَدْمِ الْاِذْنِ فِی الْاِسْتِغْفَارِ لَایَلْزَمُ مِنْهُ الْکُفْرُ بِدَلِیْلِ اَنَّهٗ ﷺ کَانَ مَمْنُوْعًا فِیْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ مِنَ الصَّلٰوةِ عَلٰی مَنْ عَلَیْهِ دَیْنٌ وَلَمْ یَتْرُکْ لَهٗ وَفَاءً، وَمِنَ الْاِسْتِغْفَارِ لَهٗ وَ هُوَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ . (زرقانی شرح مواھب ١:٣٣٥)

حق بات یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین مؤمن وموحد تھے کیونکہ وہ اہل فطرت سے تھے اور ان کا کفر ہرگز ثابت نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿.....وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝﴾ [اسراء ١٧:١٥]

Marfat.com

اور ہم عذاب کرنے والے نہیں جب تک رسول نہ بھیج دیں۔

چونکہ یہ مسئلہ ضروریات دین سے نہیں ہے اس لئے زیادہ بحث ومباحثہ نہیں کرنا ہیئے۔ والدین کریمین کی تعظیم وتکریم ہر مسلمان پر فرض ہے جب بھی آپ ﷺ کے والدین ریمین کا ذکر کیا جائے تو خیر سے کیا جائے۔ اس موضوع پر حضرت امام جلال الدین سیوطی حمۃ اللہ تعالیٰ کے رسائل کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

(ان چھ رسائل کا ترجمہ علامہ ساجد الہاشمی صاحب نے بڑے احسن انداز اور عمدہ رائے میں ''ایمان والدین مصطفیٰ ﷺ'' کے نام سے فرمایا ہے)

حضرت میمونہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کی شادی:

اور اس سال میں حضرت میمونہ بنت الحارث رَضِیَ اللّٰہُ تعالیٰ عَنہَا سے عقد نکاح کیا۔ (تاریخ الاحکام)

بعض نے لکھا ہے کہ اسی سال دنیا کے بادشاہوں کو دعوت اسلام دی۔

ہجرت کے آٹھویں سال کے واقعات

غزوہ موتہ:

اسی سال غزوہ موتہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ہاتھ فتح عطا فرمائی تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں سیف اللہ کا خطاب عطا فرمایا۔

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی شہادت:

اسی غزوہ موتہ میں حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کی شہادت کا واقعہ بڑا اندوہناک ہے کیونکہ آپ کے دونوں بازو کاٹ دیئے گئے تھے اور آپ شدید زخمی ہو گئے تھے۔ حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ شہادت کے بعد جب حضرت

Marfat.com

جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کٹے ہوئے بازوؤں کے ساتھ بہشت میں داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے انہیں پرندوں کی طرح بازو عطا فرمائے جن کے ذریعے وہ حسب خواہش ہر طرف پرندوں کی طرح اڑنے لگے۔ (سیرت ابن کثیر)

اسی لئے آپ کو جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے لقب سے ملقب کیا گیا ہے۔

فتح مکہ:

﴿.....لَا يَسْتَوِىْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ط.....﴾ [الحدید ۵۷:۱۰]

(اے مسلمانو) برابر نہیں تم میں سے وہ لوگ جنہوں نے خرچ کیا فتح (مکہ) سے پہلے اور قتال کیا۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۞﴾ [الفتح ۴۸:۱]

(اے حبیب) بیشک ہم نے آپ کو روشن فتح عطا فرمائی۔

﴿ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۞ وَ رَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۞﴾ [النصر ۱۱۰:۲-۱]

جب اللہ کی مدد اور (اس کی) فتح آ جائے، اور آپ لوگوں کو دیکھ لیں کہ وہ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہو رہے ہیں۔

فتح مکہ کے موقع پر آپ نے ایک عظیم الشان خطبہ دیا جس میں پوری دنیا کے لئے امن وسلامتی کا درس اور مساوات اسلامی کی تعلیم دی گئی تھی۔ اس کے بعد عزیٰ اور منات وغیرہ بتوں کو گرانے کے لئے دستے بھیجے گئے تھے۔

Marfat.com

حاکم مکہ:

اسی سال آپ ﷺ نے مکہ معظّمہ پر عتاب بن اسید کو حاکم مقرر فرمایا۔

غزوہ حنین:

مکہ شریف کے فتح ہونے کے بعد قبیلہ ہوازن کے ساتھ جنگ ہوئی۔اس کو غزوہ حنین بھی کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بطور احسان فرماتا ہے:

﴿ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّ يَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا .....﴾ [التوبہ ۹:۲۵]

بیشک اللہ نے بکثرت مواقع میں تمہاری مدد کی اور حنین کے دن جب تمہاری کثرت نے تمہیں گھمنڈ میں ڈال دیا تو اس (کثرت) نے کسی چیز کو تم سے دفع نہ کیا۔

غزوہ طائف:

اس کے بعد غزوہ طائف ہوا۔طائف ایک بہت بڑا شہر ہے جو مکہ سے تین منزل پر واقع ہے۔ نبی ﷺ غزوہ حنین کے بعد ہجرت کے آٹھویں سال شوال کے مہینہ میں طائف کو روانہ ہوئے۔اس غزوہ میں منجنیق بھی استعمال کی گئی۔اسی لڑائی میں حضرت ابوسفیان صخر بن حرب کی ایک آنکھ باہر نکل آئی تھی اور انہوں نے جنت کی آنکھ کو پسند کیا۔پھر جنگ یرموک میں شریک تھے تو وہاں ان کی دوسری آنکھ بھی نکل آئی تھی۔ جب لشکر نے کوچ کیا تو آپ نے فرمایا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ پڑھو اور اللہ کا شکر ادا کرو جس نے اپنا وعدہ پورا کیا ہے اور بعض نے لکھا ہے کہ غزوہ موتہ بھی اسی سال ہوا ہے۔وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

Marfat.com

عمرہ جعرّانہ:

مال غنیمت کی تقسیم سے فارغ ہو کر جعرانہ سے احرام باندھ کر عمرہ ادا کیا۔

مدینہ شریف واپسی:

آخر ماہ ذی قعدہ میں آپ مدینہ منورہ واپس تشریف لے گئے۔

حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی ولادت:

اسی سال آپ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے۔ ساتویں دن ان کا عقیقہ کیا گیا اور دو دنبے ذبح کئے گئے اور بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کی گئی۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات ربیع الاول ۱۰ھ میں ہوئی۔

حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات:

اسی سال آپ کی سب سے بڑی صاحبزادی حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کی وفات ہوئی۔ ان کا عقد عمرو بن عاص سے ہوا تھا۔ وہ صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان ہو کر واپس مدینہ آ گئے تھے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح اول ہی باقی رکھا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ تجدید نکاح کی گئی اور اسی روایت کو ترجیح حاصل ہے۔ (تاریخ الاحکام)

سیرت ابن ہشام میں ہے کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ جب ایمان لائے تو اسی سابق نکاح پر رہے۔

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی حبشہ سے واپسی:

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ملک حبشہ سے واپس مدینہ منورہ آئے۔ بعض نے آپ کی واپسی ہجرت کے ساتویں سال ذکر کی ہے۔

Marfat.com

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

ایک روایت کے مطابق اسی سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بادشاہوں کی طرف خطوط بھی ارسال کیے۔ یعنی کسری، قیصر، نجاشی، ملک غسان ہوذہ بن علی کی طرف روانہ کئے۔

مہر بنوائی گئی:

اسی سال مہر بنوائی اور اس کے ساتھ خطوں پر مہر لگاتے جو بادشاہوں کی طرف بھیجے جاتے۔ بعض نے لکھا ہے کہ بادشاہوں کو سات ہجری میں خطوط لکھے تھے۔

بعض نے لکھا ہے کہ اسی سال گھریلو گدھے حرام کئے گئے۔ نیز بعض نے شراب کی حرمت اسی سال لکھی ہے اور چور کی سزا کا بھی حکم ملا۔ نیز متعہ کرنے سے خیبر کے دن منع کیا گیا۔ (سیرت دمیاطی)

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا اسلام:

حضرت خالد بن ولید، حضرت عمرو بن عاص اور حضرت عثمان بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہم ماہ صفر میں حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ (سیرۃ نبویہ)

ابن ابی خیثمہ نے بیان فرمایا کہ حضرت خالد اور حضرت عمرو رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا ہجرت کے پانچویں سال ایمان لائے۔ (النبی الاطہر اردو ۱۲۶)

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا:

اسی سال حضرت عکرمہ بن ابو جہل رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کو طلاق دینے کا ارادہ:

ابن حبیب فرماتے ہیں کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ

Marfat.com

عَنْهَا کوطلاق دی۔انہوں نے اپنی باری حضرت صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے سپرد فرمادی اور آپ ﷺ نے رجوع فرمالیا۔ (النبی الاطہر اردو ۱۲۷)

حافظ شرف الدین فرماتے ہیں:

وَ فِیْهَا وَهَبَتْ سَوْدَةُ یَوْمَهَا لِعَائِشَةَ حِیْنَ اَرَادَ طَلَاقَهَا (سیرت النبویہ ۲٦٦)

معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کوطلاق دینے کا ارادہ فرمایا تھا طلاق نہیں دی تھی۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

سلام دینے والے کو کافر مت کہو:

سریہ ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ جو مقام اضم کی طرف کفار کو خوف زدہ کرنے کے لئے روانہ کیا گیا تھا تو اس میں مُحَلَّمْ بن جثامہ تھے۔انہوں نے عامر بن ضبط کو قتل کر دیا جبکہ اس نے ان کو سلام کہا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

﴿.....وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓی اِلَیْکُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ج .....﴾ [النساء ٤:٩٤]

اور نہ کہو اس کو جس نے تمہیں سلام کیا کہ تو مسلمان نہیں۔

محلم بن جثامہ کا واقعہ عبرت ناک ہے جس کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں۔

بحالت جنابت امامت:

اسی سال حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ جنبی ہوئے تو آپ نے بحالت جنابت اپنے ساتھیوں کی امامت فرمادی۔(النبی الاطہر اردو ۱۲۷) یہ ممانعت سے پہلے کی بات ہے۔

منبر بنایا گیا:

اسی سال منبر نبی ﷺ بنایا گیا اور اس پر آپ نے خطبہ دیا اور یہ اسلام میں پہلا منبر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہجرت کے ساتویں سال منبر تیار کیا گیا تھا۔(حدائق الانوار)

Marfat.com

ستون کا رونا:

جب آپ ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو کھجور کے اس ستون نے رسول اللہ ﷺ کی جدائی میں رونا شروع کر دیا۔ کیونکہ آپ ﷺ اس کے ساتھ کھڑے ہو کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ پھر آپ نے اس کو تسلی دی۔

سرایا کی روانگی:

اس کے علاوہ اس سال تیرہ سرایا اور دستے روانہ کئے گئے۔ (سیرت دمیاطی)

حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا:

اسی سال حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ مدینہ شریف میں بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر اسلام لائے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں قصیدہ **بَانَتْ سُعَاد** پڑھا۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ھشام ۳:۸۸۔۸۷)

اَنَّ کَعْبَ بْنَ زُھَیْرٍ رضی اللہ عنہ لَمَّا اَنْشَدَ النَّبِیَّ ﷺ قَصِیْدَتَهٗ "بَانَتْ سُعَاد" رَمٰی اِلَیْهِ بِبُرْدَةٍ کَانَتْ عَلَیْهِ.

حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ نے جب اپنا یہ قصیدہ پڑھا تو رسول اللہ ﷺ نے چادر مبارک دوش اطہر سے اتار کر حضرت کعب رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائی۔

تاریخ الخلفاء ، مقدمة المصنف ، فصل فی شان البردة النبویة التی تداولها الخلفاء ، ۱۵

معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی تعریف کرنے والے انعام پاتے ہیں۔ راقم الحروف بھی اپنی کمزوریوں کے باوجود رحمت الٰہی اور شفاعت مصطفیٰ ﷺ کے انعام کا امید وار ہے۔

Marfat.com

ہجرت کے نویں سال کے واقعات

غزوہ تبوک:

ہجرت کے نویں سال غزوہ تبوک ہوا۔ یہ سب سے آخری غزوہ تھا اور اس میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو شاندار فتح عطا فرمائی۔ جب رسول اللہ ﷺ فتح یابی کے بعد مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو سب لوگ رسول اللہ ﷺ کے استقبال کے لئے گھروں سے باہر تک آئے یہاں تک کہ عورتیں، لڑکے اور لڑکیاں آپ کے استقبال کے لئے نکلیں اور یہ شعر پڑھنے لگیں:

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعِ
اَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ
جِئْتَ شَرَّفْتَ الْمَدِيْنَةَ مَرْحَبًا يَا خَيْرَ دَاعِ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی مدح سرائی:

جب آپ مدینہ شریف میں داخل ہوئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا آپ مجھے اجازت دیں گے کہ میں آپ کی مدح میں کچھ کہوں؟ فرمایا: ہاں اللہ تیرے چہرے کو رسوا نہ کرے۔ آپ نے جو قصیدہ اس وقت پڑھا اس کے دو شعر یہ ہیں۔

وَ اَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ اَشْرَكَتِ الْاَرْ ضُ وَ ضَاءَتْ بِنُوْرِكَ الْاُفُقُ
وَنَحْنُ فِيْ ذٰلِكَ الضِّيَاءِ وَفِي النُّوْ رِ وَ سُبُلِ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ

(الانوار المحمدية ١٨)

جب آپ کی ولادت ہوئی تو زمین چمک اٹھی اور آپ کے نور سے دنیا کے اُفق جگمگا اٹھے۔ اور ہم اس روشنی میں، نور اور ہدایت کی راہ میں لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

Marfat.com

تین صحابہ کرام کعب بن مالک خزرجی، ہلال بن امیہ اوسی اور مرارۃ بن ربیع ؓ جو اس غزوہ میں شریک ہونے سے رہ گئے تھے ان کا سخت امتحان لیا گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور وہ اس امتحان میں کامیاب ہو گئے۔

واقعہ ایلا:

اسی سال واقعہ ایلا پیش آیا۔ یعنی اپنی بیویوں سے ایلا فرمائی کہ ایک ماہ تک تمہارے قریب نہیں آؤں گا۔ اسی سال گھوڑے سے گرنے کی وجہ سے پنڈلی مبارک پر خراش اور چوٹ آئی۔

تخیر:

اسی سال تخیر کا حکم نازل ہوا۔ ازواج مطہرات کو اختیار دیا گیا کہ اگر وہ دنیا کی زیب وزینت چاہتی ہیں تو انہیں رخصت کر دیا جائے اور اگر اللہ، رسول ﷺ کی رضا مندی اور دار آخرت کی طلبگار ہیں تو ان کے لئے اجر وثواب ہے۔ اس تخیر واختیار کا حکم سورہ احزاب میں ﴿قُلْ لِاَزْوَاجِکَ سے لے کر اَجْرًا عَظِیْمًا﴾ تک کی آیتوں میں ہے۔

مسجد ضرار کا انہدام:

مسجد ضرار جو منافقین نے اسلام کے خلاف سازشوں اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے بنوائی تھی بحکم رسول ﷺ جلادی گئی تھی۔ قرآن مجید کی سورہ توبہ کی آیت 7 میں اس کا ذکر آیا ہے۔

فرضیت حج:

بعض روایات کے مطابق اسی سال حج فرض ہوا۔

Marfat.com

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حج کرانا:

اسی سال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو تین سو مسلمانوں کا امیر الحجاج بنا کر بھیجا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سورہ توبہ کی 40 آیتیں مقامات حج میں پڑھ کر سنائیں اور براءت اور بیزاری کا اعلان کیا گیا اور یہ بھی فرمایا:

﴿ یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَاالْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ فَلاَ یَقْرَبُواالْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِھِمْ ھٰذَاج..... ﴾ [التوبہ ۹:۲۸]

اے ایمان والو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ مشرک سب ناپاک ہیں تو وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے قریب نہ ہوں۔

زکوۃ کی وصولی کا انتظام:

ایک روایت کے مطابق زکوۃ کا حکم نازل ہوا۔ زکوۃ کی وصولی کے لئے کارندے بھی مقرر کئے گئے۔

سود کی حرمت:

حرمت سود کی آیات نازل ہوئیں۔

وفود کی آمد:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۞ وَ رَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا۞ ﴾ [النصر ۱۱۰:۲۔۱]

جب اللہ کی مدد اور (اس کی) فتح آجائے، اور آپ لوگوں کو دیکھ لیں کہ وہ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہو رہے ہیں۔

Marfat.com

اس ارشاد کے مطابق اسی سال وفود کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا۔

(تاریخ الاحکام و دین مصطفی)

علامہ عبدالمؤمن لکھتے ہیں:

وَ فِيْهَا قَدِمَتِ الْوُفُوْدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْ كُلِّ نَوَاحِيِّ وَ كَانَتْ تُسَمّٰى سَنَةُ الْوُفُوْدِ. (سیرت دمیاطی ٢٦٦)

وفود کے آنے کا یہ سلسلہ وفات شریف تک جاری رہا۔اور تقریباً 80 وفود بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے۔ (ضیاء النبی جلد چھارم)

وفود کی تعداد:

وفود کی تعداد بعض نے 60 سے زیادہ بیان کی ہے اور علامہ شامی نے سبل الہدی میں 100 سے زیادہ وفود کا ذکر کیا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

رأس المنافقین کی موت:

اسی سال ماہ شوال میں عبداللہ بن ابی بن سلول رأس المنافقین مرا تھا۔

رسول اللہ ﷺ کا نماز جنازہ پڑھنا:

رسول اللہ ﷺ نے اس کے بیٹے حضرت عبد اللہ ؓ کی فرمائش پر اور بعض حکمتوں کے پیش نظر اس پر نماز جنازہ پڑھی اور اس کے بعد کسی منافق پر نماز جنازہ کبھی نہیں پڑھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمادیا تھا:

﴿ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا.....﴾ [التوبه ٩:٨٤]

اور آپ ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھیں۔

Marfat.com

حضرت کلثوم رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا کی وفات:

اسی سال حضرت کلثوم رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا بنت رسول اللہ ﷺ نے وفات پائی۔

حضرت نجاشی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ:

اور اسی سال نبی ﷺ کو نجاشی کے حبشہ میں فوت ہونے کی خبر ملی تو رسول اللہ ﷺ نے ان پر نماز جنازہ پڑھی۔ نیز اس سال بعض دستے بھی روانہ کئے گئے۔

نبوت کے جھوٹے مدعی:

مسیلمہ کذاب نے نبی ﷺ کی خدمت میں خط لکھا۔ اسود عنسی مدعی نبوت ہوا۔ طلیحہ بن خویلد اسدی مدعی نبوت ہوا اور چوتھی مدعیہ نبوت سجاع بنت الحارث بن مؤید، بنی یربوع کی ایک عورت تھی۔ یہ سب جھوٹے مدعی تھے جو حضور ﷺ کی وفات کے بعد نبوت کے دعویدار بنے تھے۔

صاحب مدارج النبوت کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ہجرت کے گیارہویں سال نبوت کے دعوے کئے تھے۔ مسیلمہ کذاب کو حضرت وحشی بن حرب حبشی نے قتل کیا تھا اور اسود عنسی کو فیروز نے یمن میں مار ڈالا تھا۔

ہجرت کے دسویں سال کے واقعات

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا:

اسی سال حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ حاضر خدمت ہو کر اسلام میں داخل ہوئے۔

وفود کا آنا:

اس کے بعد وفد بنی حنیفہ آیا۔ اس کے بعد وفد نجران آیا۔

Marfat.com

نصاری سے مباہلہ:

اسی موقعہ پر عیسائیوں کے ساتھ مباہلہ کا واقعہ پیش آیا تھا جس کا ذکر سورہ آل عمران کی اس آیت میں ہے۔

﴿ فَمَنْ حَآجَّکَ فِیْهِ مِنْ م بَعْدِ مَاجَآءَ کَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَ نَا وَ اَبْنَآءَ کُمْ وَنِسَآءَ نَا وَ نِسَآءَ کُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَکُمْ قف ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ ۞ ﴾ [ال عمران ۳:٦١]

پھر (اے محبوب) جولوگ عیسی کے بارے میں آپ سے حجت بازی کریں کے بعد کہ آپ کے پاس علم آ گیا تو (ان سے) فرمائیں آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی عورتوں اور تمہاری عورتوں اور اپنے آپ کو بھی اور تمہیں بھی پھر عاجزی سے اللہ کے حضور دعا کریں تو اللہ کی لعنت ڈالیں جھوٹوں پر۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یمن کی طرف روانگی:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو ماہ رمضان 10 ہجری میں یمن کی جانب روانہ فرمایا اور آپ کے ساتھ 300 سوار بھی تھے۔ پھر بعد میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ حج بیت اللہ سے واپس آ کر شریک ہوئے تھے۔

حجۃ الوداع:

اسی سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع ادا فرمایا۔ (تاریخ الاحکام)

ایک لاکھ سے زائد صحابہ کرام شریک ہوئے۔ اسی حج کے موقع پر عرفہ کے دن یہ آیت نازل ہوئی۔

﴿.....اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ

Marfat.com

اَلْاِسْلَامَ دِیْنًاط.....﴾ [المائدہ ۵:۳]

آج میں نے مکمل کر دیا تمہارے لئے تمہارا دین اور پوری کر دی ہے تم پر اپنی نعمت اور پسند کر لیا تمہارے لئے اسلام کو (بطور) دین۔

خطبہ غدیر خم:

اسی حج سے واپس آتے ہوئے ایک منزل غدیر خم نامی پر خطبہ دیا جس میں اہل بیت کے ساتھ محبت کرنے کی تاکید فرمائی۔ نیز حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں "مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ" فرمایا کہ جس کا میں دوست ہوں اس کا علی بھی دوست ہے۔ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دوستی میری دوستی ہے اور میری دوستی علی کی دوستی۔

حضرت جبریل علیہ السلام کا انسانی شکل میں آ کر سوال کرنا:

اسی سال حضرت جبریل علیہ السلام نے لوگوں کو دین سکھانے کے لئے ایک سائل کی صورت میں حاضر ہو کر چند سوالات کئے جو حدیث جبریل میں مذکور ہیں۔

سریہ خالد اور جیش جریر بن عبداللہ کی روانگی ہوئی۔

حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات:

اسی سال حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ بن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ماہ ربیع الاوّل میں وفات ہوئی۔

وَ فِیْھَا مَاتَ اِبْرَاھِیْمُ ابْنُ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ شَھْرِ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ.

(سیرت دمیاطی)

Marfat.com

ہجرت کے گیارہویں سال کے واقعات

سریہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے بعد مدینہ منورہ تشریف لائے۔ ماہ ذی الحجہ کے باقی دن اور محرم صفر میں قیام پذیر رہے۔ پھر آپ نے لوگوں کو شام کی طرف جانے کے لئے تیاری کا حکم دیا اور اس لشکر کا امیر حضرت اسامہ بن زید بن حارث رضی اللہ عنہ کو بنایا تا کہ وہ اپنے والد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والوں سے بدلہ لیں۔ مگر یہ سریہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کی وجہ سے روانہ نہ ہو سکا تھا پھر بعد میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے روانہ کیا تھا۔

وفات شریف:

اسی سال ماہ صفر کی 28 تاریخ کو بدھ کے روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے اور 13 یا 14 یوم کے مرض کے بعد اکثر روایات کے مطابق 2 ربیع الاول کو آفتاب عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دنیا فانی سے وصال فرمایا۔ اور اس طرح کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ کا وعدہ پورا ہو گیا۔

عمر شریف:

وفات شریف کے وقت آپ کی عمر شریف 63 برس تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے حجرہ شریف میں دفن کئے گئے جس پر گنبد خضراء بنا ہوا ہے جو مرجع خلائق ہے۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

Marfat.com

باب ہفتم:

وصال شریف

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّ اِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ ۞ ثُمَّ اِنَّکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عِنْدَ رَبِّکُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ۞﴾

[زمر ۳۹:۳۰-۲۹]

بیشک آپ پر موت آنی ہے اور یقیناً انہیں بھی مرنا ہے۔ پھر یقیناً تم قیامت کے دن اپنے رب کی بارگاہ میں جھگڑو گے۔

اس آیت میں نبی ﷺ کی وفات شریف کا ذکر ہے۔

آخرت کی تیاری:

حق تعالیٰ نے جس مقصد کے لئے رسول اللہ ﷺ کو دنیا میں مبعوث فرمایا تھا۔ جب وہ مقصد پورا ہو گیا اور اس کے بعد اس دنیا سے نبی ﷺ کے جانے کا وقت قریب آ گیا تو پھر آپ ﷺ نے آخرت کی تیاری شروع فرمائی۔

سورہ نصر کا نزول:

چنانچہ بعض روایت کے مطابق سورہ نصر شریف وصال شریف سے 6 ماہ قبل نازل ہوئی تھی اور اس میں آپ کو وصال شریف کی خبر دی گئی تھی۔ بعض نے فرمایا سورہ نصر مقام منی میں حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی تھی۔ (قرطبی ۲۰:۲۳۲ ۔ کمالین ۔ جامع البیان)

چنانچہ اس سورہ مبارکہ کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہ

Marfat.com

عَنْهَا کو بلا کر فرمایا کہ مجھے اپنی موت کی خبر دی گئی ہے۔ وہ یہ سن کر رو پڑیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا مت روئیں کیونکہ میرے گھر والوں میں سے سب سے پہلے مجھ سے تم ملو گی۔ یہ سن کر حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہَا خوشی سے ہنس پڑیں۔

البخاری ، کتاب المغازی ، باب ۸۳ مرض النبی ﷺ و وفاته ، حدیث ٤٤٣٤_٤٤٣٣

المشکوۃ ، کتاب الفضائل ، باب ھجرۃ اصحابه من مکة و وفاته ، ٥٩٦٩

الدارمی ، ١: ٣٠ المقدمة باب فی وفاة النبی ﷺ حدیث ٧٩

غرضیکہ آپ نے اس کے بعد آخرت کی مکمل تیاری فرمائی۔ آپ ہر وقت امت کی تعلیم کے لئے تسبیح و استغفار پڑھتے تھے۔ آخری ماہ رمضان میں 10ھ کو آپ ﷺ نے 20 دنوں کا اعتکاف فرمایا۔ اسی ماہ رمضان المبارک میں آپ نے حضرت جبریل امین علیہ السلام کے ساتھ 2 مرتبہ قرآن مجید کا دور فرمایا اور 10 ہجری کو حجۃ الوداع کے موقع پر مقام عرفات میں سورہ مائدہ کی آیت ﴿ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ ..... ﴾ نازل ہوئی جس میں تکمیل دین کا اعلان کیا گیا اور حجۃ الوداع کے خطبہ شریفہ میں الوداعی جملے ارشاد فرمائے جس سے واضح تھا کہ اب محبوب کائنات ﷺ کی جدائی کا وقت قریب آ گیا ہے اور خالق کائنات سے وصال کا شوق بڑھ گیا ہے۔ یہ آیت عرفات میں نازل ہوئی تھی۔

شہداء احد کی قبروں کی زیارت:

ماہ صفر 11ھ کو شہداء احد کی قبروں پر تشریف لے جا کر نماز پڑھی اور دعائیں کیں پھر واپس تشریف لا کر منبر شریف پر ایک خطبہ ارشاد فرمایا:

بیماری کا آغاز:

22 صفر 11ھ کو حضرت میمونہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہَا کے گھر سر مبارک میں درد سے بیماری

Marfat.com

کا آغاز ہوا اور 13 یا 14 دن تک بیمار رہے۔ ان دنوں میں تمام صحابہ کرام کی موجودگی میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بحکم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نمازیں پڑھاتے رہے۔

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہَا کا ارشاد اور حضور کا وصال:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری ہفتہ حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہَا کے حجرہ میں گزارا۔ آپ فرماتی ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے گھر میں میرے تھوک اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تھوک مبارک (لعاب) کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات شریف کے وقت جمع فرمادیا۔ وہ اس طرح کہ میرے پاس اس وقت عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق (یعنی میرے بھائی) آئے ان کے ہاتھ میں مسواک تھی۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکیہ دیئے بیٹھی تھی۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ عبدالرحمٰن کی طرف دیکھ رہے ہیں تو میں پہچان گئی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک چاہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ کیا میں ان سے آپ کے لئے مسواک لے دوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر مبارک سے اشارہ فرمایا ہاں۔ تو میں نے وہ مسواک لے لی۔

آپ پر مسواک سخت ہوئی میں نے کہا کہ کیا آپ کے لئے نرم کردوں؟ تو سر مبارک سے اشارہ فرمایا ہاں۔ چنانچہ میں نے مسواک نرم کر دی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک دانتوں پر پھیرا اور اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک برتن تھا جس میں پانی تھا۔ آپ اپنے دونوں ہاتھ پانی میں ڈالتے پھر انہیں چہرہ انور پر پھیرتے تھے اور زبان مبارک سے فرماتے تھے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَکَرَات. اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، بلاشبہ موت کی بہت سختیاں ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری کلام:

پھر اپنا ہاتھ کھڑا کر کے فرمانے لگے فِی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی بہت بلند دوستوں میں

Marfat.com

ملا دیجئے۔ یہاں تک کہ جان (روح) شریف قبض کر لی گئی اور آپ ﷺ کا ہاتھ مبارک جھک گیا

ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ اس طرح ہیں۔ اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی.

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْھَا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو وصال کے وقت دیکھا آپ کے سامنے پانی کا ایک پیالہ تھا آپ اس میں دست مبارک ڈالتے اور چہرہ پر ملتے پھر آپ ﷺ نے دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی مُنْکَرَاتِ الْمَوْتِ اَوْ قَالَ عَلٰی سَکَرَاتِ الْمَوْتِ.

اے اللہ! موت کی سختیوں پر (یا آپ نے فرمایا) موت کی بیہوشیوں پر میری مدد فرما

یوم وصال مصطفیٰ ﷺ:

13 یا 14 دن بیمار رہنے کے بعد پیر کے دن 2 ربیع الاول 11ھ کو 63 برس کی عمر شریف میں آپ ﷺ نے وصال فرمایا۔ (سیرت رسول عربی)

وصال مصطفیٰ ﷺ بالاتفاق پیر کے دن ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْھَا فرماتی ہیں کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ کا وصال سوموار کے دن ہوا۔ نیز حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سوموار کے دن رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا۔ پھر اس دن اور منگل کی رات (انتظام خلافت وغیرہ کی وجہ سے) توقف کے بعد آئندہ رات (بدھ کی رات) آپ ﷺ کو دفن کیا گیا۔ رسول اللہ ﷺ کی ولادت، بعثت مکہ معظّمہ سے ہجرت، مدینہ منورہ داخلہ اور وصال کا دن پیر (سوموار) ہے۔

روشنی اور تاریکی:

نبی کریم ﷺ کا پیر کے دن بوقت چاشت یا غروب آفتاب کے وقت وصال ہوا تو دنیا تاریک ہوگئی جس طرح غروب آفتاب کے وقت رات چھا جاتی ہے۔ آفتاب نبوت کے

Marfat.com

غروب ہونے سے تاریکی ہوئی۔

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِىْ دَخَلَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمَدِيْنَةَ، اَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَىْءٍ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِىْ مَاتَ فِيْهِ اَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَىْءٍ وَّ مَا نَفَضْنَا اَيْدِيْنَا مِنَ التُّرَابِ ، وَ اِنَّا لَفِىْ دَفْنِهٖ ﷺ حَتّٰى اَنْكَرْنَا قُلُوْبَنَا.

(الشمائل المحمدية للترمذى باب ما جاء فى وفاة رسول الله ﷺ حديث ٣٧٥)

جس دن رسول اللہ ﷺ مدینہ طیبہ تشریف لائے تو انوار نبوت سے ہر چیز روشن ہوگئی اور جس دن آپ ﷺ کا وصال مبارک ہوا ہر چیز تاریک ہوگی اور ابھی ہم نے (قبر شریف کی) مٹی مبارک سے ہاتھ بھی نہ جھاڑے تھے یعنی تدفین ہی میں مصروف تھے کہ ہمارے دلوں کی حالت بدلی ہوئی تھی۔ یعنی شدت غم ورنج کی وجہ سے)

نیز حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس دن سے زیادہ کوئی اچھا اور روشن دن نہیں دیکھا جس دن نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تھے (کیونکہ وہ جمال مصطفیٰ ﷺ کے دیدار عام کا دن تھا) اور میں نے کوئی غمگین کرنے والا برا اور تاریک دن اس سے زیادہ کوئی نہیں دیکھا جس دن رسول ﷺ نے وفات پائی ہے۔ کیونکہ وہ دن محبوب خدا اور رحمت کائنات کی جدائی وفراق کا دن تھا۔

آپ ﷺ کی جدائی کا جو صدمہ ہوا تھا اس کا اندازہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات سے کیا جاسکتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کی جدائی سب کے لئے ناقابل برداشت تھی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس وقت خطبہ دیا جو ایک تسلی کا پیغام تھا جس کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کچھ صدمہ برداشت کرنے کا درس ملا۔

Marfat.com

شرکاء غسل شریف:

رسول اللہ ﷺ کو انہیں کپڑوں میں غسل دیا گیا تھا جو زیب تن تھے۔ آپ کو تین سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا۔ مگر زیب تن کپڑے مبارک اتار لئے گئے تھے۔ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے پردہ کیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے غسل دیا۔ مگر بعض کتب میں ہے کہ یہ سب حضرات غسل کروانے میں شریک تھے۔ حضرت عباس، حضرت علی، حضرت فضل بن عباس، نبی کریم ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت صالح جن کا نام شقران تھا، حضرت اوس بن خولی الانصاری اور حضرت قثم بن عباس رضی اللہ عنہم۔ اس کی تفصیل کچھ اس طرح بھی بیان ہوئی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ غسل دیتے تھے، حضرت فضل اور حضرت قثم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا دونوں بھائی ان کے ساتھ شریک تھے اور حضرت اسامہ اور حضرت صالح رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا پانی ڈالتے جاتے تھے۔ آپ ﷺ کو اسی حجرہ شریفہ میں غسل دیا گیا جس میں آپ ﷺ کا وصال ہوا تھا۔ آپ کو تین سفید سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔ ان میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا۔

نماز جنازہ:

وہیں تمام صحابہ کرام اور اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم نے صلوۃ وسلام کی صورت میں باری باری بغیر کسی امام کے نماز جنازہ پڑھی۔ سیرت ابن کثیر میں ہے کہ سب نے صف بستہ ہو کر بغیر امام کے عرض کیا:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَاالنَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ.

پھر نبی ﷺ کو اسی حجرہ شریف میں دفن کیا گیا جس میں آپ ﷺ کا وصال ہوا تھا۔

قبر شریف میں اتارنے والے:

حضرت عباس، حضرت علی، حضرت فضل، حضرت صالح (شقران) رضی اللہ عنہم

Marfat.com

ایک روایت میں حضرت اسامہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت اوس بن خولی ﷺ کے اسماء بھی وارد ہیں۔ (النبی الاطہر اردو ۱۷۹)

بعض نے قبر میں اتارنے والوں کے نام اس ترتیب سے ذکر کئے ہیں۔ حضرت علی حضرت عباس، حضرت عباس کے دو صاحبزادے، حضرت فضل اور حضرت قثم ﷺ۔ ان کے علاوہ حضرت اسامہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور عقیل بن ابی طالب ﷺ بھی شریک تھے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اصح یہ ہے کہ حضرت علی، حضرت عباس، حضرت فضل اور حضرت قثم ﷺ نبی اکرم ﷺ کی قبر شریف میں داخل ہوئے۔ حضرت قثم ﷺ آخری شخص تھے جو آپ ﷺ کی قبر انور سے باہر آئے۔ (مدارج النبوت)

قبر شریف پر پانی چھڑکا گیا:

حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ

رُشَّ قَبْرُ النَّبِيِّ ﷺ وَ كَانَ الَّذِیْ رَشَّ الْمَاءَ عَلٰی قَبْرِهٖ بِلَالُ ابْنُ رَبَاحٍ بِقُرْبَةٍ، بَدَأَ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهٖ حَتّٰی انْتَهٰی اِلٰی رِجْلَيْهِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ. (المشکوۃ کتاب الجنائز، باب دفن المیت، حدیث ۱۷۱۰)

نبی کریم ﷺ کی قبر پر پانی چھڑکا گیا۔ حضرت بلال بن رباح ﷺ نے پانی اس طریقہ سے چھڑکا کہ مشکیزہ کے ساتھ سر کی جانب سے شروع کیا یہاں تک کہ پاؤں تک پہنچا۔

اس حدیث کی شرح میں علامہ علی قاری رَحِمَهُ اللّٰهُ الْبَارِی امام طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ کے حوالہ سے فرماتے ہیں:

لَعَلَّ ذٰلِکَ اِشَارَةٌ اِلٰی اِسْتِنْزَالِ الرَّحْمَةِ الْاِلٰهِيَّةِ، وَالْعَوَاطِفِ الرَّبَّانِيَّةِ كَمَا وَرَدَ فِی الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَاهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرْدِ. (مرقاۃ ۴:۱۶۷)

Marfat.com

کہ شاید اس میں رحمت الہیہ اور عواطف ربانیہ کے نزول کی طرف اشارہ ہے جیسے حدیث میں وارد ہے: یا اللہ اس کے گناہوں کو پانی، برف اور ٹھنڈک کے ساتھ دھوڈال۔

قبر شریف کوہان نما تھی:

عَنْ سُفْيَانَ التَّمَّارِ رضی اللہ عنہ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ رَأَى قَبْرَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُسَنَّمًا.

البخاری کتاب الجنائز ، باب ما جاء فی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث ۱۳۹۰

چنانچہ حضرت سفیان تمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کوکوہان نما دیکھا۔

اس سے مراد یہ ہے کہ قبر شریف زمین سے ایک بالشت بلند کی گئی تھی اور تین گز زمین میں گہری تھی۔ (طبقات ابن سعد)

قبر شریف کوظاہر نہ کرنے کی وجہ:

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا **قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ. لَوْ لَا ذٰلِكَ اُبْرِزَ قَبْرُهٗ، غَيْرَ اَنَّهٗ خَشِيَ ،اَوْ خُشِيَ اَنْ يُّتَّخَذَ مَسْجِدًا.**

البخاری کتاب الجنائز ، باب ما جاء فی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث ۱۳۹۰

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرض میں (جس سے آپ اٹھ نہ سکے، دوسری روایت میں ہے کہ جس میں آپ نے انتقال فرمایا) فرمایا کہ یہود ونصاری پر اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے کہ انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجد بنالیا (کہ قبروں کی طرف سجدہ کرنے لگے) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ لوگ آپ کی قبر شریف کو سجدہ گاہ بنالیں گے تو آپ کی قبر شریف ظاہر کی جاتی

Marfat.com

لہذا اسی لئے قبر شریف کو ظاہر نہیں کیا گیا۔ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا تو قبر شریف کے حائل پردہ اٹھا دیا جاتا اور قبر شریف کو ظاہر کیا جاتا لوگ زیارت کرتے مگر ایسا نہیں کیا گیا تا کہ نازیبا باتوں سے محفوظ رہے۔

میری زندگی اور موت بہتر ہے:

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَمَوْتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ.

الشفاء، الباب الاول فی ثناء اللّٰہ تعالٰی و اظہارہ عظیم قدرہ لدیہ، الفصل الاول، ۱:۱۸

کہ میری زندگی تمہارے لئے بہتر ہے اور میری موت بھی تمہارے لئے بہتر ہے۔

ھٰذَا الْحَدِیْثُ رَوَاہُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ بِسَنَدٍ صَحِیْحٍ، وَ رَوَاہُ الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَۃَ فِیْ مُسْنَدِہٖ بِسَنَدٍ صَحِیْحٍ اَیْضًا.

نسیم الریاض، القسم الاول فی تعظیم العلی الاعلی لقدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ۱:۱۷۳

اس حدیث کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے صحیح سند سے روایت کیا ہے اور اسے حارث بن ابی اسامہ رحمہ اللہ نے بھی اپنی مسند میں صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دنیا میں زندہ رہنا امت کے لئے بہتر ہونا تو ظاہر ہے کہ وحی کا نزول ہوتا تھا، دیدار عام تھا جو جان عبادت تھا اور آپ کی وفات کا امت کے لئے رحمت اور بہتر ہونا یوں ہے کہ امت کے لئے اعمال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کئے جاتے ہیں تو آپ برے اعمال والوں کے لئے شفاعت فرماتے ہیں، استغفار کرتے ہیں اور دوسرے حضرات کے لئے دعا فرماتے ہیں کہ اچھی حالت پر قائم رہیں۔ اس لئے امت کے لئے زندگی اور موت دونوں رحمت ہے اور موت سے مراد ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہونا ہے۔ آپ

Marfat.com

ﷺ قبر میں زندہ ہیں اس لئے آپ ﷺ کی برزخی زندگی بھی امت کے لئے رحمت ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۞ ﴾ [الانبیاء ۲۱:۱۰۷]

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو (اے محبوب) مگر رحمت سارے جہانوں کے لئے۔

لہذا آپ عالم دنیا، عالم برزخ اور عالم آخرت سب کے لئے رحمت ہیں۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

آپ ﷺ کا کوئی وارث نہیں:

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے وصال کے بعد نہ درہم و دینار چھوڑے، نہ بکریاں اور اونٹ اور نہ آپ ﷺ نے کسی چیز کے بارے میں کوئی وصیت فرمائی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

لَانُوْرَثُ، مَا تَرَکْنَا صَدَقَةٌ.

البخاری، کتاب فرض الخمس، باب ۱۔حدیث، ۳۰۹۳

المسلم، کتاب الجهاد والسیر باب ۱۵ ۔ حدیث، ۴۹

ابو داؤد، کتاب الخراج والفیء والامارة، باب فی صفایا رسول اللّٰه، حدیث ۲۹۶۱

مسند احمد بن حنبل، جلد ۱ صفحه ۱۳ حدیث ۵۶

المشکوة، کتاب الفضائل الشمائل، باب ما ترك رسول اللّٰه دینارا و لا درهما، ۵۹۷۶

ہمارے مال کا کوئی وارث نہیں ہوسکتا جو کچھ ہم نے چھوڑا وہ سب صدقہ ہے۔

اِنَّا مَعْشَرَ الْاَنْبِیَاءِ لَانُوْرَثُ. (مسند احمد ۲:۶۱۰ حدیث ۹۹۸۵)

ہم نبیوں کی جماعت کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ (انبیاء کرام کا ورثہ علم ہے)

Marfat.com

چنانچہ حضرت بشیر بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

.....اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ، اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا، اِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ .....

الترمذی ، ابواب العلم ، باب فی فضل الفقه علی العبادة ،٢٨٢٢

ابو داؤد ، کتابِ العلم ، باب فی فضل العلم ،٣٦٣٦

الدارمی ، باب فی فضل العلم والعالم ،١:٦٨ حدیث ٣٤٢

المشکوۃ ، کتاب العلم ، الفصل الثانی ، حدیث ٢١٢

بیشک علماء نبیوں کے وارث ہیں اور بلا شبہ انبیاء کرام نے میراث نہیں چھوڑی نہ دینار کی اور نہ درہم کی اور انہوں نے صرف علم کی میراث چھوڑی ہے۔

یعنی نبیوں کا ورثہ علم ہے اور اس کے وارث علماء ربانی ہیں۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ نبیوں کا ورثہ وترکہ دنیاوی مال متاع نہیں ہوتا کہ وہ خاندان میں تقسیم کیا جائے بلکہ ان کا ورثہ علم ہے جو امت کے ہر فرد کے لئے ہے مگر اس ورثہ کو صرف علماء ہی حاصل کرتے ہیں۔ لہذا علماء کرام نبیوں کے وارث ہیں۔

عمرو بن حارث جو ام المؤمنین جویریہ بنت حارث کے بھائی ہیں انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات کے وقت نہ کوئی درہم و دینار چھوڑا اور نہ ہی کوئی غلام اور لونڈی۔ نہ کوئی اور چیز چھوڑی تھی سوائے ایک سفید خچر، ہتھیار اور زمین کے جس کو آپ نے صدقہ کر دیا تھا۔ یعنی تینوں چیزیں صدقہ کر دیں۔ علامہ عینی نے نقل کیا ہے کہ یہاں زمین فَدَک مراد ہے جسے پہلے صدقہ کر دیا تھا اور وفات شریف کے وقت اس کی خبر دی تھی تا کہ صدقہ میں داخل کر دیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے وارث

Marfat.com

کچھ دینار تقسیم نہ کریں۔ میں نے اپنی بیویوں کے نفقہ اور عاملوں کی اجرت کے بعد جو چھوڑا وہ سب صدقہ ہے۔

ان حدیثوں کے علاوہ متعدد صحابہ کرام سے اور بہت سی حدیثیں ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کا متروکہ مال تقسیم نہیں ہوا۔ اس قسم کی حدیثیں متعدد صحابہ سے مروی ہیں۔ غرضیکہ حضور کے وصال شریف کے بعد ازواج مطہرات کے نفقہ کے علاوہ باقی مال صدقہ تھا کیونکہ اللہ کے نبی کے مال کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔

حیات النبی ﷺ:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝﴾

[البقرہ ۲: ۱۵٤]

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جاتے ہیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تمہیں شعور نہیں۔

علماء، محدثین اور مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نبی رحمت ﷺ پر وعدہ خداوندی کے مطابق موت آئی ہے مگر صرف ایک خاص وقت کے لئے۔ آپ پھر اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں، سلام سنتے ہیں اور اس کا جواب عطا فرماتے ہیں۔ مگر بعض حضرات حیات رسول اللہ ﷺ کا انکار کرتے ہیں جو قابل توجہ اور قابل ذکر نہیں۔

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کے جواب میں فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدَّ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَأْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

Marfat.com

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ .

سنن النسائی ، کتاب الجمعة ، اکثار الصلاة علی النبی یوم الجمعة ، ١٣٧٥

بو داؤد ، باب تفریع ابواب الجمعة ،حدیث ١٠٤٣

سنن ابن ماجة ، کتاب القیامة الصلاة والسنة فیها، باب فی فضل الجمعة ، ١٠٨٥

سنن الدارمی ، کتاب الصلاة ، باب فی فضل الجمعة ، ١٥٧٢

مسند احمد ، ١٢:٤ حدیث ١٦١٦٨

المشکوة ، کتاب الصلاة ، باب الجمعة ، الفصل الثانی ١٣٦١

کہ اللہ عزوجل نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام قرار دیا ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سب نبیوں کے اجسام شریفہ قبروں میں محفوظ ہوتے ہیں کیونکہ زندہ ہیں۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کے جواب میں فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَأْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ

سنن ابن ماجة ، کتاب الجنائز، باب ذکر وفاته و دفنه ، ١٦٣٧

المشکوة ، کتاب الصلاة ، باب الجمعة ، الفصل الثانی ١٣٦٦

بیشک اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے زمین پر کہ وہ نبیوں کے جسموں کو کھائے۔ اللہ کے نبی زندہ ہیں وہ روزی دیئے جاتے ہیں۔

اس حدیث میں علامہ علی قاری فرماتے ہیں:

اَیْ جَمِیْعُ اَجْزَائِهِمْ ،فَلَا فَرْقَ لَهُمْ فِی الْحَالَیْنِ وَلِذَا قِیْلَ :اَوْلِیَاءُ اللّٰهِ لَا یَمُوْتُوْنَ وَلٰکِنَّ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ ،وَ فِیْهِ اِشَارَةٌ اِلٰی اَنَّ الْعَرْضَ عَلٰی مَجْمُوْعِ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ، مِنْهُمْ بِخِلَافِ غَیْرِهِمْ وَمَنْ فِیْ مَعْنَاهُمْ مِنَ الشُّهَدَاءِ

Marfat.com

وَالْاَوْلِيَاءِ فَاِنَّ عَرْضَ الْاُمُوْرِ وَمَعْرِفَةَ الْاَشْيَاءِ اِنَّمَا هُوَ بِاَرْوَاحِهِمْ مَعَ اَجْسَادِهِمْ

مرقاۃ المفاتیح ، کتاب الصلاۃ ، باب الجمعۃ ، الفصل الثانی ۳:۴۱۵۔۴۱۴)

یعنی ان کے تمام اجزاء بدن محفوظ ہوتے ہیں۔لہذا اسی لئے کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دوست مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں اور اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ درود کا پیش ہونا ان سے روح وجسم کے مجموعہ پر ہے بخلاف دوسروں کے اور وہ جو ان کے معنی میں شہیدوں اور ولیوں سے ہیں کیونکہ ان امور کا پیش ہونا اور چیزوں کی معرفت وہ ان کی ارواح اور جسموں کے ساتھ ہے۔

لہذا انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام روح وبدن کے ساتھ زندہ ہیں۔

ابو یعلی موصلی اپنی مسند میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث نقل کی ہے:

اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِىْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ. (مسند ابو یعلی الموصلی)

انبیا کرام رضی اللہ عنہم اپنی قبروں میں زندہ ہیں وہ نماز پڑھتے ہیں۔

انبیاء کرام کے اپنی قبروں میں زندہ ہونے کی واضح دلیل ہے کہ سب کا بیت المقدس میں نماز پڑھنا اور آسمانوں پر مختلف مقام پر ملاقاتیں کرنا ثابت ہے۔

امام بیہقی ارشاد فرماتے ہیں:

وَحُلُوْلُهُمْ فِىْ اَوْقَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ فِىْ اَمَاكِنَ مُتَعَدَّدَةٍ جَائِزٌ عَقْلًا، كَمَا وَرَدَ بِهٖ خَبَرُ الصَّادِقِ. (مرقاۃ المفاتیح ، کتاب الصلاۃ ، باب الجمعۃ ، الفصل الثانی ۳ : ۴۱۵)

اور ان کا مختلف اوقات میں کئی جگہوں میں اترنا (داخل ہونا) عقلا جائز ہے جیسا کہ سچی خبر میں وارد ہے۔

جیسے حدیث معراج میں ہے لہذا ثابت ہوا کہ سب نبی زندہ ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بدرجہ اولیٰ زندہ ہیں۔یہی بات حق ہے اور یہی اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے۔

Marfat.com

باب ہشتم:

امہات المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُنَّ

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَاَزۡوَاجُہٗۤ اُمَّہٰتُہُمۡ ط.....﴾ [احزاب ۳۳:۶]

یہ نبی ایمان والوں کے ساتھ ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں اور ان کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں۔

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسۡتُنَّ کَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَیۡتُنَّ.....﴾ [الاحزاب ۳۳:۳۲]

اے نبی کی (پاک) بیویو تم عورتوں میں سے کسی کی مثل نہیں اگر اللہ سے ڈرتی ہو۔ (اور یقیناً ڈرتی ہو)

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿.....اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡہِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَہۡلَ الۡبَیۡتِ وَیُطَہِّرَکُمۡ تَطۡہِیۡرًا۝﴾

[الاحزاب ۳۳:۳۳]

اللہ یہی ارادہ فرماتا ہے کہ اے رسول کے گھر والو تم سے ہر قسم کی ناپاکی کو دور فرما دے اور تمہیں اچھی طرح پاک کر کے خوب پاکیزہ کر دے۔

ازواج مطہرات ادب واحترام کے اعتبار سے سب مسلمانوں کی مائیں ہیں۔ ان کا اجمالی ذکر یہ ہے۔

Marfat.com

حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

سب سے پہلی زوجہ حضرت خدیجہ کبری بنت خویلد القرشیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ہیں۔ نبوت سے پہلے زوجیت میں آئیں اس وقت عمر 40 سال تھی مگر ان کی زندگی بھر رسول اللہ ﷺ نے دوسری شادی نہیں کی۔ وہ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ہی تھیں باوجود عورت ہونے کے نبوت کا بارگراں اٹھانے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مصائب وتکالیف برداشت کیں اور جان مال اس راہ میں خرچ کیا۔ ہجرت سے تین سال قبل انتقال کیا۔

حضرت سودہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

آپ کی وفات کے بعد حضرت سودہ بنت زمعۃ القریشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی کی انہوں نے ہی بعد کو اپنی باری کا دن حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کو دے دیا تھا۔

حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

پھر حضرت عائشہ صدیقہ بنت ابی بکر الصدیق (رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا) سے عقد کیا۔ ازواج مطہرات میں صرف یہی ایک جوان تھیں۔ سب سے زیادہ ذی علم تھیں۔ بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ سے فتوی لیتے تھے..... آپ کی یہ فضیلت کیا کم ہے کہ آپ کی طہارت وبراءت پر خود قرآن نے شہادت دی ہے۔

حضرت حفصہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

پھر حضرت حفصہ بنت عمر بن الخطاب (رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا) سے شادی کی۔

ابوداؤد نے روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے انہیں طلاق دے دی تھی مگر پھر رجوع کرلیا تھا۔

Marfat.com

حضرت زینب بنت خزیمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا:

ان کے بعد حضرت زینب خزیمہ بنت الحارث القیسیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا ہیں جو شادی کے دو ماہ بعد فوت ہو گئیں۔

حضرت ام سلمہ ہند بنت ابی امیہ القرشیۃ المخزومیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا:

حضرت ام سلمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا سے شادی ہوئی جو ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ عرصہ زندہ رہیں۔

حضرت زینب بنت جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا:

پھر حضرت زینب بنت جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا (قبیلہ بنی اسد) سے شادی کی یہ آپ کی پھوپھیری بہن یعنی امیمہ کی بیٹی تھیں۔

انہیں کے متعلق قرآن مجید میں آیت نازل ہوئی کہ

﴿..... فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰکَهَا.....﴾ [الاحزاب ۳۳ :۳۷]

پھر زید نے جب اس سے (اپنا تعلق قطع کرنے کی) غرض پوری کر لی تو ہم نے (عدت کے بعد) آپ کا نکاح اس سے کر دیا۔

وہ اس پر فخر کیا کرتیں اور دوسری بیویوں سے کہتیں تمہیں تمہارے ماں باپ نے بیاہا ہے مگر میرا رشتہ خود اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں پر جوڑا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اوائل خلافت میں انتقال کیا۔

حضرت جویریہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا:

پھر حضرت جویریہ بنت حارث رَضِیَ اللّٰہُ عَنہَا سے شادی کی جو بنی مصطلق کے

Marfat.com

قیدیوں میں سے تھیں جو اپنا فدیہ دینے میں مدد لینے کے لئے حاضر ہوئیں۔ آپ نے فدیہ ادا کر دیا اور عقد کر لیا۔

حضرت ام حبیبہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

پھر ام حبیبہ بنت ابی سفیان صخر بن حرب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ہیں جو عبداللہ بن جحش کی زوجیت میں تھیں۔ دونوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ شوہر نے مرتد ہو کر عیسائیت قبول کر لی مگر وہ اسلام پر ثابت قدم رہیں۔ آپ ﷺ کو خبر پہنچی تو نجاشی کو ان کی شادی کے لئے لکھا نجاشی نے خود ہی مہر ادا کیا اور شادی کر دی۔ یہ واقعہ 7ھ کا ہے۔

حضرت صفیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

ان کے بعد حضرت صفیہ بنت حیی بن اخطب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی ہوئی۔ یہ جنگ میں خاص آپ ﷺ کے حصہ میں کنیز ہو کر آئی تھیں آپ نے آزاد کر دیا اور اسی آزادی کو مہر قرار دے کر عقد کر لیا جس کے بعد یہ سنت پوری امت کے لئے قائم ہو گئی کہ انسان کنیز کو آزاد کر کے اس کی آزادی کو مہر قرار دے کر شادی کر لے۔

(زیادہ تفصیل کے لئے زرقانی شرح مواہب دیکھئے)

حضرت میمونہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا:

پھر حضرت میمونہ بنت حارث الہلالیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے شادی کی۔ یہ آخری شادی تھی۔ (مختصر زاد المعاد)

جب نبی کریم ﷺ کا وصال ہوا تو آپ کی 9 ازواج مطہرات زندہ تھیں۔ حضرت خدیجۃ الکبری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا مکہ شریف میں وفات پا گئی تھیں۔

Marfat.com

آپ ﷺ کی اولاد پاک:

سب سے بڑے بیٹے ابو قاسم، پھر زینب، پھر رقیہ، پھر ام کلثوم، پھر فاطمہ، پھر عبد اللہ (رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ اَجْمَعِیْن) یہ سب کے سب ام المؤمنین حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے تھے۔ کسی اور بیوی سے اولاد نہ ہوئی۔ البتہ آپ کی کنیز ماریہ قبطیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا سے مدینہ منورہ میں 8 ہجری کو حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے لیکن حالت شیر خوارگی ہی میں فوت ہو گئے۔ آپ کی تمام اولاد آپ کی حیات ہی میں فوت ہوئی بجز حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کے جو چھ ماہ بعد تک زندہ رہیں۔ طیب و طاہر یہ دونوں حضرت عبداللہ کے لقب تھے۔

Marfat.com

Marfat.com

باب نہم:

خصائص الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی وہ خصوصی فضائل جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مختص ہیں اور دیگر انبیاء کرام میں نہیں پائے جاتے ان کی تعداد تو بہت زیادہ ہے مگر صرف حصول ثواب کی خاطر بعض مشہور اور مستند خصائص یہاں ذکر کئے جاتے ہیں۔ اَقُوْلُ وَ بِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

سب نبیوں سے عہد لیا گیا:

چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

﴿وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ط قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ط قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۞﴾

[ال عمران ۳:۸۱]

اور (اے محبوب یاد کیجئے) جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا کہ جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر آئے تمہارے پاس (عظمت والا) رسول تصدیق کرنے والا اس چیز کی جو تمہارے ساتھ ہو تو ضرور ضرور تم اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا۔ فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری عہد قبول کیا؟ سب نے کہا ہم نے اقرار کیا فرمایا پس گواہ رہنا اور میں خود تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

اس آیت میں رسول سے مراد اکثر مفسرین کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن پر ایمان

Marfat.com

لانے اور مدد کرنے کا وعدہ نبیوں سے لیا گیا ہے تو یہ رسول کریم ﷺ کے لئے ایسی عظیم خصوصیت ہے کہ آپ ﷺ کے سوا دوسرے کسی نبی کو حاصل نہیں ہوئی۔

چنانچہ علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں:

وَ هٰذِهٖ خُصُوْصِيَّةٌ لَيْسَتْ لِاَحَدٍ مِّنْهُمْ سِوَاهُ. (الفصول ١٤٤)

سب کے رسول:

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا .....﴾ [اعراف ٧:١٥٨]

آپ فرما دیجئے! اے لوگوں بیشک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

﴿وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ .....﴾ [سبا ٣٤:٢٨]

اور (اے محبوب) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر (قیامت تک) تمام لوگوں کے لئے۔

سب کے لئے رحمت:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۞﴾ [الانبیاء ٢١:١٠٧]

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو (اے محبوب) مگر رحمت سارے جہانوں کے لئے۔

سب کے لئے نذیر و بشیر:

﴿ تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۞﴾

[الفرقان ٢٥:١]

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے فیصلہ کرنے والی کتاب اپنے (مقدس) بندے پر اتاری تا کہ وہ تمام جہانوں کے لئے ڈرانے والا ہو۔

Marfat.com

﴿يٰٓاَيُّهَاالنَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۞ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا ۞﴾ [احزاب ٣٣:٤٦-٤٥]

اے نبی بیشک ہم نے آپ کومشاہدہ کرنے والا اورخوشخبری سنانے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔اوراللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اورروشن کرنے والا آفتاب۔

سب سے آخری نبی:

نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍمِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۞ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۞﴾ [الاحزاب ٣٣:٤٠]

نہیں ہیں محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اورسب نبیوں کے آخراوراللہ ہر چیز کوخوب جاننے والا ہے۔

رفعت ذکر:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۞﴾ [الم نشرح ٩٤:٤]

اورہم نے آپ کے لئے آپ کا ذکر بلند کردیا۔

کلمہ شہادت،اذان واقامت،خطبات اورنمازوں میں ہرجگہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کا ذکر ہوتا ہے۔ہمیشہ سے آپ کا ذکر ہوتا ہے اور ہمیشہ ہوتا رہے گا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۞﴾ [الضحى ٩٣:٤]

Marfat.com

اور بیشک (ہر) پچھلی (گھڑی) آپ کے لئے پہلی سے بہتر ہے۔

کیونکہ دن بدن آپ ہی کا چرچا ہو رہا ہے مشرق ومغرب، جنوب وشمال، فرش وعرش بلکہ ہر جگہ آپ ﷺ ہی کی چرچا ہے۔

حیات کی قسم:

اللہ تعالیٰ نے آپ کی حیات کی قسم فرمائی ہے:

﴿ لَعَمْرُکَ اِنَّهُمْ لَفِیْ سَکْرَتِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ۞﴾ [الحجر ۱۵:۷۲]

(اے محبوب) آپ کی جن کی قسم بیشک وہ (کفار مکہ بھی قوم لوط کی طرح) اپنے نشے میں مدہوش ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کی حیات اس لائق ہے کہ اس کی قسم فرمائی جائے کیونکہ حیات رسول وہ ہے کہ جس میں عام اور خاص برکتیں ہیں اور یہ سب برکتیں کسی اور کی حیات میں ہرگز نہیں پائی جاتیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کے کلام کی قسم فرمائی ہے تو ان آیات میں رسول اللہ ﷺ کی بعض خصوصیات بیان کی گئی ہیں مثلاً رسالت عامہ، رحمت عامہ، ختم نبوت، رفعت حیات اور کلام کی قسم وغیرہ جو دوسرے انبیاء کرام میں نہیں پائی جاتیں۔ اسی طرح احادیث صحیحہ میں آپ کی بعض خصوصیات مذکور ہیں۔

سب سے پہلے نبی بنائے گئے:

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ!

مَتٰی وَجَبَتْ لَکَ النُّبُوَّةُ ؟ قَالَ: وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

الجامع الترمذی، ابواب المناقت حدیث، ۳۸۵۲

آپ کو کب نبوت ملی؟ فرمایا: اس وقت جبکہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی روح وجسم کے

Marfat.com

درمیان تھے یعنی ان میں روح نہیں پھونکی گئی تھی۔

اَیْ قَبْلَ تَعَلُّقِ رُوْحِهٖ بِجَسَدِهٖ وَالْمُرَادُ السَّبَقُ وَالتَّقَدُّمُ. (حاشیہ ترمذی)

یعنی روح کے جسم کے ساتھ تعلق ہونے سے قبل نبی تھے اور یہاں سبقت و تقدم مراد ہے۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْتُوْبٌ خَاتِمُ النَّبِيِّنَ، وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِيْنَتِهٖ ، وَ سَاُخْبِرُكُمْ بِاَوَّلِ اَمْرِیْ دَعْوَةُ اِبْرَاهِيْمَ، وَ بِشَارَةُ عِيْسٰى، وَرُؤْيَا اُمِّیَ الَّتِیْ رَاَتْ حِيْنَ وَضَعَتْنِیْ، وَقَدْ خَرَجَ لَهَا نُوْرٌ اَضَاءَ تْ لَهَا مِنْهُ قُصُوْرُ الشَّامِ.

(شرح السنة ، كتاب الفضائل ۷: ۳۵۲۰)

میں اللہ کے ہاں اس وقت آخری نبی لکھا ہوا تھا جب کہ آدم گوندھی مٹی میں پڑے تھے۔ (پیدا نہیں ہوئے تھے) میں تم کو اپنے امر کی ابتدا بتاتا ہوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں، حضرت عیسی علیہ السلام کی بشارت ہوں اور اپنی والدہ کا نظارہ ہوں کہ جب میں پیدا ہوا انہوں نے دیکھا کہ ایک نور ان سے نکلا ہے جس سے ملک شام کے محلات روشن ہو گئے ہیں۔

خصائص خمسہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِیْ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ، وَ جُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَ طَهُوْرًا فَاَيُّمَا رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِیْ اَدْرَكَتْهُ الصَّلٰوةُ فَلْيُصَلِّ ، وَ اُحِلَّتْ لِیَ الْمَغَانِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ ،وَ اُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ ، وَكَانَ النَّبِیُّ يُبْعَثُ اِلٰى قَوْمِهٖ خَاصَّةً وَ بُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً.

Marfat.com

البخاری ، کتاب التیمم ، باب ۱،حدیث ۳۳۵

المسلم ،کتاب المساجد و مواضع الصلاۃ ،۳

النسائی ، کتاب الغسل و التیمم ، باب التیمم بالصعید ، حدیث ۴۳۲

مجھے پانچ چیزیں عطا کی گئی ہیں جو اس سے پہلے کسی کو اللہ کی جانب سے عطا نہیں ہوئیں

(1) رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی جو ایک ماہ کی مسافت تک دشمنوں پر پڑتا ہے

(2) میرے لئے تمام زمین مسجد اور طہور بنائی گئی۔ میری امت کے ہر آدمی کو جہاں نماز (کا وقت) آجائے وہاں پڑھ لے۔

(3) مال غنیمت میرے لئے (حلال) ہے مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کیلئے درست نہیں تھا

(4) مجھے حق شفاعت ملا۔

(یعنی شفاعت عام جو محشر والوں کی پریشانی کے وقت ہوگی اور جس وقت سب پیغمبر لوگوں کو جواب دے دیں گے ورنہ شفاعت خاص تو اور لوگ بھی کریں گے۔ یا مراد وہ شفاعت ہے جو رد نہ ہوگی۔ یا وہ شفاعت جو رائی برابر ایمان والے کے لئے بھی فائدہ بخش ہو گی) (شرح النووی)

(5) اور ہر نبی صرف اپنی قوم کے لئے مبعوث ہوتا تھا اور میں تمام انسانیت کی طرف بھیجا گیا ہوں۔

خصائص ستہ:

سابقہ حدیث مبارکہ میں پانچ خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ اس سے تحدید و حصر مراد نہیں ہے دوسری حدیث میں چھ کا ذکر آیا ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فُضِّلْتُ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ: اُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ. وَنُصِرْتُ

Marfat.com

بِالرُّعْبِ. وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ .وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ طَهُوْرًا وَ مَسْجِدًا .وَ اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّةً. وَخَتَمَ بِیَ النَّبِیُّوْنَ. (المسلم، کتاب المساجد ، ٥)

کہ مجھے چھ باتوں کی وجہ سے دوسرے نبیوں پر فضیلت دی گئی ہے۔ مجھے وہ کلام ملا جس میں لفظ تھوڑے اور معنی بہت ہیں (کلام اللہ یا رسول اللہ کے کلمات)، اور میں مدد دیا گیا رعب اور دبدبہ سے، میرے لئے غنیمتیں حلال کی گئی ہیں، میرے لئے ساری زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ بنادی گئی، میں تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں اور میرے اوپر نبوت ختم کردی گئی کہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں کی طرح:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ والی حدیث میں تین فضیلتوں کا ذکر ہے ان میں سے تیسری چیز کا ذکر اس ارشاد میں ہے۔

.....جُعِلَتْ صُفُوْفُنَا کَصُفُوْفِ الْمَلٰٓئِکَةِ .....

المسلم کتاب المساجد و مواضع الصلاة ،٤

مسند احمد ، ٥: ٤٤٨ ، حدیث ٢٣٣١٣

ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں کی طرح کی گئیں ہیں۔

خزانوں کی کنجیاں عطا کی گئیں:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی خصوصی باتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

.....بَیْنَمَا اَنَا نَائِمٌ اُتِیْتُ بِمَفَا تِیْحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَتْ بَیْنَ یَدَیَّ .

المسلم ،کتاب المساجد ، حدیث ٦

Marfat.com

ایک مرتبہ میں سو رہا تھا کہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں لائی گئیں اور میرے سامنے رکھ دی گئیں۔

امام نووی لکھتے ہیں:

هٰذَا مِنْ اَعْلَامِ النُّبُوَّةِ، فَاِنَّهٗ اِخْبَارٌ بِفَتْحِ هٰذِهِ الْبِلَادِ لِاُمَّتِهٖ ، وَ وَقَعَ كَمَا اَخْبَرَ ﷺ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالْمَنَّةُ. (شرح المسلم للنووی ،ج ٥،ص ٥)

نیز محشی لکھتے ہیں:

اَرَادَ مَا فَتَحَ عَلٰى اُمَّتِهٖ مِنْ خَزَائِنِ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ.

(شرح المسلم للنووی ،٥: ٦)

سورہ بقرہ کی آخری آیات بھی عطا کی گئی۔

وَ اَخْرَجَ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَالطَّبْرَانِیُّ وَابْنُ مرْدَوَيْهِ وَالْبَيْهَقِیُّ فِی الشُّعَبِ بِسَنَدٍ صَحِيْحٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ يَقُوْلُ :اُعْطِيْتُ هٰذِهِ الْآيَاتِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ لَمْ يُعْطَهَا نَبِیٌّ قَبْلِیْ.

در المنثور ، سورة البقرة آیت ٢٨٦_٢٨٥، ج ١:ص ٦٦٨

مسند احمد ، ٥:٤٤٨ ، حدیث ٢٣٣١٣

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ فرماتے تھے کہ مجھے سورہ بقرہ کی یہ آخری آیات عرش کے نیچے کے خزانہ سے عطا کی گئی ہیں مجھ سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں کی گئیں۔

نبی ﷺ کا دائمی معجزہ:

آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ ہر نبی کا معجزہ اس کی ذات پر ختم ہو گیا مگر رسول اللہ ﷺ کا معجزہ آپ کے بعد قیامت تک باقی ہے اور وہ قرآن

Marfat.com

عزیز ہے جس کے الفاظ ومعانی دونوں معجزہ ہیں جس نے جن وانس کو چیلنج کیا کہ اس کی نظیر لائیں مگر سب عاجز آ گئے اور تا قیامت وہ اس پر قادر نہیں ہوں گے۔

اسراء ومعراج:

نبی کریم رووٴف ورحیم کی خصوصیات میں سے اسراء ومعراج بھی ہے کہ مکہ شریف، بیت القدس پھر وہاں سے لے گیا جہاں اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ اسراء کا ذکر سورہ بنی اسرائیل کے آغاز میں ہے اور معراج کا ذکر سورہ نجم میں ہے۔

امت کا اتفاق حجت ہے:

رسول اللہ ﷺ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ آپ کی امت جب کسی شرعی مسئلہ پر متفق ہو جائے تو امت کا قول خطاء سے معصوم ومحفوظ ہوگا اور اسے حق وصواب ٹھہرایا جائے گا جیسا کہ کتب اصول میں طے شدہ ہے۔ یہ آپ کی ایسی خصوصیت ہے جو آپ کی امت کے سوا کسی دوسری امت کو نصیب نہیں ہوئی۔ کیونکہ یہ امت اپنے رسول ﷺ کی وجہ سے امت خیر الامم ہے۔ (الفصول ١٤٤)

آپ قیامت کے دن سب سے پہلے اٹھیں گے:

آپ ﷺ کی یہ بھی خصوصیت ہے کہ روز قیامت سب سے پہلے آپ سے زمین کا پردہ چاک ہو گیا اور آپ باہر تشریف لائیں گے۔ قیامت کے روز جب لوگوں پر غشی طاری ہوگی تو رسول اللہ ﷺ سب سے پہلے ہوش میں آئیں گے۔ (الفصول :١٤٥)

روز قیامت آپ علم بردار ہوں گے:

ان خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ روز قیامت آپ کے ہاتھ میں بہت بڑا جھنڈا ہوگا۔ آپ اور آپ کی امت کو دیگر امتوں سے الگ ایک بلند جگہ پر اٹھایا جائے گا۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ آپ کو اور آپ کی امت کو محشر میں سجدہ کرنے کی اجازت دے گا۔ دوسری امت کو اجازت نہیں ہوگی جیسا کہ ابن ماجہ میں مذکور ہے۔ (الفصول ١٤٦)

آپ صاحب الحوض ہوں گے:

آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ آپ ﷺ روز قیامت حوض کے مالک ہوں گے اور لوگ اس پر پانی پینے کے لئے آئیں گے۔ ترمذی اور دیگر محدثین نے روایت کیا ہے کہ ہر نبی کا ایک حوض ہوگا مگر ہمیں معلوم ہے کہ آپ کا حوض سب سے بڑا ہوگا اور اکثر پانی پینے والے اس پر وارد ہوں گے۔ (فصول ١٤٦)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۞ ﴾ [الکوثر ١٠٨:١]

(اے حبیب) بیشک ہم نے آپ کو خیر کثیر عطا فرمائی۔

دنیا بھر میں افضل جگہ کون سی ہوگی؟

جس شہر (مکہ مکرمہ) میں آپ، مبعوث ہوئے وہ روئے زمین پر سب سے افضل جگہ ہے۔ اس کے بعد آپ کی ہجرت گاہ (مدینہ منورہ) بقول جمہور سب سے افضل ہے۔ بعض علماء کے نزدیک آپ کی ہجرت گاہ (مدینہ منورہ) افضل ترین جگہ ہے جیسا کہ امام مالک اور ان کے جمہور اصحاب سے منقول ہے۔ قاضی عیاض نے امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے اسی طرح نقل کیا ہے۔ بقول ان کے اس بات پر علماء کا اجماع ہے کہ آپ کی قبر جس میں آپ کا جسد مبارک مدفون ہے سب سے افضل جگہ ہے۔ ان سے پہلے اس اجماع کو قاضی ابو الولید الباجی (متوفی 474ھ) ابن بطال (متوفی 449ھ) اور دیگر علماء نے نقل کیا ہے۔ (فصول ١٤٦)

Marfat.com

وَجُعِلَتْ اُمَّتِیْ خَیْرُ الْاُمَمِ. (فتح المبدی ۱:۱۷۵)

اور میری امت کو تمام امتوں سے افضل بنایا گیا۔

یہاں صرف چند خصوصیات کا ذکر کیا گیا ہے زیادہ تحقیق و تفصیل کے لئے دیکھئے خصائص صغریٰ، خصائص کبریٰ ،مواہب اللدنیہ اور سبل الہدی والرشاد وغیرہ جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بے شمار خصوصیات مذکور ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

باب دہم:

معجزات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

جامع صفات ہستی:

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جامع معجزات کثیرہ، جامع کمالات جلیلہ اور جامع صفات حمیدہ کے ساتھ متصف فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو معجزات دیئے ہیں وہ تمام انبیاء کرام کے معجزوں سے بہت ہی زیادہ ہیں۔ یہاں صرف چند معجزات کی طرف اشارہ کر دینا ہی حصول ثواب کے لئے کافی ہوگا۔

معجزات:

علامہ عبدالعزیز پرہاروی رَحِمَهُ اللّٰه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کے متعلق لکھتے ہیں

وَقَدْ رُوِيَتْ خَوَارِقُ لَا تُحْصٰى عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم كَتَكَلُّمِ الْبَهَائِمِ مَرَّاتٍ وَالْاَحْجَارِ مَرَّاتٍ وَالْاَشْجَارِ مَرَّاتٍ وَشَهَادَةِ الْكُلِّ بِنُبُوَّتِهٖ وَبُكَاءِ جِذْعِ النَّخْلِ يَوْمَ تَرْكِ الْاِتِّكَاءِ بِهٖ وَاِشْبَاعِ الْخَلْقِ الْعَظِيْمِ مِنْ طَعَامٍ قَلِيْلٍ مَرَّاتٍ عَدِيْدَةٍ وَ نُبُوْعِ الْمَاءِ مِنْ اَصَابِعِهٖ حَتّٰى كَفٰى قَوْمًا كَثِيْرًا وَ شِفَاءِ الْاَمْرَاضِ الصَّعْبَةِ مِنْ لَمْسِهٖ فِى السَّاعَةِ وَالْتِيَامِ الْجَرَاحَاتِ وَالْعِظَامِ الْمُنْكَسَرَةِ وَالْاَعْضَاءِ الْمَقْطُوْعَةِ فِى اللَّحْظَةِ وَاِظْلَالِ الْغَمَامَةِ وَانْشِقَاقِ الْقَمَرِ وَالْاِخْبَارِ بِالْمُغَيَّبَاتِ الْكَثِيْرَةِ جِدًّا اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ مِمَّا جَمَعَهُ اَهْلُ الْحَدِيْثِ فِىْ مُجَلَّدَاتٍ وَصَرَّحُوْا بِاَنَّ مَا تَرَكُوْهُ اَكْثَرُ مِمَّا ذَكَرُوْهُ . (النبراس: ۴۴۱۔۴۴۰)

Marfat.com

کہ نبی ﷺ کے بے شمار اور خوارق و معجزات بیان کئے گئے ہیں جیسے جانوروں پتھروں اور درختوں کا کئی بار کلام کرنا، سب کا آپ کی نبوت کی گواہی دینا، کھجور کے خشک تنے کا رونا جس دن آپ نے اس کے ساتھ تکیہ لگانا چھوڑ دیا تھا، بڑی مخلوق کا بہت تھوڑے کھانے پر بہت دفعہ شکم سیر ہو جانا، (غزوہ خندق میں یہ واقعہ پیش آیا تھا) آپ کی مبارک انگلیوں سے پانی کا جاری ہونا یہاں تک کہ بہت سے صحابہ کے لئے کافی ہوا، (پتھروں سے پانی کا جاری ہونا اتنا تعجب خیز نہیں جتنا کہ گوشت وخون سے پانی کے چشموں کا جاری ہونا عجیب تر ہے) سخت بیماریوں سے مریضوں کا اسی وقت چھونے سے ان کا شفاء پانا (مثلاً حضرت قتادہ کی آنکھ کا واقعہ ہے) زخموں کا مل جانا، شکستہ ہڈیوں کا جڑنا اور کٹے ہوئے اعضا کا اسی وقت جوڑ دینا، بادلوں کا سایہ کرنا (جو ترمذی اور دارمی میں مذکور ہے) چاند کا دو ٹکڑے ہو کر مل جانا، (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴾ [القمر ٥٤:١] قیامت قریب آ گئی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا)، ماضی اور مستقبل کے متعلق غیب کی بہت زیادہ خبریں دینا اور ان کے سوا بہت سے معجزے ہیں جن کو محدثین نے بڑی بڑی کتابوں میں جمع کیا ہے اور یہ بھی انہوں نے تصریح کر دی ہے کہ بہت سے معجزات کا ذکر ترک کر دیا ہے۔

قرآن عظیم کا معجزہ ہونا:

یہاں صاحب نبراس نے دس سے زائد معجزے بیان کئے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی معجزات ہیں اور قرآن عظیم تو تمام معجزات کا جامع ہے۔

پتھروں کا سلام کرنا، آپ کی دعا سے بارش کا ہونا، تھوڑے سے دودھ کا کافی ہونا کہ سب نے پیٹ بھر کر پیا، جنگلی وحشی جانوروں کا احترام کرنا، شیر کا خادم رسول کی تعظیم کرنا، جن کا بھاگ جانا کہ آپ کی دعا کرنے سے ایک بچے سے جن نکل گیا، اندھوں کا آپ کی دعا سے

Marfat.com

شفاء پانا، لعاب دہن سے شفاء پانا، لعاب دہن شریف سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں کا صحیح ہو جانا۔ جھوٹے پانی سے بچے کا شفاء پانا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو غیب کی خبریں دیں ان سب کا پورا ہونا۔ (ھذا الحبیب ٤٩٤)

غیب کی خبریں دینا:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات سے یہ امر بھی ہے کہ مخفی امور اور جو کچھ گزرا ہے سب پر آپ کو مطلع فرمایا گیا اور جو کچھ ہوگا اس سے بھی خبردار کیا گیا۔

قاضی عیاض شفا شریف میں فرماتے ہیں:

وَالْاَحَادِیْثُ فِیْ هٰذَاالْبَابِ بَحْرٌ لَا یُدْرَکُ قَعْرُهٗ وَ لَا یُنْزَفُ غَمْرُهٗ وَ هٰذِهِ الْمُعْجِزَةُ مِنْ جُمْلَةِ مُعْجِزَاتِهِ الْمَعْلُوْمَةِ عَلَى الْقَطْعِ الْوَاصِلِ اِلَيْنَا خَبَرُهَا عَلَى التَّوَاتُرِ لِكَثْرَةِ رُوَاتِهَا وَاتِّفَاقِ مَعَانِيْهَا عَلَى الْاِطِّلَاعِ عَلَى الْغَيْبِ

الشفاء ، فصل و من ذلك ما اطلع عليه من الغيوب و ما يكون (٢٠٦:١)

اس سلسلہ میں اتنی احادیث وارد ہیں کہ جن کا شمار اور احاطہ کرنا ناممکن ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے جو قطعی علم اور تواتر کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔ تمام راوی اس بات پر متفق ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب پر مطلع فرمایا گیا تھا۔

یہاں چند مثالیں حصول برکت کے لئے پیش کی جارہی ہیں۔ چنانچہ علامہ ابن حزم ظاہری اندلسی متوفی ٤٥٦ھ لکھتے ہیں۔

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر دینا:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے بارے میں خبر دینا کہ ان کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فوج میں تھے تو باغیوں کے ہاتھوں جنگ

Marfat.com

صفین میں شہید ہوئے۔

باغی کس کو کہتے ہیں؟

باغی اسلام سے خارج نہیں ہوتا بلکہ مؤمن ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ج فَاِنْ م بَغَتْ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى..... ﴾ [الحجرات ۴۹:۹]

اور اگر ایمان والوں کی دو جماعتیں آپس میں قتال کریں تو ان میں صلح کرادو پھر اگر ایک ان میں سے دوسری پر زیادتی کرے۔

وَيْحَ عَمَّارٍ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ.

البخاری ، کتاب الصلاۃ ، باب ۶۳ التعاون فی بناء المسجد ، حدیث ۴۴۷

المسلم ، کتاب الفتن و اشراط الساعة ، باب لا تقوم الساعة ، حدیث ۷۰

الترمذی ، ابواب المناقب ، باب ۱۱۰۔ حدیث ۴۰۵۲

مسند احمد ، ۲: ۲۱۸ ، حدیث ۶۵۰۶

عمار پر افسوس ہے اسے باغی جماعت شہید کرے گی۔

امام ابوالمعین میمون نسفی لفظ ''باغی'' کے معنی بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

مَعْنَاهُ الْفِئَةُ الطَّالِبَةُ دَمَ عُثْمَانَ يُقَالُ بَغٰى اِذَا طَلَبَ (تبصرة الادله ۲:۷۷۹)

اس کا معنی ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا مطالبہ کرنے والا گروہ جیسے کہا جاتا ہے بَغٰى جب طلب کرے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت دینا:

آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جنت کی خوشخبری دی۔ بشارت کے ساتھ فتنہ فساد سے

Marfat.com

دوچار ہونے کی اطلاع بھی دی۔ چنانچہ وہ اپنا زمانۂ خلافت میں اس امتحان سے دوچار ہوئے
ور شہید ہوئے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کی خبر دینا:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ خبر دینا کہ اللہ تعالیٰ دو بڑی جماعتوں میں ان کے ذریعے صلح کرائے گا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیش گوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چھ ماہ بعد اسی طرح پوری ہوئی اور ان کے ذریعے دو بڑی جماعتوں میں صلح ہوئی۔

راہ خدا میں لڑنے والے کو جہنمی ہونے کی خبر دینا:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص کے بارے میں جو اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا یہ بتانا کہ یہ اہل جہنم سے ہے چنانچہ ایسے ہی ہوا۔ یہ شخص اس جنگ میں زخمی ہوا اور اس نے اسی حالت میں خودکشی کر لی۔ یہ تمام وہ خبریں ہیں جو بغیر علم غیب کے کسی دوسرے ذرائع نجوم، قیافہ اور کہانت وغیرہ سے نہیں دی جا سکتیں۔

سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کو بشارت دینا:

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں آپ کا یہ خبر دینا کہ اس کو کسری کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں کسری فتح ہونے کے بعد جب مال غنیمت میں کسری کے کنگن آتے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو بلاتے ہیں اور کنگن پہناتے ہیں۔

اسود عنسی کے قتل اور قاتل کی خبر دینا:

اسود عنسی کذاب کے قتل کئے جانے کی خبر دینا چنانچہ آپ کی خبر کے مطابق یمن میں بمقام صنعاء مارا جاتا ہے۔ جس کے ہاتھوں وہ مارا جاتا ہے اس کے بارے میں بھی آپ نے

Marfat.com

بتایا تھا کہ فلاں شخص قتل کرے گا۔

حضرت نجاشی رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر دینا:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نجاشی کی وفات کے بارے میں خبر دینا حالانکہ آپ کے اور اس کے درمیان کئی دن کی مسافت کا فاصلہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم بقیع کی طرف گئے۔ وہاں جا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے دعا مغفرت کی۔ (یعنی نماز جنازہ پڑھی) بعد میں معلوم ہوا کہ جس دن آپ نے اس کے مرنے کی خبر دی اسی دن اس کی موت واقع ہوئی تھی۔

حضرت فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا کو جلدی ملاقات کی خبر دینا:

